۳۴۹

گنجینۂ صداقت

860

برائے کتب خانہ وقف ... سید منظور علی ...

مکمل گنجینہ حکمت طلسمی اردو
مطبوعہ

رجسٹری شدہ

... اوّل ... خیر ...

... جہاندار جان آفرین

١٩١٧ء

... بر زبان آفرین

بتوفیق بلاع بیمثال و مخترع گوناگون اشکال سے کتاب لاجواب

مفتوحات نمونہ قدرت خالق مسمی بہ

مکمل گنجینہ حکمت طلسمی اردو

مؤلفہ و مصنفہ جامع العلوم فضلیہ و منبع الفنون کمالیہ جالینوس زمان افلاطون
دوران طبیب حاذق حکیم سید فضیل حسین خلف الرشید حکیم حاذق سید ضامن علی صاحب طلسمی
سابق ملازم سرکار دولتمدار ریاست پٹیالہ حال وارد لاہور

حسب فرمائش ملک غلام محمد صاحب تاجر کتب

کشمیری بازار لاہور
... مطبع ... نے ... سٹیم پریس فی بلدۂ لاہور ...
بار دوم تعداد ٥٠٠٠ ... ١٠٠٠

مختصر فہرست کتب دکان ملک غلام محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

سوانح عمری رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم

یہ مبسوط سوانح عمری دو سو سے زیادہ صفحوں پر ختم ہے اس میں آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی مبارک کے حالات درج کرنے کے علاوہ آن حضرت کی نبوت فلسفہ حسی سے ثابت کی گئی ہے۔ نیز ان اعتراضات کے جو دیگر مذاہب کے متعصب اشخاص آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کرتے ہیں نہایت مہدبانہ پیرایہ میں جواب دیئے گئے ہیں۔ قیمت صرف ایک روپیہ

سوانح عمری حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

یہ سوانحعمری سو صفحہ سے زیادہ پر ختم ہے اس میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی زندگی کے حالات لکھنے کے علاوہ شیعوں کے ان اعتراضات کے جو وہ آپ پر کرتے ہیں نہایت خوبی سے جواب دیئے۔ قیمت صرف ۶/

سوانحعمری حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

یہ سوانح عمری بھی سو صفحہ سے زائد صفحوں پر ختم ہے اس میں بھی شیعوں کے اعتراضات کے جواب دیئے گئے ہیں۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۶/

سوانح عمری ذوالنورین رضی اللہ عنہ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی زندگی کے تمام حالات مفصل طور سے درج ہیں مصنف نے زمانہ ماضی کے حالات کا عین فوٹو کھینچ دیا ہے۔ قیمت بالکل کم یعنے جلد صرف آٹھ آنہ ۶ پائی ہے۔ قیمت ۸/

سوانح عمری حضرت علی رضی اللہ عنہ

یہ سوانح عمری جناب حضرت علی رضی اللہ عنہ نہایت خوشخط اور عمدہ کاغذ پر چھپ کر تیار ہے۔ اگر آپ اپنے اسلامی جرنیل کے حالات سے پوری پوری واقفیت چاہتے ہیں تو اسے منگا یئے۔ قیمت صرف آٹھ آنے ۶ پائی

تفریح الخاطر یعنی حضرت غوث الاعظم

کی سوانح عمری۔ اس میں آنجناب کے حالات زندگی نہایت تفصیل سے درج ہیں جو معتبر اور مستند کتب سے جمع کئے گئے ہیں قیمت صرف چھار آنہ ۴/

شمشیر اسلام

ناظرین کرام موجودہ جنگ اور قتل وخونریزی کے زمانہ میں شمشیر اسلام کی سرخی دیکھ کر چونکنے نہ ہو یہ تلوار نہیں بلکہ ایک کتاب کا نام ہے۔ جو مولوی محمد بشیر صاحب صدیقی مولوی فاضل نے مختلف تاریخوں اور کتابوں سے حضرت خالد بن ولید ملقب بہ سیف اللہ کے حالات زندگی کے متعلق مرتب کی ہے حضرت خالد دنیا سے اسلام میں کیا درجہ و مرتبہ رکھتے تھے۔ اس کی تشریح کے لئے صرف سیف اللہ کا دو لفظی خطاب کافی ہے۔ جو اس فاتح بلاد و امصار کو آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عطا فرمایا تھا۔ اس دلیر اور بہادر اسلامی کے حالات زندگی مسلمانوں کے لئے جیسے کچھ مفید اور سبق آموز ہو سکتے ہیں اُن کے اظہار کی ضرورت نہیں۔ اس کتاب حضرت خالد کی جملہ فتوحات اور معرکہ آرائیوں کا مختصر لیکن جامع تذکرہ درج ہیں۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ اعلےٰ۔ قیمت صرف چھ آنے ۶/ محصول ڈاک ذمہ خریدار۔

دیباچہ

بعد حمد پروردگار و نعت سرور کائنات اس مسکین ذرہ بیمقدار نے اکثر رسالہ جات فن علم حکمت میں تصنیف کئے۔ الحمد للہ کہ وہ سب مقبول خلایق ہوئے۔ اور جو راز حکمت کا سینہ بسینہ چلا آتا تھا عاجز نے اُس کو بڑی محنت و مشقت سے جمع کر کے مکمل گنجینہ حکمت طلسمی نام رکھا اور اُس میں کل مشرح معہ علم تشریح و علاجات فصل وار سر سے پاؤں تک معہ کشتہ جات مجربہ بیان کئے ہیں۔ جو ہر فرد بشر آسانی سے بخوبی سمجھ سکتا ہے امید ہے کہ شائقین بعد ملاحظہ کتاب اس عاجز کو محنت کی داد دینگے۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف؟

الراقم حکیم سید فضل حسین خلف حکیم حاذق سید ضامن علی صاحب طلسمی لاہور

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مکمل گنجینہ حکمت طلسمی

فصل پہلی تشریح انسان میں

استخوان ۲۴۸ تمام بدن انسان میں ہیں۔ اور انسان کی جلد میں سوراخ مسامات بیس لاکھ سے زیادہ ہیں اور پسینہ ان نالیوں کے راستے آتا ہے۔ اور جگر سے خون اس قدر ایک منٹ میں گذر جاتا ہے جسقدر تمام جسم میں ہوتا ہے۔ اور پھیپھڑوں کی کل سمائی تین سو بتیس مکعب انچ کے برابر ہے معمولی نفس کے ہر نفس میں قریب قریب دو تہائی ایک پیمانہ پیٹ کی ہوا اندر جاتی آتی ہے معدہ ہر روز ۵ پونڈ یعنے ڈھائی سیر کے قریب عرق ہاضم ہاضمہ کیواسطے تیار کرتا ہے۔ اور انسان کے جسم میں پانسو ۵۰۰ سے زیادہ اعصاب ہیں۔ اور اسقدر وریدیں اور اسقدر شریانیں ہیں۔ دل کا وزن آٹھ سے دس اونس تک ہوتا ہے۔ رات دن کے چوبیس گھنٹوں میں ایک لاکھ مرتبہ دھڑکتا ہے۔ اور تمام پسینے کی نالیاں قریب ایک لاکھ چوتھائی انچہ کی لمبائی میں ہوتی ہیں۔ اور یہ تمام ملاکر قریب ۹ میل کے لمبی ہو جاتی ہیں۔ اوسط آدمی ہر روز قریب ساڑھے ۵ پونڈ پونے تین سیر کے کھانا اور پانی پیتا ہے جوکہ سال بھر میں قریب ۸۰ من پختہ کے کھانا اور پانی ہوتا ہے۔ ہر ایک شخص ایک منٹ میں ۱۸ مرتبہ دم لیتا ہے۔ ۲۰ ہزار کعب منٹ اپنی زندگی کے گھنٹہ میں نفس کے کام میں لاتا ہے۔

فصل دوسری علاج دماغ کے بیان میں

اطریفل کشنیزی۔ دردسر اور دوران اور آنکھوں کی بیماری کیواسطے مفید ہے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ کشنیز مقشر۔ سب کو برابر کوٹ چھان کر گھی میں چرب کرکے سہ چند شہد خالص میں توام کرکے معجون بناکر خوراک ایک تولہ ہمراہ دودھ گاؤ۔ نہار منہ کھانا مجرب ہے۔ **نوع دیگر۔ اطریفل ملین**۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ اور اخلاط فاسدہ کو معدہ اور دماغ سے نکالتا ہے۔ اور صداع اور کان کی پھنسیاں اور آنکھ کی تاریکی کو فائدہ کرتا ہے۔

پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زرد۔ پوست آملہ۔ بہیڑا۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہر ایک ۳ دام گل سرخ۔ سنا مکی۔ تربد مجوف۔ خراشیدہ ہر ایک ایک دام۔ سونٹھ نیم درم سب کو کوٹ چھانکر روغن بادام میں چرب کرکے سہ چند شہد۔ یا قند ملاکر خوراک موافق مزاج۔ **نوع دیگر**۔ برائے نزلہ و زکام ص چاول مدار کے دودھ میں ملاکر سایہ میں خشک کرکے ہولاس بناکر ہولاس لیویں مجرب ہے۔ **نوع دیگر** واسطے دردسر ہر قسم یہ سفوف مجرب ہے ص کشنیز۔ مغز بادام۔ شکر سفید سب کو کوٹ کر سفوف بناکر خوراک ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ دودھ گاؤ نہار منہ کھانا مجرب ہے۔ **نوع دیگر**۔ حب جدوار۔ نزلہ و زکام اور اشتہا کو کو زیادہ کرتی ہے۔ مجربات جناب حکیم ضامن علی صاحب ص۔ جدوار خطائی اجوائن۔ افیون۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ رب السوس۔ فلفل سیاہ۔ دانہ الائچی سفید سنبل الطیب۔ خولنجاں۔ دار فلفل۔ عقرقرحا۔ زعفران۔ ہر یک ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھانکر شہد خالص میں گولیاں برابر نخود کے بناکر ایک گولی صبح

اور ایک شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر حب جدوار زعفران جدوار خطائی۔ افیون۔ خولنجان سنبل الطیب۔ مروارید ناسفتہ۔ عنبر اشہب عقر قرحا۔ تنز و خطائی۔ ۲ ماشہ۔ ہر یک ۳ ماشہ۔ فرفیون ۱ ماشہ۔ سب کوٹ کر گولیاں برابر مسور کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک گولی ہمراہ پانی کے کھانا۔

نوع دیگر حب صرع یعنی مرگی نہایت مجرب ہے رص) صبر ۲ تولہ غاریقون ۱ تولہ۔ تخم شحم حنظل سقمونیا۔ مصطگی رومی۔ سنبل الطیب ہر یک ایک تولہ سب کو کوٹ کر گودہ گھیکوار میں ملا کر گولیاں بقدر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی گرم کے کھانا مجرب ہے۔ **نوع دیگر** جوارش برشعثائی یہ ۲۰ بیماریوں میں اسکا اثر فی الفور ظاہر ہوتا ہے نزلہ زکام۔ مقوی دماغ وصرع۔ رعشہ۔ سبات سہری و نسیان۔ مالیخولیا و ہذیان۔ سیلان لعاب۔ قولنج۔ درد معدہ ولاغری بدن وغیرہ وغیرہ امراض میں بہت ہی مجرب ہے رص) فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ بذرالبنج سفید افیون۔ زعفران سنبل الطیب۔ عاقر قرحا۔ فرفیون۔ سب دواؤں کو برابر کوٹ چھانکر شہد خالص میں ملا کر تین ماہ جو میں رکھیں پھر استعمال کرنا اس کا اچھا ہے۔ خوراک ا سرخ سے ۳ سرخ تک ہمراہ پانی گرم کے کھانا بہت مجرب ہے

نوع دیگر حب جو فالج لقوہ کیواسطے مجرب ہے رص) لعاب ریحان ۵ تولہ روغن کنجد ۱ تولہ میں جوش کرکے جب روغن رہجاوے پھر اس روغن کا استعمال کرنا چاہیئے۔ مجرب ہے۔ **نوع دیگر** حریرہ مقوی دماغ۔ نخود بریاں مقشر ۵ تولہ پیسکر ایک تولہ روغن بادام میں بھون کر پھر نشاستہ۔ خشخاش سفید ہر یک ۳ تولہ۔ قند سفید ۵ تولہ۔ دودھ گائے پاؤ تار میں حریرہ بنا کر روغن زرد ۲ تولہ میں بھگار کر نیم گرم پینا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ تریاق نزلہ دافع کھانسی

(ص) اسطخودوس۔ گل گاؤزبان۔ حب الآس۔ کشنیز خشک۔ تخم کاہو۔ بذر البنج
پوست خشخاش ہر ایک ۹ ماشہ۔ ان کو رات بھر پانی میں رکھکر پھر جوش کر کے
چھانکر پھر ان ادویہ کو ملانا گل سُرخ۔ کشنیز خشک۔ نشاستہ۔ صمغ عربی
رب السوس۔ کتیرا ہریک ۲ ماشہ۔ مغز بہیدانہ ۳۱ ماشہ۔ صاف قند سفید۔ تار
باریک کرکے ملاکر معجون بناکر خوراک ۳ ماشہ صبح اور ۲ ماشہ شام ہمراہ دودھ
گاؤ گرم کرکے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ معجون واسطے فالج ولقوہ کے بہت
مجرب ہے۔ (ص) دارفلفل۔ فلفل گرد۔ فلفل مویا۔ زنجبیل ہریک ایک تولہ۔
قسط تلخ ۶ ماشہ۔ اندرجو۔ شونیز۔ عاقرقرحا۔ ہر ایک ایک تولہ۔ پودینہ کوگل
ہریک ۲ تولہ۔ نیلوفر ایک تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ خشخاش ۲ تولہ۔ پوست
خشخاش ایک تولہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ قسط شیریں ا تولہ
سب کو پیسکر شہد نیم آثار میں ملاکر معجون بناکر خوراک ۲ ماشہ صبح اور ۲ ماشہ
شام ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ کے کھانا مجرب ہے۔ **نوع دیگر**۔ حب لقوہ
و فالج کے واسطے مجرب ہے۔ (ص) دارفلفل۔ نمک سانبر ہریک ۲ ماشہ
افیون تین ماشہ۔ کباب چینی۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ دارچینی
۲ ماشہ سب کو پیس کر گولیاں برابر نخود کے بناکر ایک
گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی گرم کے کھانا مجرب ہے
نوع دیگر۔ ہولاس صاحب نزلہ وزکام کے واسطے بہت ہی
مجرب ہے (ص) جند بیدستر۔ جوتری۔ جائفل ہریک ایک ماشہ
ناگیسر ۹ ماشہ۔ کشمیری پتھہ ۲ ماشہ۔ سب کو پیسکر ہولاس بناکر
ناک میں ہولاس لیویں مجرب ہے۔

فصل تیسری آنکھوں کے بیان میں

نوعدیگر۔ برائے غبار چشم۔ شورہ قلمی ۲ ماشہ چینی، پھٹکڑی ہر یک ۲ ماشہ سب کو جلاکر بطور سرمہ کے پیسکر آنکھ میں لگائیں بہت مجرب ہے۔ نوعدیگر کشتہ جست، شورہ قلمی۔ کافور۔ پھٹکڑی بریان۔ طوطیا بریان۔ مصری کالپی رسونت۔ افیون ہر یک ۲ ماشہ شیرہ برگ نیب میں کھرل کریں۔ اور وقت حاجت پر سلائی سے آنکھ میں ڈالیں مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ واسطے پھولہ و جالا۔ مروارید ۳ ماشہ۔ گل چنبیلی ۱۰ عدد۔ فلفل سیاہ ۱ ماشہ۔ عرق لیموں کاغذی، شبنم، سرمہ۔ ہر یک ایک تولہ۔ کھرل کریں، سلائی سے آنکھ میں لگائیں مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ واسطے دھند و جالہ و پھولہ چشم۔ غنچہ چنبہ ۲ تولہ سیماب ۱ تولہ۔ رسوت ایک تولہ، شورہ قلمی ۲ ماشہ۔ زرد چوب ایک تولہ۔ انار دانہ ۲ تولہ۔ برگ حنا ۱۰ تولہ۔ آب خالص ایک سیر رات کیوقت تر کریں، سب ادویہ کو کھرل کرکے سرمہ بنادیں، مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ دار فلفل۔ فلفل گرد شب یمانی بریان، زبدالبحر، چینی سفید۔ رسوت، شورہ قلمی ہر یک ۲ تولہ برگ نیب تازہ ۵ تولہ، کنج سفید ۲ تولہ۔ غنچہ چنبہ ۵ تولہ شیاف بنادیں۔ اور آب خالص میں گھسکر آنکھ میں لگادیں۔ سات روز میں انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوجائے گی۔ مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ برائے سبل و آتشک و سرخی چشم، طوطیا سبز شحم حنظل، رسونت ہر یک ایک تولہ پانی میں گھسکر گولی بنادیں۔ بوقت ضرورت چشم میں لگادیں بہت مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ برائے آشوب چشم سلودھ پٹھانی ۲ ماشہ کافور ۲ ماشہ برادہ صندل ۲ ماشہ، عرق گلاب ۴ ماشہ۔ ڈالیں آنکھ پر ضماد یعنے لیپ کریں مجرب ہے نوعدیگر۔ برائے نزول الماء چشم و درد شتی چشم۔ غنچہ چنبہ ۴ تولہ۔ پارہ۔ رسوت

ہر یک ایکتولہ۔شورہ قلمی ۶ماشہ۔گندھک یک عدد۔ انار دانہ ۲۰ تولہ۔ برگ حنا۔ ۲ تولہ سب ادویہ کو کھرل کریں۔ اور سرمہ بناویں وقت حاجت آنکھ میں لگادیں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ناخونہ چشم۔ غنچہ بید انجیر۔ زیرہ سفید ہر یک ایک ماشہ۔ دونوں کی کپڑے میں پوٹلی باندھ کر قطرہ آنکھ میں ڈالیں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے دفعہ درد چشم۔ چوب لہسوڑہ ۱ ماشہ۔ برگ نیب ۳ ماشہ۔ قند سیاہ ایک تولہ۔ پیسکر کان میں ڈالیں۔انشاءاللہ تعالےٰ شفا ہو جاویگی۔ نوع دیگر۔ برائے دھند وغبار وناخونہ چشم۔ نبات سفید مرچ سفید۔ الائچی سفید۔ سرمہ سفید۔ سنگ بصری رمغز تخم سرش۔ کلی انبہ ہر یک ۲ ماشہ کوڑی زرد ۸ عدد مثل سرمہ بناویں۔ اور آنکھ میں لگاویں۔ مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے شب کوری۔ چرک گوش آدمی۔ پوست ہلیلہ ہر ایک ۱ ماشہ۔ شیر عورت میں گھسکر آنکھ میں لگاویں مجرب ہے۔ نوع دیگر حب سرخ در امراض چشم۔ گیرو ۴ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ زنجبیل۔ صمغ عربی ہر یک ۱ سرخ سب کو کوٹ چھانکر ضماد کریں۔ نوع دیگر۔ برائے امراض چشم پھٹکڑی ۱ دام۔ افیون ایک دام۔ رسوت ۴ دام۔ برگ نیب ۵ عدد۔ زعفران ۵ سرخ سب کو پیسکر گہرائی آہنی کچھ قدرے آب خالص داخل کریں اور لوہے کے دستے سے خوب کھرل کریں۔ پھر آگ پر رکھیں جب پانی جل جاوے۔ صبر ۴ درم داخل کریں بطور شیاف استعمال کریں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے آشوب چشم۔ نیلا تھوتھہ۔ قرنفل۔ افیون ہر ایک ۱ ماشہ گھسکر آنکھ پر ضماد کریں۔ نوع دیگر۔ برائے پھولہ وجالا وغبار چشم۔ افیون خالص۔ رسوت۔ پھٹکڑی۔ سنگ گرنڈر۔ طباشیر ہر یک ۶ ماشہ۔ عرق ۲۰ تولہ میں کھرل کرکے شیاف بناویں وقت حاجت آنکھ میں لگادیں مفید ہے

نوعد یگر۔ برائے چشم پھولہ۔ مونج ۴ سرخ زنگر ز دل سے لیکر قطرہ قطرہ کریں
زیرہ سفید ۱ سرخ۔ شورہ قلمی ۴ سرخ پوٹلی باندھکر پانی میں تر کریں
۳ بار قطرہ قطرہ آنکھ میں ڈالیں۔ مفید ہے۔ نوعد یگر۔ برائے ضعف بصر
مامیراں ۳ ماشہ۔ برگ نیب سبز ۱ تولہ مرچ سیاہ ۹ ماشہ مٹی چولہے کی جلی سب کو کانسی کے
برتن میں ڈالکر نیب کے پانی میں کھرل کریں آنکھ میں لگادیں۔ مفید ہے۔

نوعد یگر۔ برائے دھند و غبار چشم۔ افیون۔ طوطیا۔ رسوت۔ سنگ گرنڈ
پھٹکڑی ہر یک ۱ ماشہ عرق لیموں کاغذی میں حل کریں۔ شیاف بنا دیں
وقت حاجت پانی میں گھسکر آنکھ میں لگاویں۔ مفید ہے۔ نوعد یگر۔ لیپ
برائے آشوب چشم۔ انار دانہ۔ پوست خشخاش۔ تمر ہندی۔ رسوت۔ پھٹکڑی
ہر یک ۵ تولہ۔ آب شیریں ۴۰ تولہ جوش دیویں صاف کریں۔ آنکھ پر ضماد
کریں مفید ہے۔ نوعد یگر۔ برائے قوت بصارت۔ جدوار پانی میں گھسکر
آنکھ میں لگا دیں مجرب ہے۔ نوعد یگر جالہ چشم۔ مصری کوزہ۔ سنگ بصری
نیلا تھوتھا بریان۔ پھٹکڑی۔ پلپل سب کو مساوی کوٹ کر بطور سرمہ کے پیکر
آنکھ میں لگادیں۔ مفید ہے۔ نوعد یگر۔ برائے پھولہ چشم۔ کف دریا۔
زنجبیل۔ پھٹکڑی۔ نمک سنگ۔ گل چنبیلی سب کو پیسکر شیاف بنا دیں
پانی میں گھسکر آنکھ میں لگائیں پھولا کو فایدہ ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

نوعد یگر۔ برائے ربد چشم۔ چنگال چمگادڑ پانی میں گھسکر جس طرف
سے آنکھ میں پانی آتا ہو اسکے دوسری طرف ایک دو قطرے ناک
میں ڈالیں اسیطرح دو چار روز کرنیسے آنکھ کا پانی بند ہو جائیگا۔ مجرب ہے
نوعد یگر۔ برائے روشنی چشم۔ مغز حتہ ہلیلہ۔ فافل گرد۔ فلفل دراز۔ ہلیلہ
آملہ۔ دار چینی۔ سنگ بصری وزن برابر پانی گھسکر آنکھ میں لگاوے روشنی پیدا ہو جائیگی

مفید ہے۔ نوعدیگر۔ انجن چشم پھولا و جالا۔ شورہ قلمی۔ پھٹکڑی۔ طوطیا سبز ہر یک
ایک تولہ ان چیزوں کو لیکر ایک کوزہ مٹی میں رکھکر ایک اوپلہ صحرائی میں آگ دیویں
پھر آنکھ میں لگادیں مفید ہے۔ نوعدیگر۔ برگ نیب۔ برگ تمر ہندی۔ رسوت
لودہ۔ پھٹکڑی بریاں۔ ہلدی مقشر۔ طوطیا سبز ہر یک ۲ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ ایک
آہنی میں ڈالکر چھاچھ گاؤ میں کھرل کریں۔ آنکھ میں ڈالیں بسیار مجرب ہے۔
نوعدیگر۔ آشوب چشم۔ جالا مکڑی روغن کنجد میں جلاویں۔ اور کاجل بنادیں
وقت ضرورت آنکھ میں لگادیں مفید ہے۔ نوعدیگر۔ نیلہ تھوتھا۔ قرنفل
افیون ہر یک ایک ماشہ پیسکر آنکھ میں لگادیں مفید ہے۔ نوعدیگر۔ برائے
چشم اشوب۔ افیون۔ پھٹکڑی۔ رسوت۔ نبات سفید ہر یک ۲ ماشہ گھسکر
آنکھ میں لگاویں مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ برائے چشم چشم آشوب پھٹکڑی
۲ ماشہ نصف خام و نصف بریاں۔ رسوت۔ افیون۔ ہر یک ۲ ماشہ۔ برگ
نیب ۲ ماشہ۔ برگ املی ۲ ماشہ۔ پیسکر آنکھ میں لگاویں مجرب ہے۔
نوعدیگر۔ حب برائے رمد چشم و سبل و خارش چشم و ضعف بصر تخم حنظل۔ رسوت
طوطیا ہر یک ۲ ماشہ کوٹ کر پانی میں ملاکر حب بنادیں وقت حاجت
پہ پانی میں گھسکر آنکھ میں لگادیں مفید ہے۔ نوعدیگر برائے چشم آشوب
مفید ہے۔ انار دانہ۔ املی۔ رسوت۔ پھٹکڑی پانی میں جوش دیکر آنکھ میں
لگادیں مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ برائے پھولہ چشم سمندر جھاگ ۲ ماشہ۔ طوطیا۔
پلپل دراز۔ ہر یک ایک ماشہ چاک ۲ ماشہ سفوف بناکر آنکھ میں ڈالیں۔

فصل چوتھی امراض کان میں

خارش کان میں۔ یعنے خارش ہر قسم۔ روغن ۱ تولہ سرکہ ۵ تولہ۔ جوش دیکر

لگائیں مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ خارش کان میں ایلوا۔ کف دریا۔ گیرو ہر یک ۲ ماشہ قدرے روغن گل میں پیسکر ۳ ماشہ سرمہ ملاکر کان میں ٹپکائیں۔ مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ قرحہ گوش میں۔ شہد خالص کان میں ٹپکائیں اور برگ نیم کا بپھارا لینا مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ پیاز کا پانی اور بیضہ مرغ کی سفیدی میں ملاکر کان میں ٹپکائیں۔ نوعدیگر۔ میتھی دودھ میں لت کر کے چھانکر نیمگرم کان میں ٹپکائیں مجرب ہے۔ اور کان کے درد میں عورت کا دودھ بہت ہی مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ درد کان کیواسطے مجرب ہے کھٹے انار کا عرق ۱ تولہ شہد ۲ ماشہ میں ملاکر درد گرم کو مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ بورہ ارمنی نیمگرم پانی میں ملاکر ٹپکانا مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ درد جو سردی سے ہو کان میں مجرب ہے۔ نمک سیاہ پیشاب آدمی میں پیسکر نیمگرم قطور کریں مجرب ہے نوعدیگر۔ آدمی کے سر کے بال جلاکر اس کی خاک روغن گل میں حل کر کے کان میں ٹپکائیں مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ پیشاب طفل شیر خوار کا نیمگرم کان میں ٹپکائیں مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ گائے کا پتہ نیمگرم کان میں ٹپکائیں درد ریحی و بلغمی کو ساکن کرتا ہے۔ نوعدیگر۔ مرغی کے انڈے کی سفیدی کان میں ٹپکانا کان کے درد کو مفید ہے۔ مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ ہر ایک قسم کے درد اور ہر قسم کے امراض کان کو مفید ہے اسپندر۔ ماکنگنی۔ اجوائن ہر ایک ۳ ماشہ۔ مٹی کا تیل ۲ تولہ ہموزن ادویہ ہو جلاکر استعمال کریں مجرب ہے نوعدیگر۔ دافع گرانی گوش۔ برگ زرد مدار کہ سوراخدار نہو آگ پر گرم کر کے اسکا عرق کان میں ڈالیں مجرب ہے۔ نوعدیگر۔ دافع درد گوش اور اونچا سننے کو زائل کرتا ہے۔ اونٹ کا پیشاب نیمگرم کان میں ٹپکائیں مجرب ہے نوعدیگر۔ برائے درد گوش اور قرحہ گوش و خارش گوش مجرب ہے۔

شراب ۵ تولہ۔ مصبر۔ افیون۔ زعفران ہر یک ۶ ماشہ۔ سب کو شراب میں حل کر کے کان میں ٹپکائیں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ پھٹکری سوختہ کر کے کان میں ٹپکائیں اور اوپر سے روغن گل و سرکہ ملا کر ڈالنا مجرب ہے نوع دیگر۔ روغن کنجد کان میں ڈالنے سے کیڑے اور حشرات الارض جو کان میں گھس گئے ہوں مر جاتے ہیں۔ اسی طرح پیاز کا پانی بھی مفید ہے مجرب ہے ؞

فصل پانچویں امراض ناک کے بیان میں

نکسیر پھوٹنے کیواسطے۔ جب تک ضعف نہ ہو نکسیر کو بند نہ کریں فصد سرار و کی کرنا بہت مفید ہے۔ ملتانی مٹی سر پر لگانا بہت فایدہ کرتی ہے اور برف سر پر رکھنا بہت مفید ہے۔ اور پانی تازہ گدھے کی لید کا لیکر ناک میں ڈالنا فایدہ کرتا ہے۔ نوع دیگر۔ برائے بند ہونے ناک کے نہایت مفید ہے۔ زیرہ سفید۔ دانہ الائچی خورد۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر یک ۳ ماشہ۔ قند سفید سہ چند کوٹ چھانکر معجون بناویں۔ خوراک ۵ ماشہ صبح و ۵ ماشہ شام کو ہمراہ پانی کے کھاویں انشاء اللہ تعالےٰ فائدہ ہوگا۔ نوع دیگر۔ نسوار نکسیر کو بند کرنے میں بہت مفید ہے۔ کاغذ جلا ہوا پوست سنگ دانہ مرغ سوختہ۔ اقاقیا۔ مازو۔ پوست انار ترش کندر مُرصافی۔ صدف سوختہ۔ ساذج مغسول ہر ایک ایک ماشہ۔ کافور ماشہ ساتھ آب بادروج کے گھسکر ناک میں ٹپکاویں۔ اور اسی طرح مازو سوختہ کو پانی میں گھسکر ناک میں ڈالیں مفید ہے۔ نوع دیگر۔ برائے بدبو آنے ناک کے۔ جند بیدستر سرکہ میں گھسکر ناک میں ٹپکاویں بہت مفید ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ناک میں اگر پھنسیاں نکل آویں۔ مغز کدو

گھسکر قدرے کافور ملا کر اوپر لگاویں بہت مفید ہے۔ جدوار سر کے میں گھسکر ہر ایک امراض ناک کو مفید ہے۔ اور اطریفل کشنیزی ناک ہر ایک امراض کو مفید ہے نوع دیگر۔ برائے قروح ناک۔ سفیدہ کاشغری خبث الفضہ اسرب سوختہ ساتھ روغن گل کے ملاکر مرہم بناویں۔ اور زخموں کے لگاویں مفید ہے۔ نوع دیگر۔ برائے حکة الانف یعنے جس آدمی کے ناک میں کھجلی ہوتی ہو تعدیل مزاج بدن ہے۔ ماکول و مشروب سے اور نکالنا اس خلط حریف کا پھر سونگھانا لخلخوں کا مفید ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ورم ناک۔ جوشاندہ سویا اور بابونہ اور السی کے روغن گل اور موم میں حل کر کے نیمگرم کر کے لیپ کریں مفید ہے۔ نوع دیگر۔ برائے فساد الشم یعنے جس شخص کو بو طبعی طور پر نہ ہو۔ جند بیدستر۔ سکنجبین مُرصافی۔ جاؤشیر کندش نسوار بناکر ناک میں ڈالیں مفید ہے۔ نوع دیگر برائے زخم ناک اگر ناک میں زخم ہو جاوے تو روغن رال ایک تولہ ہر ایک قسم زخم ناک کے واسطے اکسیر ہے۔ ترکیب روغن رال نکالنے کی یہ ہے۔ رال سفیدہ ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ روغن گل ۴ تولہ ان سب ادویہ کو خوب کھرل کر کے آگ پر پکاویں۔ جب بطور مرہم کے ہو جاوے تو استعمال کریں بہت فایدہ ہوگا۔ اور یہ روغن خشک بواسیر کو بھی بہت فایدہ دیگا مفید ہے۔ نوع دیگر برائے پھنسی ناک۔ لونگ۔ جائفل۔ جلوتری۔ زعفران۔ فلفل سیاہ ہر یک ایک ماشہ پیسکر ناس بناویں۔ ایک ہفتہ ہر روز لگانے سے پھنسیں دُور ہو جاتے ہیں مفید ہے۔

فصل چھٹی امراض دانت کے بیان میں۔

دانتوں میں سوراخ ہو جانا۔ نوشادر ۱ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ کوٹ کر دانتوں

کے سوراخ میں رکھیں اور تھوڑی مصطگی دانتوں پر لگا دیں مجرب ہے
نوع دیگر دانتوں کے درد کو مفید ہے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مکو۔ کشنیز۔ اسپند
پوست خشخاش۔ اجوائن ہر یک ایک تولہ آدہ سیر پانی میں جوش دیں۔
جب آدھ باقی رہے صاف کرکے کلیاں کریں مفید ہے۔ **نوع دیگر**
مسوڑھوں سے خون نکلنے کو مفید ہے۔ کچنار کی لکڑی جلا کر منجن بنا کر ملنا
بہت ہی مفید ہے۔ **دیگر**۔ سنگ جراحت۔ لب۔ سرو کی پتیاں ہر یک
۶ ماشہ۔ سرو کی پتیاں جلا کر ان میں ملا کر دانتوں پر ملنا بہت ہی مجرب
ہے۔ **دیگر**۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل ہر یک ۳ ماشہ۔ مرکی ۲ ماشہ۔ نمک
۱ ماشہ۔ سب کو پیسکر دانتوں پر ملنا مسوڑوں کو قوت دیتا ہے۔ مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ بالچھڑ۔ عدس سوختہ۔ چھالیا سوختہ ہر یک ۳ ماشہ سب کو کوٹ
چھان کر منجن ملیں پھر نیم گرم پانی سے کلیاں کرنا بہت مفید ہے نوع دیگر۔
ہر ایک دانتوں کے امراض میں مفید ہے۔ کتھ سفید ۲ ماشہ۔ گل سیوتی
خشک۔ گلنار۔ مصطگی۔ الائچی سفید۔ سپاری سوختہ۔ سنبل الطیب ہر ایک
۳ ماشہ۔ کشنیز بریان ۲ ماشہ۔ مسی ۱ ماشہ۔ سب کو پیسکر منجن بنا کر دانتوں
پر ملنا بہت ہی مجرب ہے **نوع دیگر**۔ درد سر اور درد دانتوں کو مفید ہے
سجی۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ سپاری سوختہ ۳ ماشہ۔ سنبل الطیب
۶ ماشہ سب کو کوٹ کر دانتوں پر ملنا بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ کرم خوردہ
اور درد دانتوں کو مفید ہے۔ افیون۔ سرکہ۔ شہد۔ زنجبیل سب کو کوٹ کر
شہد میں ملا کر دانتوں پر ملنا بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ منجن درد دانتوں
کو مفید ہے۔ اگر دانت ہلتے بھی ہوں تو مفید ہے۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ فلفل سیاہ
فلفلدراز۔ فلفل موپا۔ کتھ۔ ماجو۔ لودھ پٹھانی ہر یک ۶ ماشہ۔ طوطیا ۳ ماشہ

سوختہ کچلا ۱۲ ماشہ۔ سوختہ سب کو کوٹ کر پیسکر منجن بنا کر ملنا بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ پوٹلی درد دانتوں کے واسطے بہت ہی مفید ہی جو ایک ساعت میں درد کو دور کرتی ہے۔ بادبرنگ۔ تخم ترب دونوں کو کوٹ کر چھوٹی چھوٹی پوٹلیاں بنا کر پانی میں تر کر کے دانتوں کے نیچے رکھنا بہت ہی مفید ہے۔ نوع دیگر۔ پھٹکڑی ۴ ماشہ۔ افیون رومی ۱ ماشہ۔ مصطگی ۴ ماشہ سب کو پیسکر دانتوں پر ملنا بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر کرم دندان مجربات جناب حکیم حاذق سید ضامن علی صاحب۔ تخم پیاز۔ کوٹ کر پانی میں جوش دے کر غرغرہ کرنا بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر از مجربات بندہ۔ گوشت خورہ دانتوں کو مفید ہے اور جنبش دانتوں کو دور کرتا ہے اور ہر ایک بیماری دانتوں کو اور مسوڑوں کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ طوطیا ۲ ماشہ قسط تلخ نمک لاہوری۔ زیرہ سیاہ بریاں۔ کشنیز بریاں۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ مصطگی کیبس۔ کپور کچری۔ کباب چینی بجہ دنتی ہر یک ۲ ماشہ سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر قسط مصطگی کو آگ پر بریان کر کے ملا کر دانتوں پر ملنا بہت ہی مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ واسطے پھولنے مسوڑوں کے اور خون نکلنے دانتوں کے اور زخم وہان اور زبان کے بہت ہی مجرب ہے قسط تلخ۔ دار ملدی۔ مجیٹھ۔ کوٹکی موتھا لودھ پٹھانی صدف سوختہ سب کو پیسکر منجن بنا کر دانتوں پر ملنا بہت مفید ہے نوع دیگر۔ یہ دوا جلا دینے دانتوں اور صاف کرنے دانتوں اور مضبوط کرنے دانتوں کو مفید ہے۔ نادر شاہ بادشاہ اس کا استعمال کیا کرتا تھا۔ مصطگی رومی۔ دار چینی۔ دانہ الائچی کلاں کپور کچری۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ کتھ سفید۔ طوطیا سوختہ۔ سنبل الطیب اسارون نمک سنگ ہر یک ۲ ماشہ سب کو کوٹ کر پیسکر دانتوں پر ملنا بہت ہی مفید ہی اور مجرب ہے

فصل ساتویں امراض حلق کے بیان میں

اگر حلق میں درد ہو تو ۲ تولہ انبلتاس کو نیم گرم دودھ بکری میں ملاکر غرغرہ کرنا بہت ہی مجرب ہے۔ اور گل سیرین حلق میں لگانا بہت ہی مفید ہے۔ نوع دیگر۔ زبان کا بھاری ہونا یہ دوا مفید ہے۔ رائی ۱ ماشہ دار فلفل، سونٹھ، نوشادر، عاقرقرحا ہر یک ۲ ماشہ ان میں سے ایک ایک کو پیسکر زبان پر ملنا بہت ہی مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ ورم زبان جو گرمی سے ہو۔ مفید ہے۔ برگ چنبیلی، گل سرخ۔ گل نیلوفر، مسور مقشر سب کو پیسکر مکو کے عرق میں زبان پر ملنا بہت مفید ہے۔ اور مجرب ہے نوع دیگر اگر زبان پھٹ گئی ہو تو یہ مفید ہے۔ برگ گاؤزبان سوختہ۔ دانہ الائچی سفید، طباشیر سب کو پیسکر زبان پہ ملنا بہت مفید ہے۔ نوع دیگر۔ آواز کے پڑ جانے کیواسطے مجرب ہے۔ گوندی کی جڑ منہ میں رکھنے سے آواز کے لئے مفید ہے۔ اور اسپند کا غرغرہ کرنے سے آواز صاف ہو جاتی ہے نوع دیگر۔ خناق ہے یہ نسخہ جناب قبلہ صاحب کا مجرب ہے۔ کچھوے کو لے کر مریض کے منہ کے برابر رکھیں۔ اور سانس کچھوے کا مریض کے منہ میں پہنچے۔ اور خناق اس کا تحلیل ہو جاویگا۔ اور خناق والے کو پشت پر پچھنے لگانا بہت مفید ہے۔ نوع دیگر۔ اگر حلق میں جونک چلی جاوے تو اسکے واسطے یہ مفید ہے۔ نوشادر سرکہ کے غرغرہ کرنا بہت مفید ہے۔ اور گندھک کی دھونی دینا یہ بھی مفید ہے۔ نوع دیگر۔ ورم حلق کے واسطے یہ ضماد بہت مفید ہے۔ تخم خطمی۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ سرکہ ہر یک ۲ ماشہ میں پیسکر ضماد کرنا بہت ہی مفید ہے۔ نوع دیگر۔ خنازیر کے

واسطے یہ بہت مفید ہے۔ تخم ترب ۵ تولہ بکری کے دودھ میں گھس کر ضماد کرنا بہت مفید ہے۔ اور یہ بھی بہت مفید ہے۔ الائچی سفید۔ موٹھ پیپل۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر یک ۵ ماشہ۔ مغز املتاس ۱ تولہ سب کو کوٹ چھانکر شہد میں گولیاں برابر نخود کے بناکر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی گرم کے کھانا بہت مفید ہے۔ نوع دیگر۔ برائے قرحہ حلق کو بہت مفید ہے۔ سیماب ۳ ماشہ۔ نند سیاہ ۲ ماشہ کہنہ خوب کوٹ کر اجوائن سبزہ کا پانی ڈالکر گولیاں برابر چنے کے بناکر سات روز تک ہمراہ پانی کے کھانا بہت ہی مفید ہے۔ نوع دیگر۔ برائے خنازیر از تجربات والد صاحب۔ عقرب سیاہ ۱ عدد۔ زردچوب ۲ ماشہ دونوں کو پیسکر ضماد کرنا بہت ہی مفید ہے۔ اور مجرب ہے نوع دیگر۔ برائے آواز جو بلغم سے ہو مفید ہے۔ منہ میں کبابہ رکھنے سے آواز کے واسطے بہت ہی مفید ہے اور مجرب ہے۔ مالکنگنی ۲ ماشہ۔ ورچ ۲ جوائن خراسانی ہر یک ۲ ماشہ کو پیسکر گولیان برابر مسور کے بناکر حلق میں رکھنے سے آواز کھل جاتی ہے مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے آواز پان ایک عدد میں رب السوس ۲ سرخ رکھکر چوسیں بہت ہی مفید ہے۔ اور مجرب ہے۔ اور شربت توت گلے کے واسطے مفید ہے۔ اور مجرب ہے۔

فصل آٹھویں امراض صدر یعنی سینہ کے بیان میں

نوع دیگر۔ امراض سینہ کے واسطے فصد سرارو بہت مفید ہے۔ دیگر دافع کھانسی۔ زوفا۔ تخم کتان۔ ملٹھی ہر یک ۲ ماشہ ۱ چھٹانک پانی شیرین میں جوش دیویں۔ پھر نبات سفید ایک تولہ اسمیں ملاکر پیویں

مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے کھانسی ہر قسم۔ خشخاش سیاہ وسفید۔ کاکڑا سنگی۔
کتیرا۔ گوند کیکر۔ نشاستہ۔ افیون۔ رب السوس۔ اصل السوس۔ ہر یک
۶ ماشہ۔ سب ادویہ کوٹ چھانکر لعاب بہیدانہ ملاکر گولی بمقدار چنے کے
باندھے مفید ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ضیق النفس وضعف جگر وقوت
باہ۔ یہ شربت قوت معدہ کو دیتا ہے۔ وقوت دماغ وروشنی چشم
ولاغری بدن اور رنگ کو سرخ کرتا ہے۔ اور اعصاب کو مضبوط اور سخت
کرتا ہے۔ اور جوڑوں وبواسیر اور ضعف دور کرتا ہے۔ انشاءاللہ بعد
استعمال کے اسکا اثر اکسیر حاصل ہوتا ہے۔ قند سیاہ پرانہ اور شہد خالص
ہر یک ڈھائی سیر۔ باؤبڑنگ۔ فلفل گرد۔ زنجبیل۔ پوست آملہ۔ پوست
ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہر یک ۲ تولہ۔ برادہ فولاد ۲۰ تولہ۔ سب کو
کوٹ پیسکر شہد خالص اور پانی تازہ دریا کا مٹکے میں ڈال کر منہ اس کا
بند کردیویں اور جائے محفوظ میں رکھدیں جس جگہ آدمی کا گذر نہ ہو گھوڑے
کی لید میں دفن کردیویں بعد اکیس روز اس کو نکالیں جب ضرورت اس
میں سے بوتل بھر لیویں خوراک ۶ ماشہ۔ پہلے شربت کو استعمال کرکے پھر
خوراک گرم کھاویں یہ نسخہ بادشاہ کابل پر آزمایا گیا مفید ہے۔ نوع دیگر
برائے کھانسی خشک۔ قرنفل۔ مرچ سیاہ ہر یک ایک ماشہ۔ خرمہ کے
اندر ڈالکر سوختہ کریں۔ بعد ازاں شہد اس میں ملاویں۔ قدرے قدرے
کھاویں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ مرچ سیاہ۔ کتھ سفید۔ گوند ببول۔ نمک
سانبھر ہر یک ۶ ماشہ۔ آب ادرک ۴ تولہ حل کریں۔ جب بمقدار چنے کے ایک
گولی صبح اور ایک شام کھاویں مفید ہے۔ نوع دیگر۔ برائے کھانسی زکام
ونزلہ۔ مرچ ۱ تولہ۔ شیر مدار میں تر کریں۔ جب خشک ہو پیسکر ناک میں ناس

لیں مفید ہے۔ **نوع دیگر** برائے ڈبہ طفلاں۔ مغز کرنجوہ ۱ عدد۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ باریک کرکے حب بمقدار سرسوں بنادیں۔ طفل کو ایک حب دیں صبح وشام مجرب ہے۔ **نوع دیگر** ڈبہ طفلان۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ سہاگہ بریاں ۱ تولہ در شیر گوسفند حل کریں۔ حب بمقدار باجرہ بنادیں مجرب ہے۔ **نوع دیگر** برائے سل۔ سنگ جراحت رست گلو۔ زہرمہرہ۔ کتھ سفید۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ مغز بہدانہ۔ نشاستہ۔ خشخاش سفید۔ خطمی۔ مغز کدو۔ دم الاخوین۔ رب السوس ہرایک ۲ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ اگر ساتھ تپ ہووے کافور ۱ ماشہ۔ داخل کریں حب بمقدار کنار صحرائی کے بنادیں ساتھ شربت نیلوفر ۲ تولہ مجرب ہے۔ **نوع دیگر** برائے سرفہ سل۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرہ۔ تخم خشخاش۔ مغز بادام مقشر۔ افیون ہرایک ۲ ماشہ۔ باریک کریں۔ لعاب بہدانہ ۲ ماشہ۔ حب بمقدار نخود ایک گولی صبح اور ایک شام استعمال کریں مجرب ہے۔ **نوع دیگر** برائے کھانسی حب جدوار عنبرہ ونزلہ۔ افیون زعفران۔ دارچینی۔ زنجبیل۔ مقل۔ صمغ عربی۔ کتیرہ۔ جوزبوا بسباسہ تخم خشخاش۔ مغز بہدانہ۔ مغز بادام۔ جدوار۔ شکر تیغال۔ مروارید ہر یک ایک ماشہ کوٹ چھانکر حب بمقدار نخود بنادیں۔ ایک گولی صبح اور ایک کھادیں مجرب ہے۔ **نوع دیگر** برائے کھانسی۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز ہرایک ۱۰ ماشہ۔ انار دانہ ۳ ماشہ۔ جوکھار ۴ ماشہ۔ قند سیاہ ۵ تولہ کوٹ چھانکر حب بمقدار نخود۔ ایک حب منہ میں رکھیں مفید ہے۔ **نوع دیگر** برائے کھانسی زعفران۔ کتیرا ہریک ایک ماشہ۔ تخم خشخاش۔ تخم خشخاش سیاہ ہر یک ۶ ماشہ۔ رب السوس۔ اصل السوس ہر ایک ۱ تولہ۔ چوب چینی ۲ ماشہ۔ جائفل ۲ ماشہ۔ حلبوتری ۴ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر لعاب بہدانہ میں ملادیں حب بمقدار

نخود بناویں مجرب ہے۔ نوع دیگر کھانسی ۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ ہر یک ایک
تولہ ۔ مرچ سیاہ ۱ ماشہ۔ نمک لاہوری ۲ ماشہ ۔ نمک سیاہ۔ نمک سونچل
ہر یک ۲ ماشہ۔ نوع دیگر۔ نفث الدم یعنے خون منہ آنا۔ کاغذ سوختہ۔ سنگ
جراحت ۔ کتھ سفید۔ طباشیر۔ صدف سوختہ۔ کہربا۔ فادزہر معدنی۔ گل
ارمنی۔ گیرو۔ برابر وزن۔ ان سب کو کوٹ کر چھانکر تین تین ماشہ کی پُڑیہ
باندھ لیں ۲ تولہ شربت انجبار کے ساتھ صبح وشام استعمال کریں۔ مجرب ہے
نوع دیگر۔ برائے ذات الجنب لیپ ۔ موم ۳ ماشہ۔ روغن قسط۔ روغن بابونہ
چربی گُردہ بز۔ روغن بلسان ہر یک ایک تولہ۔ ان سب روغنوں کو گرم
کر کے موم اور چربی کو جلا کر تھوڑا سا گرم کر کے لیپ کریں اور اوپر سے
روئی باندھ دیویں یا پارہ سنگا گھسکر گلاب گرم کر کے اوپر درد کے لیپ
کریں مفید ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ذات الجنب ۔ عرق گلاب ۵ تولہ اور تخم
ریحان اور شربت بنفشہ ۳ تولہ مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے نفث الدم
گل ارمنی۔ شاخ گوزن سوختہ۔ کتیرا ہر ایک ۳ ماشہ۔ پوست بیخ انجبار تولہ
اصل السوس ہر یک ۵ ماشہ۔ طباشیر۔ صمغ عربی ہر یک ۳ ماشہ۔ نشاستہ
تخم خطمی ۔ دم الاخوین ہر یک ۴ ماشہ۔ درلعاب بہدانہ حب بمقدار نخود بناکر
ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر
برائے نزلہ و کھانسی کہنہ۔ مجرب بندہ۔ اسطوخودوس ۹ تولہ۔ گل گاؤزبان
حب الاس۔ کشنیز خشک۔ تخم کاہو ہر ایک ۲ تولہ۔ بذر البنج۔ پوست خشخاش
ہر یک ۳ تولہ ان سب کو ایک سیر پانی میں جوش کر کے صاف کر لیویں۔
پھر قند سفید نیم آثار میں قوام کر کے پھر ان دواؤں کو داخل کریں گلسرخ ۲
تولہ۔ کشنیز خشک۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا ہر یک ایک تولہ۔ عرصاف

۶ ماشہ باریک کر کے معجون بنا کر خوراک ۳ ماشہ مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ربو وجمیع امراض بلغمی۔ شنگرف ۱ تولہ۔ دار فلفل ۲ تولہ۔ ان دونوں کو پاؤ آثار گاؤ کے دودھ میں کھرل کر کے روغن گاؤ ۲ تولہ میں سوختہ کریں۔ پھر اسے پان میں رکھ کر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ معجون برائے کھانسی ہر قسم مجرب ہے۔ شکر تیغال۔ رب السوس۔ شکر سفید۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ مغز بہیدانہ ہر یک ۳ ماشہ۔ مغز کدو شیریں۔ تخم خشخاش سفید ۱ تولہ شربت بنفشہ ۵ تولہ میں لعوق بنا کر خوراک ۳ ماشہ کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے کھانسی کہنہ در اسرار۔ دانہ الائچی سفید۔ طباشیر ہر یک ۶ ماشہ۔ پیپل خورد ۱۰ عدد۔ دار چینی ۱ ماشہ۔ شہد خالص ۳ تولہ میں ملا کر ایک ماشہ کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے نفس۔ گل پستہ۔ و ہلیلہ زرد۔ ہر یک ۶ ماشہ۔ ان کو کوٹ کر حب برابر نخود کے بنا کر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے سرفہ و نزلہ و جمیع و امراض بلغمی کہنہ مجرب ہے۔ افیون ایک ماشہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ خشخاش پوست خشخاش۔ رب السوس۔ مغز بادام شیریں ہر یک ۹ ماشہ ان کو کوٹ کر گولیاں برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ بستگی آواز۔ مغز بادام شیریں و تلخ۔ تخم کتان مغز چلغوزہ ان کو کوٹ کر حب برابر نخود کے بنا کر منہ میں رکھنا مجرب ہے نوع دیگر۔ کھانسی اطفال ہر قسم۔ کاکڑہ سنگی۔ ایک ماشہ۔ افیون اسرخ کتیرا۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ پستہ مغز۔ مغز بادام۔ ہر یک ایک ماشہ۔ انکو لیکر کوٹ چھان کر حب برابر ماش کے بنا کر ایک گولی شام کو دینا مجرب ہے نوع دیگر۔ حب شفا برائے کھانسی۔ مدقوق مسلول مجرب ہے۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ مغز خیارین۔ صمغ عربی۔ گل نیلوفر۔ تخم خطمی۔ کتیرا۔ مغز۔

کدو شیریں۔ تخم کاہو۔ تخم تاج خروس۔ مغز بہیدانہ۔ نشاستہ۔ طباشیر
صندل سفید۔ تخم خرفہ ہر یک ۲ ماشہ۔ رب السوس ۶ ماشہ۔ سریشم ماہی
عنب الثعلب۔ کافور۔ افیون۔ زعفران۔ لعاب بہیدانہ ہر یک ۳ ماشہ میں
حل کر کے حب مقدار نخود بنا کر ہمراہ شربت اعجاز یا شربت خشخاش کے
کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ حب کھانسی۔ رب السوس۔ قردمانہ ہر یک ۱۲ ماشہ
طلیفت۔ مغز بادام۔ مرمکی ہر یک ایک ماشہ۔ شہد ۲ تولہ۔ میں گولیاں بنا کر
برابر نخود کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ حب برائے نفث الدم دسل مجرب ہے
کافور۔ طباشیر۔ ریشہ خطمی۔ مغز بہیدانہ۔ بیخ انجبار۔ دم الاخوین۔ کہربا۔ مروارید
ناسفتہ۔ شادنج ہر یک ۳ ماشہ۔ صمغ عربی ۹ ماشہ۔ کتیرا۔ رب السوس ہر
یک ۳ ماشہ۔ سرطان محرک ایک تولہ۔ گل ارمنی۔ مغز کدو شیریں۔ مغز خربزہ
ہر یک ۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر گولیاں برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح
اور ایک شام ہمراہ شربت خشخاش ۲ تولہ کے کھانا مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ برائے تپ دق وسل و کھانسی کہنہ مجرب ہے۔ کافور۔ سرطان محرک
زعفران۔ رب السوس۔ تخم کاسنی۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ مغز کدو۔ مغز خیارین
ہر یک ۳ ماشہ۔ آب کدو۔ ایک تولہ۔ صندل سفید۔ گل سرخ ہر یک ۳ ماشہ۔
اسبغول ۵ تولہ قرص برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ
عرق شیر کے کھانا مجرب ہے۔ دیگر۔ برائے سرفہ۔ سپستان ۵ عدد
عناب ۷ عدد۔ اصل السوس ۱ تولہ۔ تخم خطمی ۲ تولہ۔ پوست خشخاش ہر یک
ایک تولہ۔ بہیدانہ۔ تخم خیارین ہر یک ۶ ماشہ۔ شکر سفید ۵ تولہ۔ ان کو کوٹ
کر پانی میں جوش دیکر پھر اس میں کتیرا۔ صمغ عربی۔ رب السوس۔ شکر تیغال
ہر یک ۳ ماشہ ملا کر لعوق بنا کر ۳ ماشہ کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے کھانسی

مغز بادام ۔ مغز کدو شیریں ۔ رب السوس ۔ نشاستہ ۔ صمغ عربی ۔ خشخاش ۔ روغن بادام
مویز منقی ۔ تخم بادام تلخ ان کو کوٹ کر شربت بنفشہ میں ملا کر لعوق بنا کر کھانا مجرب ہے۔
نوع دیگر ۔ برائے نزلہ کھانسی کہنہ ۔ تخم خطمی ۔ مغز بہیدانہ ۔ خشخاش ۔ کتیرا ۔ نشکر تیغال
ریشہ خطمی ۔ مغز بادام شیریں ۔ دار فلفل ہر یک ۳ ماشہ کوٹ کر گولیاں برابر نخود
کے بنا کر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے ذات الجنب مجرب ہے۔ بنفشہ ۔ رب السوس
نشاستہ ۔ تخم خطمی ۔ تخم رازیانہ ہر یک ۶ ماشہ ان کو کوٹ کر گولیاں برابر نخود
کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام کو کھانا مجرب ہے ۔ مجرب بندہ ۔

فصل نویں امراض پستان کے بیان میں

نوع دیگر ۔ ورم پستان ۔ آرد جو ۔ دال مسور ہر ایک ۲ تولہ ۔ سرکہ ۵ تولہ میں
کھرل کر کے پستان پر ضماد کرنا مجرب ہے ۔ نوع دیگر ۔ ورم پستان ۔ روغن
بابونہ ۔ روغن قسط ۔ چربی گردہ بز ۔ موم سفید ۔ ان سب کو گرم کر کے چربی کو
روغنوں میں جلا کر اور موم کو ڈال کر پستان پر ضماد کرنا مجرب ہے
دیگر ۔ ناسور پستان ہر قسم ۔ مردار سنگ ۔ روغن زیت کہنہ ۔ تخم خطمی
اسپغول ۔ تخم مرو حلبہ ۔ تخم کتان ۔ سب دواؤں کو رات بھر پانی میں بھگو
کر لعاب نکال کر مردار سنگ بہت باریک کر کے روغن زیت ڈال کر
مرہم بنا کر استعمال کرے مجرب ہے ۔ نوع دیگر ۔ ورم ہر قسم پستان
ضماد ۔ صبر ۔ زعفران ۔ کتیرا ۔ صمغ عربی ۔ سریش ہر یک ۳ ماشہ سب
کو سرکہ جامن میں کھرل کر کے ضماد کریں مجرب ہے ۔ ہلیلہ سیاہ ۔ بلیلہ ۔ آملہ
تربد ۔ افتیمون ۔ بسفایج ۔ اسطوخودوس ۔ عاقرقرحا خشک ہر یک ایک تولہ
بیج گردن گوسپند کے ہوتے ہیں ۔ ایک تولہ ۔ سنا مکی ۳ تولہ ۔ غاریقون

زر نباد ہر یک ۲ تولہ شیطرج ہندی ۔ نوشادر ۔ انیسوں ہر یک ایک تولہ ۔ قرنفل ۔ سنبل الطیب ۔ قرمز ہر یک ۶ ماشہ ۔ مویز منقی ۔ جوا بوا ۔ مصطگی کوٹ چھان کر شہد میں ملاکر اطریفل تیار کر کے خوراک ۱ تولہ صبح اور ایک تولہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے ۔ نوعدیگر ۔ مُر ۔ اقاقیا ۔ مرکی سعد ۔ زعفران ۔ گل ارمنی ۔ حفص ہر یک ۳ ماشہ ۔ سرکہ ۵ تولہ میں کھرل کر کے ضماد کرنا مفید ہے ۔ مجرب ہے نوعدیگر ۔ ورم بلغمی کیواسطے بہت ہی مفید ہے ۔ سعد کوفی ۳ ماشہ ۔ گل ارمنی ۔ شبت ۔ آرد جو ۔ عدس مقشر بریاں ہر یک ۶ ماشہ کوٹ کر سرکہ ۵ تولہ میں کھرل کر کے ضماد کرنا مفید ہے ۔ مجرب ہے ۔ نوعدیگر ۔ تخم کتان ۔ ختمہ تمر ہندی ۔ سرگین کبوتر ۔ آرد گندم ۔ روغن زرد ہر یک ۶ ماشہ ۔ موم سفید ایک ماشہ سب کو کوٹ کر روغن میں موم کو جلا کر پھر سب دوائیں ڈالکر ضماد کریں مجرب ہے ۔

فصل دسویں امراض معدہ کے بیان میں

نوع دیگر ۔ برائے ہضم طعام مجرب بندہ ۔ کبریت زرد مغسول ۶ ماشہ فلفل گرد ایک تولہ شیطرج ۔ نمک سیاہ ۔ نمک سنگ ۔ نمک ہندی ۔ ہر ایک ۶ ماشہ ۔ سب کو کوٹ کر عرق لیموں ۵ تولہ میں گولیاں برابر نخود کے بناکر کھانا مجرب ہے ۔ نوعدیگر ۔ برائے فواق امتلائے سوء ہضم کو نہایت ہی مفید ہے ۔ جند بیدستر ۔ قسط شیریں ۔ سنبل الطیب ۔ فلفل سیاہ دار چینی ۔ دار فلفل سلیخہ ۔ ہر یک ایک تولہ ۔ مرکی ۔ افیون ہر یک ۶ ماشہ مرکی کو شراب ریحان ۵ تولہ میں بھگو کر جب نرم ہو جاویں تو سب دوائیں کو کوٹ کر شہد میں ملاکر بعد چھ ماہ کے استعمال کریں خوراک ۳

ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے درد معدہ و جگر کو مفید ہے۔ دار چینی۔ قسط تلخ۔ انیسون۔ تخم کرفس۔ اسارون حماما۔ نانخواہ۔ رازیانہ ہر یک ۳ ماشہ۔ زراوند طویل۔ مصطگی رومی ہر یک ۲ ماشہ۔ ان کو کوٹ کر تار شہد میں ملاکر معجون بناکر خوراک ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے اشتہا طعام و درد معدہ و جگر کے۔ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری نمک سنگ۔ نمک سانبھر ہر ایک ایک تولہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ انار دانہ ۱ تولہ فلفل سیاہ۔ ایک تولہ سب کو کوٹ کر سفوف بناکر عرق لیموں ۲ تولہ کے ساتھ یا سکنجبین ۵ تولہ۔ کھانا خوراک ایک ماشہ صبح و شام مجرب ہے از مجرب جناب قبلہ صاحب۔ نوع دیگر۔ معدہ کو پاک کرے اشتہا طعام کیواسطے بہت مفید ہے۔ مجرب حکیم ارشاد حسین۔ نانخواہ۔ شاہترہ۔ نوشادر شونیز۔ زیرہ کرمانی ہر یک ۲ ماشہ۔ نشاستہ۔ ۳ ماشہ۔ رازیانہ ۲ ماشہ زنجبیل ۳ ماشہ۔ تخم کرفس ۲ ماشہ ان سب کو کوٹ کر عرق لیموں ۱ تولہ میں گولیاں برابر نخود کے بناکر ایک گولی صبح و ایک شام کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر مجرب جناب قبلہ ام حکیم سید ضامن علی صاحب۔ کوپل مدار ۲ تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ انار دانہ ایک تولہ۔ چہار نمک ۵ تولہ۔ دار فلفل زنجبیل ہر یک ایک تولہ ان سب کو کوٹ کر عرق بادیان میں گولیاں برابر نخود کے بناکر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ہضم مشتہی طعام و سوء معدہ مجرب جناب قبلہ ام۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ نمک سیندھا ۶ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کلاں۔ چیترک ۲ ماشہ۔ زنجبیل ۲ ماشہ ان سبکو کوٹ چھانکر ۵ تولہ شہد میں ملاکر معجون بناکر خوراک ۳ ماشہ۔ ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر

برائے اسہال معدہ۔ مجرب جناب قبلہ ام صاحب۔ مصطگی رومی۔ عود ہندی۔ موم سفید ہریک ۳ ماشہ سب کو کوٹ کر برابر نخود کے گولیاں بناکر ایک گولی صبح وشام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ضعف معدہ وضعف جگر وقلب بہت ہی مفید ہے۔ یہ نسخہ جناب قبلہ ام سید حکیم ضامن علی صاحب کا مجرب ہے۔ مربہ ہلیلہ۔ کشنیز خشک۔ دانہ الائچی سفید۔ حب الاس ہریک ایک تولہ۔ زرشک۔ تخم کرفس ہریک ۶ ماشہ ان سب کو پانی میں جوش کر کے جوارش تیار کر کے پھر ان دواؤں کو ملاکر استعمال کرنا۔ مصطگی رومی۔ طباشیر۔ کہربا شمعی۔ عود ہندی ہریک ۶ ماشہ ورق نقرہ ۱۰ عدد۔ عنبر اشہب۔ مروارید ناسفتہ۔ ہریک ۲ ماشہ۔ جدوار خطائی ۶ ماشہ۔ نبات سفید تیار۔ خوراک ۳ ماشہ صبح وشام ہمراہ عرق بید مشک ۵ تولہ۔ کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ اسہال امعائے ذرب المعدہ مجرب جناب حکیم سید ضامن علی صاحب۔ زرشک۔ انار دانہ۔ بیخ انجبار۔ خشخاش۔ پوست۔ زیرہ سفید ہر ایک ۳ ماشہ ان سب کو عرق بادیان میں کھرل کر کے چھان کر پلانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے اشتہائے طعام درد معدہ وجگر کو یہ معجون ہی مفید ہے۔ مجرب حکیم ارشاد حسین۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔ دار فلفل ۳ ماشہ۔ فلفل گرد۔ تخم انگن۔ تخم کرفس۔ نمک لاہوری۔ جوکھار۔ زیرہ سفید۔ قرنفل۔ انار دانہ اسگند۔ حلتیت۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ ان سب کو کوٹ کر۔ تار شہد میں ملاکر معجون بناکر خوراک ۳ ماشہ۔ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے الغنیمۃ۔ استسقاء اسرار ہیں مجرب بندہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۳ ملہ۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ خبث الحدید

قند سیاہ کہنہ۔ فلفل سیاہ سفوف بناکر خوراک ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ
پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ ورم معدہ مجرب بندہ۔ عرق بادیان
عرق مکو ہر یک ایکتولہ گلقند ۲ ماشہ۔ سکنجبین تولہ۔ ملاکر کھانا مجرب ہے۔
اور یہ ضماد کریں۔ ضماد معدہ۔ سعد۔ اذخر۔ سنبل الطیب۔ خاکستر۔ انگور
۲ ماشہ۔ سرکہ ۲ تولہ ملاکر معدہ پر ضماد کرنا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ فواق
یعنی ہچکی۔ تخم شبت۔ اذخر۔ دارچینی۔ شونیز۔ شکر سفید سب کو برابر کوٹ کر
روغن دوچند لگادیں ملاکر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ورم معدہ ضماد۔
روغن زرد قرنفل۔ اذخر۔ ہر یک ۳ ماشہ شراب انگوری ۵ تولہ میں سب
کو ملاکر ضماد کرنا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ورم معدہ وجگر فواق
کے واسطے بہت ہی مجرب ہے۔ از مجرب جناب قبلہ ام حکیم سید رضا منعلی
صاحب۔ سنبل الطیب۔ مصطگی رومی۔ زعفران۔ طباشیر۔ دارچینی۔ اذخر
اسارون۔ قسط شیریں۔ غافث۔ تخم کشوث۔ منقے۔ تخم کرفس۔ زراوند
طویل۔ حب بلسان۔ عود عرقی۔ دانہ ہیل ہر یک ایک تولہ۔ گل سرخ ۲۰ تولہ
شہد خالص میں جوارش۔ بناکر خوراک ۳ ماشہ ہمراہ سکنجبین سرکے کھانا
مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ دواالک کبیر برائے صلابت جگر۔ طحال۔ استسقا
ورم معدہ۔ سنگ گردہ مجرب ہے۔ لک مغسول۔ دوقو تخم کرفس۔ بیخ برگ
چنبیلی۔ زیرہ سیاہ۔ زنجبیل۔ کمافیطوس۔ زوفائے یابس ہر ایک ایک
تولہ۔ جنتیانا ۲ تولہ۔ زراوند خورد۔ صبر۔ سنبل الطیب۔ حب بلسان۔ سلیخہ
مصطگی رومی میتقل۔ قصب الذریرہ۔ اسارون۔ کندر۔ دارفلفل۔ زراوند
طویل۔ جعد۔ ریوند۔ اذخر۔ حب الآس ہر یک ایک تولہ۔ سبکو کوٹ کر شہد خالص
نیم آثار میں معجون بناکر ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے

نوع دیگر۔ درد معدہ۔ مجرب جناب قبلہ ام حکیم سید ضامن علی صاحب عنب الثعلب ۳ ماشہ۔ تخم کرفس۔ بذر البنج۔ برگ بادرنجبویہ۔ مرزنجوش زعفران۔ قرنفل۔ کبابہ۔ خرفہ۔ افیون۔ جند بید ستر۔ زنجبیل۔ عود شیرین اسارون ہر یک ۲ ماشہ۔ ان سب کو کوٹ چھانکر شہد پاؤ آثار میں ملاکر معجون بناکر خوراک ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ عرق مکو ۵ تولہ عرق بادیان سکنجبین سرکہ ہر یک ۲ تولہ۔ کھانا مجرب ہے۔ **نوع دیگر**۔ ضماد زنجبیل عرق مکو ہر یک ۲ ماشہ برگ مکو ۲ تولہ۔ بادیان خشک ۲ ماشہ۔ گیری ۳ ماشہ۔ انکو پیکر عرق مکو میں معدہ پر ضماد کرنا بہت ہی مفید ہے۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے درد معدہ و جگر و طحال مجرب جناب قبلہ ام صاحب نمک سانبر۔ نمک سیاہ۔ نمک سنگ۔ نمک لاہوری۔ جو کھار۔ زیرہ سیاہ۔ انگور۔ انار دانہ۔ پوست سماق۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل پھل لندار ہر یک ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا کر۔ خوراک ایک ماشہ کھانا مجرب ہے۔ **نوع دیگر**۔ روغن مصطگی برائے درد۔ معدہ و جگر ورم طحال۔ رومی مصطگی۔ روغن گل۔ شیشی میں روغن گل میں مصطگی کو ڈالکر شیشی کا مُنہ بند کرکے پتال جنتر کرکے روغن کھینچیں پھر اسی روغن میں سے ایک سُرخ خوراک کھانا مجرب ہے۔ اور اسی روغن کا ضماد کرنا مفید ہے۔ مجرب ہے۔ **نوع دیگر**۔ درد معدہ اور حَبّ قبض کشا صبر۔ سورنجان ہر یک ایک تولہ۔ شیرین و ملخ ۲ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ۔ در عرق گھیکوار ۵ تولہ میں گولیاں بناکر برابر نخود کے کھانا مجرب ہے

نوع دیگر۔ برائے حب ہاضمہ۔ نمک لاہوری۔ مرچ سیاہ ہر ایک تولہ نوشادر سوہاگہ۔ ہر یک ۲ ماشہ۔ ۵ تولہ عرق لیموں میں کھرل کرکے

حب بمقدار نخود بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام کھانا مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ برائے حب ہاضمہ۔ نمک لاہوری۔ نوشادر۔ جوکھار۔ صبر سوہاگہ سوختہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ مکو۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ ہر یک ۲ ماشہ عرق بادیان میں گولیاں برابر نخود کے بنا کر کھانا مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ برائے ضماد۔ درد معدہ۔ زنجبیل۔ نمک لاہوری۔ جوکھار ہر یک ۲ ماشہ۔ گودہ گھیکوار میں ملا کر ضماد کرنا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ چورن قبض کشا۔ انار دانہ۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر۔ نمک سیاہ جوکھار۔ نوشادر۔ مصطگی رومی۔ زنجبیل۔ سوہاگہ۔ زیرہ سیاہ۔ حلتیت پیپل ہر یک ۲ ماشہ سب کو ملا کر سفوف بنا کر خوراک ۳ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ عرق مکوہ ۵ تولہ سکنجبین ۲ تولہ سرکہ کھانا مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ ضماد۔ برگ سنا مکی سبز۔ کشنیز سبز ہر یک ۲ تولہ۔ بادیان۔ جوکھار گیرو۔ زنجبیل ہر یک ۲ ماشہ۔ سرکہ انگوری ۵ تولہ میں ملا کر معدہ پر ضماد کرنا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ در امراض فواق یعنے ہچکی از مجربات مطب خود قرنفل ۱۰ عدد منہ میں چبا کر لعاب اس کا نگلیں فواق ہچکی دور ہو جاوے گی دیگر۔ برائے ہچکی۔ تخم شبت ۳ ماشہ۔ شراب انگوری ایک تولہ میں تر کر کے قدرے قدرے کھاویں۔ دیگر برائے فواق۔ زیرہ سیاہ ۳ ماشہ سرکہ ۴ تولہ میں جوش دیکر قدرے قدرے پلا دیں مجرب ہے۔
دیگر۔ واسطے ہچکی کے۔ دارچینی ۱ ماشہ۔ پانی ۵ تولہ میں جوشدیکر پلاویں مریض فوراً اشفا پاوے۔ دیگر۔ اسی مرض کیواسطے از مجربات خود۔ ببابہ بجائے تمباکو حقہ میں رکھکر جلاوے۔ مجرب ہے۔ دیگر۔ از مجربات برائے فواق۔ شونیز ایک ماشہ باریک کر کے مسکہ گاؤ میں ملا کر قدرے

قدرے چاٹیں مجرب ہے۔ دیگر۔ مجرب برائے فواق۔ ایک پر مور کا جلاکر اور ٹاٹ کہنہ ایک تولہ جلاکر دونوں کو ایک تولہ شہد میں ملاکر قدرے قدرے چاٹنے سے فوراً فایدہ ہوتا ہے۔ دیگر۔ طلسم برائے فواق۔ چرک مگس عورت کے دودھ میں گھسکر ناک میں ڈالنے سے فوراً ہچکی دور ہوتی ہے۔ دیگر برائے ہچکی۔ دانہ ماش سبوس نخود ہر ایک ایک ماشہ بجائے تمباکو حقہ میں پلانے سے فوراً ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ نہایت مجرب ہے۔ دیگر طلسم برائے ہچکی۔ پوست نارجیل۔ برگ برگد۔ برگ انبہ خشک بجائے تمباکو حقہ میں پلانے سے فوراً ہچکی دور ہو جاتی ہے۔ دیگر۔ طلسم ہچکی۔ خار مغیلاں تولہ ایک پانی میں جوشدیکر پلانیسے فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے درب المعدہ یعنے اسہال معدے کو فوراً بند کردے مجرب ہے۔ ماجوپھل۔ مائیں۔ حب الاس۔ افیون۔ صمغ عربی۔ ہر یک ایک ماشہ پانی میں پیسکر گولیاں نخود کے برابر بناکر ۲ صبح اور ۲ شام کو ہمراہ عرق سونف کھلاویں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ اگر بدہضمی سے اسہال آتے ہوں تو یہ دوا نہایت مجرب ہے۔ پودینہ خشک۔ دانہ الائچی سفید۔ بادیان ہر یک ۳ ماشہ۔ مویز منقی، دانہ پاؤ بھر پانی میں جوش دیکر ایک تولہ مصری ملاکر قدرے قدرے پلانے سے فوراً آرام ہوتا ہے۔

نوع دیگر۔ جب تنکار واسطے بڑھ جانے شکم کے اور درد شکم کے اور رفع قبض کے نہایت مجرب ہے۔ تنکار۔ بذر البنج۔ فلفل سیاہ۔ صبر سقوطری ہر یک ۲ ماشہ۔ شیرہ کنوار گندل ۵ تولہ میں حل کر کے گولیاں بناکر نخود کے برابر۔ ہر روز شب کو ایک گولی کھلادیں۔ بہت فایدہ ہوگا۔ مجرب ہے نوع دیگر۔ واسطے اسہال معدے کے بہت مجرب ہے۔ برگ جامن۔ برگ

ببول۔ ماجو ہر یک ایک تولہ۔ مائیں خورد۔ مائیں کلاں۔ صمغ عربی۔ افیون
ہر یک ۲ ماشہ۔ لعاب بہیدانہ ۳ ماشہ۔ میں گولیاں برابر چنے کے
بنادیں اور ہمراہ آب جغرات کے ایک گولی کھلادیں کیسے ہی پرانے
دست آتے ہوں۔ انشاء اللہ دو ایک روز میں کلی فایدہ ہوجاتا ہے
نوع دیگر۔ معجون سنگ دانہ مرغ جہت ضعف معدہ۔ اگر معدہ ضعیف
ہوگیا ہو تو اس کا استعمال چند روز کرنے سے معدہ اپنی اصلی حالت پر
آجاتا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔ پوست سنگ دانہ مرغ ۱ درم۔ طباشیر۔ گلسرخ
پودینہ خشک۔ پوست بیرون پستہ۔ دانہ الائچی سفید۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ
پوست سماق ہر ایک ۲ ماشہ لیکر خوب کوٹ چھانکر شہد دوچنداں
ملاکر معجون بنادیں۔ خوراک ۳ ماشہ صبح ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ بہت مجرب
ہے نوع دیگر۔ اگر معدہ میں ورم ہوگیا ہو تو معجون افسنتین کا استعمال
کرنا نہایت مجرب ہے۔ ص۔ نسخہ معجون افسنتین۔ افسنتین ۷ درم۔ انیسون
تخم کرفس سلیخہ۔ ہر یک ۱۵ درم۔ افیون ۳ درم۔ جند بید ستر ۲ تولہ۔ شہد
دگنا ملاکر معجون بنادیں۔ خوراک ۲ درم ہمراہ شربت بزوری حار فاشا سازد
بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ہیضہ از مجربات بندہ۔ انیسون۔ زیرہ
سیاہ۔ مصطگی۔ عود ہندی۔ انار دانہ ہر ایک ۳ ماشہ سبکو پانی نیم آثار میں جوشدیکر
جب نصف رہجاوے قدرے قدرے پیا کریں۔ انشاء اللہ صحت ہوگی
نوع دیگر۔ برائے ہیضہ نہایت مجرب نسخہ ہے۔ نارجیل دریائی پپیتا دونوں
کو قدرے قدرے عرق گلاب میں گھسکر بیمار کو پلادیں فوراً شفا پاوے
نوع۔ معجون زنجبیل مقوی معدہ و قبض کشا۔ ہر ایک بیماری معدہ کو فایدہ
مند ہے۔ عجیب نسخہ ہے۔ زنجبیل ایک تولہ۔ تربد سفید ۲ تولہ۔ حب النیل ۱ تولہ

غاریقون ۶ ماشہ ۔ لاجورد مغسول ایک تولہ ۔ سقمونیا ۳ ماشہ باریک پیس کر دو چندان شہد ملا کر معجون بناویں ۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان اگر مسہل کی ضرورت ہو تو ایک تولہ شب کو ہمراہ دودھ نیم گرم ایک پاؤ کے کھاوے ۔ صبح کو دو چار اسہال ہو جاوینگے مجرب ہے ۔ اور یہ معجون اصلاح جگر کی بھی کرتی ہے ۔ جگر اور طحال کو ازبس مفید ہے ۔ نوع دیگر ۔ برائے وجع الفواد ۔ یہ معدی مرض ہے ۔ اس میں اکثر قے شروع ہو جاتی ہے اور درد جانب قلب سخت قلق اور تکلیف ہوتی ہے ۔ تو اس کا علاج کرے ورنہ خطرہ جان کا ہے ۔ یہ معجون بمقام فیروزپور جب میں میونسپل طبیب تھا تو جناب نواب محمد حیات خاں صاحب سشن جج مرحوم کو یہ عارضہ ہوا تھا ۔ اُسوقت حکیم سید عالم شاہ صاحب و حکیم غلام نبی زبدۃ الحکماء بھی تشریف لے گئے ہوئے تھے ۔ اس دوا سے فایدہ ہوا تھا ۔ افسنتین تخم کرفس ہر یک ۲ تولہ بادام مغز تلخ ۴ تولہ شہد سہ چندان ملا کر بطور معجون کے بناویں ۔ خوراک ایک درم ہمراہ آب انار شیریں کے کھلاویں نہایت مجرب ہے ۔ نوع دیگر ۔ برائے تبخیر معدہ و سوزش معدہ ۔ یہ نسخہ مالیخولیا مراقی کو بھی از حد مفید ہے ۔ اور عطش اور بے چینی کو روکتا ہے ۔ برادہ صندل سفید ۔ کشنیز خشک ہر یک ۶ ماشہ ۔ گل نیلوفر ۳ ماشہ ۔ سب کو رات کے وقت پانی میں ڈالکر صبح کو آب زلال اسکا نکالیں ۔ اور اس پانی میں شیرہ خرفہ ۳ ماشہ کا نکالکر ۲ تولہ مصری ملا کر چند روز استعمال کریں نہایت فایدہ ہوگا ۔ نوع دیگر ۔ واسطے مراق و تبخیر معدہ عجیب طلسم ہے اسمیں چٹکلے اسواسطے درج کئے ہیں کہ شائقینوں کو دقت نہ ہو ۔ اور ایک ایک نسخہ بارہا مرتبہ تجربہ کر کے تحریر کیا ہے ص کشمش سبز یعنے میوہ ۹

دانہ ۵ تولہ عرق گلاب میں تر کر کے صبح کو پہلے کشمش کھاویں اور عرق پی لیویں نہایت مجرب ہے نوع دیگر سفوف برائے اصلاح طفلان اگر بچہ کے پیٹ میں خرابی ہو گئی ہو یا دست آتے ہوں تو یہ سفوف حسب مقدار بچہ کے خانگی دودھ میں دو تین دفعہ دینے سے بچہ موٹا تازہ ہو جاتا ہے اور بڑے کو بھی مفید ہے۔ کچور۔ سوہاگہ بریان۔ طباشیر۔ دانہ الائچی سفید ہر یک ۲ ماشہ لیکر سفوف بناویں۔ اگر جوان کو دیویں تو ایک ماشہ سے کم نہو ہزار ہا مرتبہ آزمایا ہوا ہے

فصل گیارھویں علاج جگر کے بیان میں

نوع۔ عرق مفرد واسطے استسقاء سوء القنیہ کو از حد مفید ہے۔ یہ نسخہ گورو صاحب گورو بشن سنگھ ضلع فیروزپور کیواسطے استعمال کیا تھا پوست کچنال و پوست سرس ہر یک ایک سیر پانی میں شب کو تر کر کے صبح کو عرق کشید کریں اول برشعشار ایک سرخ کھلا کر اوپر سے پانچ تولہ عرق پلادیں نہایت مجرب ہے۔ نوع دیگر سفوف سوء القنیہ وابتدائے استسقاء یہ سفوف بارہا میرے تجربہ میں آچکا ہے۔ اس کا فایدہ بمنزلہ اکسیر کے ہے پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بابیلہ۔ آملہ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ دارفلفل ہر یک ایک تولہ خبث الحدید ۲ تولہ۔ قند سیاہ ایک تولہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بناویں اور خوراک ۴ ماشہ صبح اور ۴ ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری حار جس کا نسخہ ہمراہ درج ہے۔ پرہیز اشیاء مولد بلغم۔ انشاء اللہ چند روز کے استعمال سے فایدہ عظیم ہوگا۔ نوع دیگر شربت بزوری حار واسطے ورم جگر و سوء القنیہ کے مجرب ہے۔ سونف۔ بیخ کاسنی۔ تخم کاسنی۔ سونف بیخ بادیان۔ تخم خرفہ ہر یک ماشہ۔ مغز کدو شیریں۔ تخم قرطم ہر ایک

ڈیڑھ تولہ۔ گل غافث ۹ ماشہ تخم خطمی ۶ ماشہ۔ اصل السوس ایک تولہ۔ سنبل الطیب
۶ ماشہ۔ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ گاؤزبان ایک تولہ۔ مویز منقی ۵ تولہ۔ تخم کشوث
۵ ماشہ۔ تخم خربزہ۔ تخم خیارین ہر یک ڈیڑھ تولہ۔ مکو خشک ۱ تولہ۔ سب کو
رات کے وقت عرق بادیان نیم آثار اور عرق مکو سہ آثار میں کوٹ کر تر
کریں صبح کو قوام کر کے نبات سفید ایک آثار ملا کر شربت بناویں ۲ تولہ خوراک
نوع دیگر۔ دوائی عجیب عطیہ حضرت سجادہ نشین چاچڑان شریف حضرت
خواجہ غلام فیروز صاحب مرحوم واسطے اصلاح جگر و خرابی معدہ اور
علت بدنی کے اور ضعف دماغ کے اور کمی بھوک کے اور ورم جگر کے
اور استسقا کے اور اسہال جگری کے لئے حکم اکسیر کا رکھتی ہے۔ خواجہ صاحب
نے اپنی زبان مبارک سے خود ارشاد فرمایا تھا کہ مجھکو بہت بھروسہ ہے
اس دوا پر (ص) کالی زیری۔ پوست ہلیلہ زرد۔ چرونجی مغز بھلانوہ۔ دارچینی
ہر یک ۲ تولہ۔ بھنگرہ سیاہ ۳ تولہ۔ بیخ لجالو ساڑھے تین تولہ۔ قند سیاہ
کہنہ در وزن ادویہ ملا کر گولیاں نخود کے برابر بنا کر چالیس روز تک کھاوے
تمام عمر انشاءاللہ کوئی عارضہ نہ ہوگا۔ اگر اس میں پانچ آثار گڑ کہنہ ملا کر تین سو
ساٹھ گولیاں بناویں اور سال بھر استعمال کریں تو بال سفید سیاہ ہو
جاویں گے۔ یہ بھی کایا کلپ کا نسخہ ہے **نوع دیگر**۔ دوا ر لکبریت۔ واسطے
استسقاء و خرابی معدہ و جگر و عسر البول و سنگ گردہ و مثانہ۔ تنگی تنفس
و سرفہ کو نافع ہے (ص) گوگرد زرد۔ مرصافی۔ بذر البنج سفید۔ قرومانا۔ میعہ سائلہ
سداب۔ قسط تلخ ہر یک ایک تولہ۔ افیون۔ زعفران۔ سلیخہ۔ فلفل سفید
ہر یک ۹ ماشہ۔ شہد پاؤ آثار میں ملا کر معجون بناویں خوراک ۳ ماشہ صبح اور
۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ **نوع دیگر**۔ برائے یرقان ورم جگر

کو فایدہ کرے اور حمیات کو نافع ہے (ص) غافث ۔ صبر سقوطری ۔ ہریک ایک تولہ ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ ۔ سب دواؤں کو کوٹ کر پانی کرفس میں گولیاں برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ عرق بادیان ۱۱ تولہ کے کھانا مجرب ہے

نوع دیگر ۔ شربت مرکب برائے سوء القنیہ وورم جگر ویرقان اسود و استسقا مرض جگر کو مفید ہے ۔ تخم کشوث ۔ سعد کوفی ۔ نانخواہ ہریک ۲ ماشہ ۔ گل سرخ گاوزبان ۔ بادیان ۔ تخم خیارین ۔ تخم خربزہ ۔ بیخ کرفس ۔ بیخ اذخر ۔ تخم کاسنی ہریک ایک تولہ ۔ ریوند چینی ۱ ۔ مویز منقی ۵ تولہ ۔ بیخ کاسنی ۔ بیخ بادیان ہریک ایک تولہ ۔ عناب ۲۰ دانہ ۔ سپستان ۳۰ دانہ ۔ عنب الثعلب ۱ تولہ ۔ بسفایج پرسیاؤشان ۔ ساذج ہندی ۔ انیسون ۔ سنبل الطیب ۔ اسارون ۔ ہریک ۲ ماشہ ۔ انجیر زرد ۵ عدد ۔ مصطگی ۳ ماشہ ۔ عرق مکو اسیر نبات سفید ایک سیر ملا کر شب کو عرق مکو میں تر کر دیویں ۔ صبح کو جوش دیکر صاف کر کے نبات ملا کر شربت بنا لیویں خوراک شربت ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام ہمراہ عرق بادیان کے ۔

نوع دیگر ۔ اگر بسبب قبض کے جگر پر صدمہ ہو اور اشتہا نہ ہوتی ہو تو تخم قرطم ۔ مغز بادام ہریک ایک تولہ ۔ گلقند ۲ تولہ عرق بادیان ۱ تولہ ۔ میں پیکر ۲ تولہ سکنجبین سرکہ کی ملا کر چند روز استعمال کریں ۔

نوع دیگر ۔ ضماد برائے ورم جگر ۔ چوب انگوسکی راکھ ۔ اذخر ۔ شبت ۔ ہر یک ۲ ماشہ سرکہ میں ملا کر لیپ کریں مجرب ہے ۔

نوع دیگر ۔ دوا الکرکم امراض جگر ۔ کمی اشتہا ۔ وریح الکبد و استسقا کو از حد مفید ہے ۔ زعفران ۲ تولہ ۔ اسارون ۔ انیسون ۔ فطراسالیون ۔ ریوند چینی ہریک ۲ ماشہ ۔ سنبل الطیب ۔ قسط تلخ ۔ سلیخہ ۔ نفاخ اذخر ۔ حب بلسان ۔ نوہ ۔ رب السوس ۔ جعد ۔ مصطگی ۔ غافث ۔ روغن بلسان ۔ مرصافی ہریک ۴ ماشہ

شہد دو وزن ملا کر معجون بنادیں۔ خوراک ۳ ماشہ صبح ہمراہ عرق بادیان
باؤ آثار۔ **نوع دیگر** حب برائے استسقاء وسوء القنیہ و ورم جگر مجرب ہے
ریوند چینی ایک تولہ۔ عصارہ غافث۔ تخم کرفس۔ غاریقون۔ مازریون۔
ہر یک ۹ ماشہ سب کو کوٹ گولیاں بنا کر نخود کے برابر۔ خوراک ۲ درم۔
ہمراہ عرق بادیان باد آثار۔ **نوع دیگر**۔ برائے یرقان۔ گندک مصفی ۳ ماشہ
بادام تلخ ۱ تولہ کوٹ کر ہمراہ عرق مکو کے کھاویں مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ واسطے درد جگر و درد معدہ و ورم جگر و یرقان کے نہایت مفید ہے
صبر۔ تربد سفید۔ انزروت۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہر یک
۳ ماشہ۔ نمک ہندی ۱۰ درم۔ مصطگی ۱ درم۔ زعفران ۱ درم ساذج ہندی
قسط تلخ۔ سلیخہ۔ زراوند طویل۔ زنجبیل۔ انیسون۔ تخم کرفس۔ قرنفل۔ خیر بوا
دار چینی۔ کتیرا۔ قاقلہ کبار۔ ہر یک ایک درم۔ سقمونیا ۲ تولہ۔ مشک ۱ ماشہ
سب کو عرق گلاب میں حل کر کے گولیاں برابر نخود کے بنادیں یک درم
روزمرہ کھاویں۔ مجرب ہے **دیگر** خلتن کبیر واسطے درد جگر و ورم جگر
و قولنج کو دور کرتی ہے۔ اشق۔ سکبنج۔ جاوشیر۔ مقل۔ حرمل۔ شحم حنظل
صبر۔ انیسون۔ ہر یک ۱ درم سقمونیا۔ دار چینی۔ سنبل الطیب۔ زعفران
ہر یک ۳ ماشہ۔ جند بید ستر۔ صمغ عربی۔ ہر یک ایک ماشہ ملا کر۔ گولیاں بنا کر
۴ ماشہ صبح ۴ ماشہ شام ہمراہ عرق مکو کے کھاویں۔ یہ نسخہ جالینوس کا ہے
بہت دفعہ آزمایا ہوا ہے۔ **نوع دیگر** برائے امراض جگر و استسقاء و یرقان
و وجع الکبد و ورم الکبد کو اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ دار چینی۔ پوست بیخ کبر۔
فقاح اذخر۔ زعفران۔ سنبل الطیب۔ سنبل رومی۔ انیسون۔ ودقون۔ اسارون
ریوند چینی۔ فطر اسالیون۔ مرصافی۔ قسط شیریں۔ حب بلسان۔ رب السوس

عصارہ غافث۔ سعد کوفی۔ زیت کہنہ۔ اول سب ادویہ کو روغن زیت میں
چرب کرا کے شہد دو چند ملا کر معجون بنا دیں۔ بعد پندرہ یوم کے استعمال
کریں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ معجون واسطے امراض جگر اور معدہ اور
ضعف جگر اور مقوی گردہ اور سلسل بول اور ضعف مثانہ اور استسقاء
کے نہایت مجرب ہے۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ دار چینی۔ آملہ مقشر۔ ہلیلہ زرد
شیطرج ہندی۔ زراوند حرج۔ ثعلب مصری۔ مغز چلغوزہ۔ بابونہ نارجیل
ہریک ۴ ماشہ۔ تخم بابونہ۔ مویز منقی ہریک پنج درم۔ خبث الحدید ۱۰ درم شہد
خالص دو وزن ادویہ ملا کر معجون بنا دیں۔ خوراک ۹ ماشہ۔ ہمراہ عرق
بادیان کے صبح کو ہمراہ دودھ نیم گرم کے شب کو کھاویں۔ نہایت مجرب ہے۔
بھوک بہت پیدا کرتی ہے۔ پیر کو جوان کر دیتی ہے۔ اور قوت باہ بھی
پیدا کرتی ہے۔ اور رنگ سرخ کرتی ہے۔ جب اس کو شروع کریں تو ترشی
مطلق نہ کھاویں۔ نہایت عمدہ دوا ہے۔ اور بارہا تجربہ میں آئی ہے۔

فصل بارھویں علاج طحال کے بیان میں

نوع دیگر۔ ورم طحال رص زنجبیل۔ جواکھار۔ چیتا۔ کیلہ۔ فلفل گرد۔ ان کو لیکر
کوٹ کر شیرہ گھیکوار میں گولیاں برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور
ایک گولی شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے درد
طحال وجگر ومعدہ کو مجرب ہے رص خردل ۳ تولہ۔ سوہاگہ ایک تولہ بریان انکو
کوٹ کر سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے
نوع دیگر۔ سختی طحال وجگر اور اشتہائے طعام کو مفید ہے۔ رص عرق گندھک
بقدر ایک سرخ کے پانی ڈالکر پئیں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ صلابت طحال

ص) نوشادر۔ خردل صاف کر کے شہد میں ملاکر ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام کھانا مجرب ہے
نوع دیگر۔ صلابت طحال۔ مجرب جناب قبلہ ام حکیم سید ضامن علی صاحب (ص) برگ
کیلہ۔ ریشہ درخت تاڑ۔ ان کو لے کر خاک کر کے پانی ڈال کر جوش کر کے
صاف پیویں۔ پھر اس میں سے ۲ تولہ صبح پئیں مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ صلابت طحال و درد جگر مجرب ہے (ص) نچھکنی ۲ سرخ۔ قند سیاہ
۳ ماشہ میں ملاکر ایک گولی بناکر کھانا مجرب ہے۔ اگر گرمی معلوم ہو نو شیرہ
تخم خرفہ اور نبات سفید ملاکر پئیں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ حلوائے جگر اور
صلابت طحال کیواسطے بہت مفید ہے۔ ص) ربالسوس ۳ ماشہ کوٹ کر پھر روغن زرد
قند سیاہ۔ آرد گندم میں ملاکر حلوا بناکر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ صلابت طحال
اور ورم معدہ کو مفید ہے (ص) اچار آم ۲ ماشہ۔ سرکہ ۲ تولہ میں ملاکر
کھانا مجرب ہے نوع دیگر۔ حب برائے طحال (ص) ایلوا۔ سہاگہ بریان۔
فلفل سیاہ۔ انگوزہ۔ آب گھیکوار ملاکر حب برابر نخود فلفل سیاہ کے بناکر
کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے درد طحال (ص) اول لوہے چون یکسرخ
مربہ آملہ میں ڈالکر کھانا۔ دواؤں کو لیکر شیرہ نکال کر پینا مجرب ہے۔ دوا یہ
ہے۔ بہیدانہ۔ گاؤزبان۔ سپستان۔ خشخاش سفید۔ کشنیز خشک۔ مغز بادام
مغز کدو۔ تخم کاہو۔ دانہ الائچی سفید۔ مویز منقی۔ برگ برنج مشک ان
کو لیکر شیرہ نکال کر بنانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ خرابی طحال۔ درد جگر۔ معدہ
استسقا کو مفید ہے۔ ص) اشق۔ صمغ عربی ہر یک ۲ ماشہ۔ زراوند ۲ ماشہ۔
کتیرا ۱ ماشہ۔ سرکہ ۵ تولہ میں حل کر کے طحال اور جگر پر ضماد کرنا بہت
مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ ضماد طحال (ص) صبر ۲ ماشہ زعفران ۳ ماشہ۔ افیون
ایک ماشہ۔ انکو گھیکوار میں ملاکر طحال پر ضماد کرنا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے

حبّ طحال (ص) ایلوا ۲ ماشہ۔ سہاگہ سوختہ ۹ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۹ ماشہ۔ پھٹکڑی۔ جواکھار۔ سجی کھار۔ نوشادر۔ ہر چہار نمک ہر یک ۲ ماشہ۔ گودہ گھیکوار میں سب کو پیس کر حب بقدر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ ورد طحال (ص) عرق لیموں ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ ماشہ۔ خرجھو زرد ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر بھیر برگ جامن ۵ تولہ اور جواکھار ۲ ماشہ۔ ملا کر حب بقدر نخود کے بنا کر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے صلابت طحال (ص) خردل۔ سہاگہ۔ صبر ہر یک ۲ ماشہ۔ قند سیاہ سب کو کوٹ کر گودہ گھیکوار میں گولیاں بنا کر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ طحال (م) گلسرخ۔ گوگل۔ مائیں خورد ہر یک ۵ ماشہ صابن دیسی عرق مکو میں ملا کر طحال پر ضماد کرنا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے طحال و ورم جگر کو مفید ہے۔ پودینہ۔ نلبلوچن۔ زنجبیل ہر یک ۲ ماشہ۔ سفوف بنا کر ۵ تولہ سکنجبین سرکہ کی کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے ضماد جگر و طحال (م) ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ ہر یک ۹ ماشہ آب کاسنی ۵ تولہ کے پیس کر ضماد کرنا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ورم جگر و طحال و جگر (ص) مومیائی ۹ ماشہ۔ خردل ۳ ماشہ۔ قند سیاہ ۵ ماشہ میں ملا کر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ورم طحال و جگر و معدہ کے مفید ہے۔ لک مغسول۔ ریوند چینی ہر یک ۲ ماشہ۔ غافث۔ تخم بادیان۔ تخم شلغم ہر یک ۳ ماشہ۔ افسنتین۔ تخم کاسنی۔ تخم کشوث۔ تخم کرفس ہر یک ۳ ماشہ ان سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ عرق مکو ۵ تولہ کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ ورم جگر۔ اور سپرز کو نافع تر ہے (ص) ہلیلہ سیاہ ۲ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۳ ماشہ۔ تخم کرفس۔ انیسون ہر یک ۹ ماشہ۔ رازیانہ سنبل الطیب ہر یک ۲ ماشہ مصطگی رومی ۳ ماشہ لک مغسول۔ ریوند چینی

افسنتین۔ تخم حماض ہر یک ۲ ماشہ سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر ۳ ماشہ
صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ سکنجبین لیموں ۳ تولہ کے کھانا مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ ورم طحال۔ ورم جگر۔ استسقاء کے واسطے بہت نافع ہے۔ مغز تخم
خیارین۔ مغز تخم خربزہ۔ تخم کاسنی ہر یک ۲ ماشہ تخم کشوث ۳ ماشہ۔ تخم کرفس۔
رازیانہ۔ رب السوس۔ زرشک ہر یک ۲ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ کافور ایک ماشہ مصطگی
رومی۔ صندل سفید ہر یک ۳ ماشہ۔ ریوند چینی۔ سکنجبین ہلیلہ زرد ہر یک ۲ ماشہ
طباشیر ۳ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر ۳ ماشہ ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے

فصل تیرھویں علاج امعائے یعنے پیچش کے بیان میں

نوع دیگر۔ برائے کدو دانہ۔ باؤبڑنگ ایک تولہ جغرات پاؤ ثار ملا کر کھاویں
انشاء اللہ تعالےٰ شفا ہوگی۔ غذا کھچڑی مونگ۔ اور چاول کھاویں۔ تین روز
میں شفا ہو جاویگی۔ مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے دیدان اطفال۔ بابڑنگ
ہلیلہ زرد۔ آملہ ہر یک ۵ مثقال۔ تربد سفید ۳ مثقال۔ خوراک ۲ کھلاویں مجرب
ہے۔ دیگر۔ برائے درد قولنج۔ سہاگہ۔ نوشادر۔ انگوزہ۔ نمک سیاہ
فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ جوا کھار ہر یک ۲ ماشہ۔ پھول آک ایک تولہ سرکہ
۵ تولہ میں کھرل کر کے گولی بمقدار چنے کے بناویں۔ نوع دیگر۔ برائے
زحیر۔ کتیرہ گوند ایک تولہ۔ کتھ ۲ ماشہ۔ ریشہ خطمی ۲ ماشہ۔ عرق بادیان پاؤ
آثار میں بھگو دیں۔ اور شربت بنفشہ میں ملا کر استعمال کریں مجرب ہے
نوع دیگر برائے زحیر۔ کوکنار ۲ درم۔ نیلوفر ۳ مثقال۔ گل گاؤزبان ۳ مثقال
گل سرخ ۲ مثقال۔ مویز منقی ۳ پاؤ۔ اصل السوس ا مثقال۔ مغز تخم
کدو ۲ ماشہ۔ نبات سفید پاؤ آثار۔ تخم خیارین ۲ ماشہ۔ سفوف بناوین مجرب ہے

نوع دیگر۔ زنجیر صادق ۵ اسپغول۔ تخم مرو۔ تخم ریحان۔ بارتنگ۔ تخم خرفہ
تخم خطمی۔ تخم حماض۔ گل ارمنی۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ طباشیر
حب الاس۔ مصطگی۔ گلنار۔ کندر۔ تخم خشخاش ہر یک ۳ ماشہ مجرب ہے۔ نوع دیگر
مسہل صبر۔ گوگل۔ شحم حنظل۔ پوست ہلیلہ۔ ملٹھی۔ کیترا۔ ہر یک ایک ماشہ
تربد سفید ۳ ماشہ فلفل سیاہ ایک ماشہ خوراک ایک ماشہ بوقت شب مجرب ہے
نوع دیگر برائے مسہل۔ ہلیلہ کلاں۔ زرد چوب۔ نمک لاہوری ہر یک ایک تولہ شیرہ
حنظل سبز تین روز کھرل کریں حب بمقدار جنگلی بیر کے بناویں دو یا تین حب دیویں مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ اسہال کے بند کرنے کیلئے۔ گولر خام کوفتہ سفوف بنا دیں۔
خوراک ایک ماشہ۔ ساتھ آب شیریں کے دیوین مجرب ہے۔ نوع دیگر۔
برائے ضماد مسہل۔ اگر معدہ پر ضماد کریں تو قے آویگی اگر ناف میں ضماد
کریں تو اسہال آوینگے اور اگر عانہ پر ضماد کریں بول و حیض جاری
ہوگا۔ بادآور سبز رنگ۔ عصارہ قثاء الحمار۔ خربق سفید ہر یک ایک تولہ
مرداسنگ ۶ ماشہ۔ روغن زرد ۲ تولہ۔ موم سفید و پیہ گوسپند ہر یک
ایک تولہ۔ موم کو روغن میں ڈالیں باقی ادویہ ملاکر ضماد کاغذ پر لگا کر لیپ
کریں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ مسہل۔ اگر عانہ پر ضماد کریں اسہال سودا آوینگے۔
اگر زیر بغل کریں اسہال صفرا آوینگے۔ اگر شانہ پہ ضماد کریں تو اسہال بلغم
آوینگے۔ بوڑھے کمزور آدمیوں کیواسطے از تجربات جناب قبلہ ام حکیم سید
ضامن علی صاحب۔ ترمس مقشر شیر تازہ میں جوش کریں پھر مساوی روغن
گاؤ ملاکر جوش دیویں۔ جب بقوام ہو جاوے۔ تو ایک کپڑے پر لگا کر ضماد
کریں۔ اگر چاہیں کہ اسہال بند ہو جاویں۔ تو کپڑے کو دور کریں مجرب ہے
نوع حب القرع۔ بوٹی زخم حیات ۳ تولہ۔ اس کا پانی نکال کر

سہ روز استعمال کریں خوراک کھچڑی مونگ انشاء اللہ مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے مسہل وطلا سستی قضیب۔ مغز جمال گوٹہ مقشر پاؤ ثار مغز بیدانجیر ۵ تولہ۔ مغز پستہ۔ مغز بادام۔ مغز نارجیل ہر یک ۲ پاؤ بچناک سیاہ وسفید ہر یک ایک تولہ شہد اک پاؤ ثار۔ شیر زقوم پاؤ آثار ان سب کو ایک آتشی شیشی میں ڈالیں اور بطریق روغن کھینچیں خوراک بقدر یک سرخ شیر گاؤ کے ساتھ اور واسطے سستی قضیب سات روز مالش کریں مجرب ہے۔ **نوع دیگر** برائے مسہل۔ مغز جمال گوٹہ مغز بیدانجیر، مغز بادام مقشر بطریق روغن کھینچیں سہ چار قطرہ شیر گاؤ کے سات یا شربت نبات مجرب ہے۔ **نوع دیگر** جوہر مسہل برائے خلط سودا و آتشک وجذام بمنزلہ اکسیر ہے۔ سنکھیا سفید، رسکپور، وار چکنہ نوشادر ہر یک ۲ تولہ در شیر زقوم گولی بنادیں، پھر شیر زقوم کا دوسری بار جوہر کھینچیں، پھر تیسری بار بھی یہی عمل کریں، روغن جمالگوٹہ ۲ تولہ کھرل میں ڈالکر ملادیں پھر شیشی میں ڈالکر نگاہ رکھیں خوراک یک خشخاش ساتھ اجوائن ۲ ماشہ کے کھلادیں مسہل بےنظیر ہے۔

نوع دیگر برائے زحیر مع شجرف۔ افیون، مصطگی رومی ان کو کوٹ کر گولیاں برابر مسور کے بناکر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے پیچش ہر قسم۔ موم ۲ تولہ، مصطگی ۲ تولہ، عود شیریں ۱ تولہ، سب کو کوٹ کر گولیاں برابر جنگلی بیر کے بناکر کھانا مجرب ہے۔ **نوع دیگر** برائے پیچش ہر قسم۔ افیون، عود شیریں ہر یک ایک ماشہ۔ مربہ بہی ۵ تولہ، مصطگی رومی، طباشیر، دانہ الائچی سفید ہر یک ۲ ماشہ ان سب کو کوٹ کر مربہ بہی

۵ تولہ بھی ہیں ملاکر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے اسہال بند کردن مجرب ہے۔ انار دانہ۔ کشنیز خشک۔ بیخ انجبار۔ حب الاس۔ پوست خشخاش زرشک ہر یک ۲ ماشہ سب کو کوٹ کر پانی میں نبات ملاکر شیرہ کر کے استعمال کرنا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے پیچش۔ پوست خشخاش۔ افیون عود شیریں سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے اسہال زحیر کو بہت مفید ہے۔ بھنگ مدبر ۲ تولہ مصطگی رومی۔ بادیان ہر یک ۲ ماشہ بریاں۔ اول بھنگ کو ۵ تولہ روغن میں بریان کر کے پھر ان دواؤں میں ملاکر سفوف بناکر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے پیچش ہر قسم۔ ریشہ خطمی۔ بہدانہ سپستان گل نیلوفر گل بنفشہ ہر یک ۲ ماشہ۔ عناب ۷ عدد ان کو لے کر پانی میں جوش کر کے اسپغول ایک تولہ پہلے کھاکر پھر ان دواؤں کو پینا بہت ہی مجرب ہے۔ اور کھانے کیواسطے دہی چاول کے سوائے اور کوئی چیز نہ کھانا چاہیئے

نوع دیگر۔ برائے زحیر ہر قسم مجرب ہے ص ۱ مصطگی رومی ۲ ماشہ۔ عود موم رطبا شیر ہر یک ۳ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ بادیان ۲ ماشہ۔ کشنیز ۲ ماشہ۔ خرفہ۔ تخم خطمی۔ بہدانہ ہر یک ۲ ماشہ ان کو لیکر بمقدار نخود کے بنا کر کھانا مجرب ہے۔ اور کھانے کیواسطے چاول اور دہی کے سوائے اور کوئی چیز نہیں استعمال کرنی چاہیئے یہ نسخہ چاہیئے۔

فصل چودھویں علاج مقعد کے بیان میں

نوع دیگر۔ برائے بواسیر ہر قسم مجربات جناب قبلہ ام حکیم ضامن علی صاحب

ص) عرق مولی ۲ بوتل ، رسوت پاؤ آثار ان کو پانی میں ملا کر چالیس روز تک آفتاب میں رکھئے پھر ان ادویہ کو ملا کر عرق گلاب میں کھرل کریں یگبرو مقل - کویلہ کریل - مغز بکائن - مغز تخم نیب - قند سیاہ کہنہ - الائچی سفید - جوکھار - سورنجان شیریں - سورنجان تلخ - اندرجو - ناگیسر - کھرل کر کے حب بمقدار نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ چاول پکا کر اُسکے ساتھ کھانا اور غذا نان گندم ، روغن زرد اور کوئی چیز نہیں کھانی چاہیئے یہ نسخہ مجرب ہے۔

نوع دیگر - برائے بواسیر خونی مجرب ہے - (ص) ریٹھہ ، قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ میں ملا کر حب بمقدار نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے - نوع دیگر - برائے بواسیر خونی و بادی مجربات جناب قبلہ ام حکیم سید ضامن علی صاحب (ص) رسوت - مغز بکائن - سنا مکی - گوگل سورنجان تلخ - ہلیلہ سیاہ - آملہ - بلیلہ - تخم گندنا - بریان ہر یک ۲ تولہ ان سب کو کوٹ کر ۱۵ تولہ قند سیاہ کہنہ میں ملا کر گولیاں برابر جنگلی بیر کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی گندنا ۵ تولہ کے کھانا مجرب ہے نوع دیگر - واسطے قطع کرنے بواسیر خونی کے مجرب ہے - پوست سماق بید - کہربا - مازو پھل - ترنفل - گلنار - کشنیز خشک ہر یک ۲ ماشہ چندر بید ستر ۳ ماشہ - صدف ۲ ماشہ سوختہ - نبات سفید ۲ تولہ - ان سب کو سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر - ضماد بواسیر خونی و بادی مجرب ہے - منقل ارزق - تخم گندنا - تخم کتان روغن گل ہر یک ۳ ماشہ یا روغن گاؤ ۱ تولہ - خستہ زرد آلو ۲ ماشہ زردی ۱ تولہ انڈا میں یا روغن گاؤ میں ملا کر ضماد کرنا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ گولی بواسیر خونی کے واسطے مجرب ہے۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ آملہ، صدف سوختہ۔ شاخ گوزن۔ نانخواہ ہر یک ۲ ماشہ۔ مقل ۱ تولہ آب گندنا ۵ تولہ میں سب دواؤں کو کھرل کر کے حب بمقدار نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ حب مقل برائے بواسیر خونی ہلیلہ کابلی ۲ تولہ روغن زرد میں بریان کیا ہوا۔ کہربا ۲ ماشہ۔ مقل ۲ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۵ تولہ۔ کشتہ سفید ۲ ماشہ سب کو کوٹ کر کھرل کر کے قند سیاہ میں گولیاں بنا کر بمقدار نخود کے ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ ضماد برائے بواسیر خونی کے واسطے بہت مجرب ہے از مجربات جناب قبلہ امام صاحب رحمۃ اللہ زعفران۔ افیون۔ بذرالبنج۔ ہر یک ایک ماشہ بیٹھ مرغ۔ تخم خطمی ہر یک ۲ ماشہ۔ تخم کتان ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ۵ تولہ میں ملا کر ضماد کریں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ ضماد بواسیر خونی کیواسطے مجرب ہے۔ رسوت۔ موم۔ گل خطمی۔ مقل ہر یک ایک ماشہ زردی بیضہ مرغ ایک تولہ میں ملا کر ضماد کرنا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے شقاق مقعد از حد مجرب ہے۔ مرداسنگ۔ گل روغن سفیدہ۔ موم سفید ہر یک ۳ ماشہ ان کی مرہم بنا کر استعمال کرنا مجرب ہے

نوع دیگر۔ برائے بواسیر و اسہال زحیر کو بہت مفید ہے۔ تخم ترہ تیزک بریان ایک تولہ۔ تخم کتان بریان۔ اسبغول بریان۔ تخم کرفس بریان ہر یک ۲ تولہ۔ گل ارمنی۔ تخم مرو ہر یک ایک تولہ سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام ہمراہ پانی گرم کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے بواسیر خونی مجرب ہے۔ رسوت ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ

تخم نیب۔ تخم بکائن ہر یک ۶ ماشہ۔ ریٹھہ ایک ماشہ۔ تخم کرفس۔ تخم گندنا ہر یک ۶ ماشہ سب کو کوٹ کر عرق گندنے میں گولیاں بمقدار جنگلی بیر کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ضماد بواسیر خونی و بادی۔ کافور ایک ماشہ۔ رسوت ۲ ماشہ۔ گولی سیسہ اعداد کشتہ سفیدہ ۶ ماشہ ان کو ۵ تولہ عرق گندنا میں یا ۲ تولہ عرق پیاز میں کھرل کر کے مقعد پر ضماد کریں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے بواسیر شقاق مقعد کیواسطے بہت مفید ہے (ص) روغن گل یا روغن زرد میں کافور ملا کر مقعد پر ضماد کرنا پھر بھنگ کی ٹکیاں بنا کر روغن زرد میں تل کر مقعد پر خوب زور سے باندھنا بہت مفید ہے مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ ایک پیاز کو لیکر آگ میں جلا کر ٹکیہ مقعد پر باندھنا بہت مفید ہے۔ اور بہت مجرب ہے۔

فصل پندرھویں علاج گردہ و مثانہ کے بیان میں

نوع دیگر۔ برائے حب گردہ و مثانہ و بول الدم کو بہت مجرب ہے (ص) بذر البنج۔ تخم کرفس۔ رازیانہ۔ کاکنج۔ تخم خربزہ۔ تخم حماض ہر یک ۶ ماشہ افیون ۳ ماشہ۔ مغز چلغوزہ بریان ۶ ماشہ۔ مغز فندق ۱ ماشہ۔ مغز بادام شیریں بریان ۶ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ کتیرا ۶ ماشہ۔ سب کو لیکر کوٹ کر گولی بمقدار نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ شربت بزوری کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے سنگ گردہ اور درد گردہ کیواسطے بہت مفید ہے از مجربات جناب قبلہ ام حکیم سید ضامن علی صاحب گلقند ۲ تولہ۔ برگ انگور بنر بادیان ہر یک ۶ ماشہ ان کو

پیکر شیرہ نکالکر پینا بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے تقطیر البول و سرعت انزال کیواسطے بہت مجرب ہے (ص) گلنار تولہ، بلوط تولہ، شونیز تولہ۔ کشنیز خشک ۲ تولہ زیرہ کرمانی ۲ تولہ۔ کرو مانا، نانخواہ ہریک ایک تولہ، پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ، آملہ مقشر ہریک ایک تولہ شہد خالص پاؤ آثار میں سب کو کوٹ کر معجون بنا کر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ دودھ گاؤ کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے ماسک البول بہت مجرب ہے (ص) اقاقیا، گلنار، صندل سفید، صندل سرخ، عدس سرخ، قصب الذریرہ، تخم حماض، صمغ عربی، طباشیر، تخم مورد ہریک ایک تولہ۔ کندر ۶ ماشہ، شربت بزوری پاؤ آثار خالص میں یہ ادویہ ڈال کر معجون کر ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے سنگ گردہ و مثانہ کو پارہ پارہ کر کے نکال لاوے بہت مجرب ہے (ص) حجر الیہود، حب القلت، مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ، مغز تخم کدو شیرین، ہریک ایک تولہ۔ خار خسک، تخم کرفس، سپابیوں، فطر اسالیون، صمغ عربی، کتیرا ہریک ۲ ماشہ سب کو کوٹ کر نبات سفید ملا کر ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام ہمراہ دودھ کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے قروح گردہ و مثانہ کو بہت ہی مفید ہے از مجربات جناب قبلہ ام حکیم سید ضامن علی صاحب (ص) گل مختوم، دم الاخوین، نشاستہ کندر، مغز تربز ہریک ۶ ماشہ، مغز تخم خیارین شیرین ایک تولہ تخم کرفس تخم گندر، رب السوس ہریک ۶ ماشہ۔ لک مغسول ۹ ماشہ، ریوند چینی ۲ ماشہ مغز حب الصنوبر ۹ ماشہ، خشخاش سفید ایک تولہ، تدر البنج سفید ۲ ماشہ

سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری کے کھانا بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے حرقت البول و درد گردہ و مثانہ کو نافع ہے ص مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز کدو۔ خرفہ۔ خشخاش سفید۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ رب سوس۔ بذر البنج سفید ہر یک ۶ ماشہ۔ قند سفید ۲ تولہ۔ حجر الیہود۔ گل مختوم۔ دم الاخوین ہر یک ۶ ماشہ۔ خوراک ۳ ماشہ

نوع دیگر۔ برائے ذیابیطس کو بہت ہی نافع ہے ص صمغ عربی۔ گل ارمنی۔ گلنار۔ سماق۔ بلوط۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ صندل سفید ہر یک ایک تولہ۔ صندل سرخ ۶ ماشہ۔ مغز کدو شیریں۔ خشخاش سفید ہر یک ۲ تولہ۔ کندر۔ فطراسالیون ہر یک ۶ ماشہ۔ مغز خیارین شیریں ۲ تولہ سب کو کوٹ کر نبات سفید ۲ تولہ ملا کر ایک صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے سوزش بول حبس بول کیواسطے بہت ہی مجرب ہے۔ از مجربات جناب قبلہ ام صاحب (ص) بادیان ۳ تولہ۔ اصل السوس ۴ تولہ گل قرطم سب کو ایک سیر پانی میں جوش کر کے بھپارہ کرنا بہت مفید ہے۔

نوع دیگر۔ برائے سلسل بول۔ بہت مجرب ہے ص سیماب قلعی۔ پارہ بریان۔ ہر یک ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۴ تولہ سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر خوراک ایک ماشہ ہمراہ چاول پختہ کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے سنگ گردہ و مثانہ مجرب ہے ص عقرب ۲ عدد لیکر کلھیا گلی میں ڈال کر آگ میں رکھئے پھر جب عقرب کی راکھ ہو جائے۔ اسمیں سے ایک سرخ ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے حصاۃ گیرے اور گرمی نہ لاوے اور صاحبون محرورون کے بہت ہی مجرب ہے ص مغز خربزہ ۲ تولہ۔ مغز تخم

خیارین۔ صمغ عربی۔ آلو بخارا۔ تخم کاسنی ہر یک ۱تولہ۔ تخم کرفس ایک تولہ سفید ۳ تولہ سب کو کوٹ چھانکر سفوف بناکر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے سفوف سنگ گردہ ومثانہ کو باہر نکالے بہت ہی مجرب ہے (ص) حجر الیہود ایک تولہ۔ مغز خیارین۔ مغز بادام شیرین۔ مغز خربوزہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ تخم کرفس۔ نشاستہ ہر یک ۱تولہ نبات سفید ۵ تولہ ان کو کوٹ کر سفوف بناکر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری ۵ تولہ کے کھانا مجرب ہے

نوع برائے ورم گرم مثانہ کو بہت ہی مفید ہے۔ (ص) مغز خیارین مغز خربزہ۔ مغز کدو شیرین۔ تخم خرفہ۔ تخم خطمی۔ تخم خیارین۔ پرسیاؤشان کتیرا۔ نشاستہ۔ تخم کرفس ہر یک ۶ ماشہ۔ خشخاش ایک تولہ۔ شاہ بلوط کندر ہر یک ۶ ماشہ۔ سعد کوفی۔ خولنجان ہر یک ۳ ماشہ۔ گلنار ۶ ماشہ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ۔ کشنیز خشک ۳ ماشہ۔ حب الآس ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھانکر سفوف بناکر خوراک ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ واسطے تلافی سنگ گردہ ومثانہ کے یہ نافع ہے (ص) نوشادر اجوائن خراسانی۔ چوب چینی۔ ہر یک ۳ ماشہ۔ پنیر مایہ ۲ تولہ۔ انکو عرق بادیان میں جوش کرکے سات روز استعمال کریں بہت ہی فایدہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ واسطے سلسل البول ودرد گردہ کے بہت مجرب ہے۔ (ص) طباشیر کتیرا۔ سنگ جراحت۔ بہدانہ۔ کشنیز مقشر۔ تخم حماض۔ گل ارمنی۔ صندل سفید۔ گلنار۔ صمغ عربی۔ سنگھاڑہ۔ خارخسک۔ تخم خرفہ مقشر قلمی کشتہ۔ مغز خیارین۔ کہربا۔ سبوس اسبغول ہر یک ۶ ماشہ۔ سب کو لیکر سفوف بناکر خوراک ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ لعاب بہدانہ ۳ ماشہ و شربت بزوری ۲ تولہ کے کھانا بہت ہی مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے روغن عقرب واسطے سنگ مثانہ وسنگ گردہ (ص) ریوند چینی
سعد کوفی۔ خبط یانہ۔ پوست بیخ کنیر۔ ہر یک ایک تولہ۔ روغن بادام تلخ ۳۰ تولہ
سب کو کوٹ کر شیشی میں ڈالکر آفتاب میں رکھیں پھر عقرب سیاہ زندہ
اُسی شیشی میں ڈالدیں بعد ایک ہفتہ کے تیار ہو جاویگا۔ تو پھر گردہ پر استعمال
کریں اور دو قطرہ احلیل میں ڈالیں بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے درد
مثانہ وگردہ وبول الدم کیواسطے اس سے زیادہ کوئی دوائی نہیں ہے۔
از مجربات جناب قبلہ ام صاحب (ص) چشمنرج۔ شکر سفید ہر یک ۳ تولہ۔
ان کو کوٹ کر سفوف بناکر ہمراہ آب صندل ۲ تولہ۔ کے استعمال کرنا مجرب ہے
خوراک ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام۔ نوع دیگر۔ برائے سنگ گردہ وسنگ
مثانہ درد گردہ مثانہ کیواسطے بہت ہی مجرب ہے۔ شادنج مغسول۔ دم الاخوین
لبسد۔ کہربا۔ گل نار۔ یشب یمانی۔ تخم خرفہ۔ گل قبرسی۔ باسویہ ہر یک ۲ ماشہ
سب کو کوٹ کر سفوف بناکر ہمراہ آب سماق ۵ تولہ کے کھانا مجرب ہے
خوراک ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام۔

فصل سولھویں نامردی وسستی قضیب کے علاج میں

اکثر یہ مرض جلق کی وجہ سے زیادہ ہوتا ہے۔ اور فی زمانہ دنیا اس میں
مبتلا ہو کر خراب ہو جاتی ہے۔ مابعد نسخہ جات مقوی کی تلاش میں سرگردان
ہو کر اپنی جان بھی تلف کر دیتے ہیں۔ چند نسخہ اکسیر جلق کے بیان کرتا
ہوں انشاء اللہ بہت فایدہ اُٹھاؤ گے۔ اور عاجز کو دعائے خیر سے
یاد کرو گے۔ جو علم سینہ بسینہ کا تھا سب آپ صاحبان کی خاطر درج
کتاب کر دیا ہے۔ ہر ایک نسخہ اس کتاب کا دُر نایاب ہے تلاش کرنیسے

مشکل دستیاب ہوتا ہے۔ اس عاجز کی تمام عمر اسی شوق میں گذری ہے اور سیاحت کا بھی شوق دامن گیر رہا۔ جو جو نسخہ جس کی خدمت گزاری سے حاصل ہوا سب آپکی نظر کرتا ہوں اور جو صاحب کتاب خریدیں اور کسی نسخہ کا امتحان کریں بندہ کو ضرور اطلاع بخشیں۔

واسطے مخلوق کے پہلے ۳ عدد جونک قضیب پر لگادیں اُس کے بعد کسی قسم کا طلا استعمال کریں۔ انشاء اللہ فوراً فایدہ ہوگا۔ بعد جونک لگانیکے یہ عجیب طلسم سے قابل بادشاہوں کے ہے خون مرغ جوان اور خون خصیہ خر کا شہد میں ملاکر قضیب پر مالش کریں۔ تین روز میں نامرد مرد ہو جاویگا۔ نوع دیگر۔ طلا اکسیر کوئی تکلیف نہیں ہوتی نہایت مجرب طلسم ہے۔ زنبور کابلی ۷ عدد۔ قطرب ۷ عدد۔ زلو خشک ۷ عدد روغن کنجد ۱ تولہ میں جلاوے بعدازان جوز بوا۔ ثعلب مصری ہر یک ایک تولہ حل کر کے طلا کریں۔ انشاء اللہ سات روز کے استعمال سے فایدہ عظیم ہوگا بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ طلا دافع سستی۔ تخم دھتورہ ۵ تولہ کو اک کے دودھ میں خوب تر کر کے سایہ میں خشک کریں۔ بعدازان قرنفل ۲ تولہ جوز بوا۔ بسباسہ ہر یک ۲ تولہ ملاکر تپالی جنتر روغن کھینچے سات روز مالش کریں۔ عجیب دوا ہے۔ نوع دیگر واسطے سُستی کے مجرب ہے۔ سرگین کبوتر جنگلی ۲ ماشہ۔ پخال کنجشک خانگی ۲ ماشہ سیماب۔ عاقرقرحا ہر یک ۲ ماشہ عسل خالص۔ شیر مدار ہر یک ایک تولہ۔ روغن گاؤ ۲ تولہ ملاکر لوھے کی کڑاہی میں دو روز خوب رگڑیں اور مثل مرہم کے ہو جاوے سات روز شب کو مالش کر کے پان بنگلہ باندھے عجیب اثر دوائی ہے۔

نوع دیگر واسطے مخلوق کے۔ پوست کنیر سفید۔ قرنفل۔ مغز گھونگچی

بیر بہوٹی۔ کچلا۔ بچناک۔ جوز بوا۔ دار چینی۔ افیون ہریک ۶ ماشہ۔ شیر مدار ۲ تولہ۔ روغن گاؤ ۵ تولہ میں چار روز کھرل کرکے سات روز پٹی باندھیں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ طلسم سستی کا جو اسرار اطبار کا ہے۔ گنجشک نر خانگی اسکے پر دور کرکے خانہ زنبور کابلی میں لٹکا دیوے جب وہ چڑا مرجاوے۔ تو ۵ تولہ روغن گاؤ میں اسکو بریان کریں پھر کھرل کرکے اوپر کف پا کے مالش کرکے مشغول ہووے انشاء اللہ عجیب کیفیت دیکھے گا۔ عجیب طلسم ہے۔ نوع دیگر۔ طلا دافع سستی رص) بلادر۔ مالکنگنی۔ جمال گوٹہ۔ ہریک ۵ ماشہ۔ نارجیل کہنہ ۹ ماشہ۔ مغز اخروٹ ۵ تولہ۔ سب کو کوٹ کر پانی میں جوش کریں اور جب روغن اوپر آجاوے تو روغن کو صاف کرلو ہفت روز مالش کریں مجرب ہے ٭

نوع دیگر۔ ضماد۔ جلق کیواسطے نہایت مجرب ہے۔ بیر بہوٹی۔ گھونگچی سفید بچناک۔ لباسہ۔ جوز بوا۔ قرنفل۔ عاقر قرحا۔ شنگرف۔ پوست بیخ کینر سفید ہریک ۲ ماشہ۔ شیر مدار ۲ تولہ۔ خولنجاں ۲ ماشہ۔ روغن گاؤ ۵ تولہ دو روز شراب برانڈی میں کھرل کرکے سات روز پٹی کریں تبور پیدا ہونگے تمام عمر کو نجات ہو جاویگی۔ مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ سینگ مجلوق کیواسطے حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ عجیب اثر نسخہ ہے۔ بیر بہوٹی۔ قرنفل جوز بوا۔ لباسہ۔ کاپھل۔ اسگن۔ خولنجن ہریک ۶ ماشہ زعفران ۳ ماشہ مالکنگنی ۱۱ ماشہ۔ انبہ ہلدی۔ دار چینی۔ کنجد سیاہ۔ تخم بنولہ۔ تخم ترب ہریک ۱۰ ماشہ۔ پنبہ دانہ ۱۱ ماشہ۔ نارجیل کہنہ ہریک ۱۱ ماشہ۔ مغز بادام ایک تولہ۔ پستہ ۱۱ ماشہ۔ چرونجی۔ زنجبیل۔ موچرس۔ پلاس۔ پاپڑا کنگلی۔ انگوزہ ہریک ۳ ماشہ۔ موم سفید ایک تولہ۔ آب ادرک ۵ تولہ

شراب برانڈی ۵ تولہ۔ شیر گاؤمیش ۳ تولہ سب کو کوٹ کر مخلوط کر لو اور شیر نیمگرم میں دو پوٹلیاں بنا کر ہفت روز خوب گرم گرم سینگ کرو خمیدگی کسی قسم کی ہو گی دور ہو جاویگی مجرب ہے۔

نوع دیگر واسطے قوت باہ کے یہ گولیاں نہایت مجرب ہیں۔ دارچینی خولنجن۔ عاقرقرحا۔ جند بیدستر۔ جدوار خطائی۔ ست لوبان۔ مشک زعفران۔ قرنفل۔ روغن مصطگی۔ دار فلفل۔ بسباسہ۔ سعد۔ سنبل الطیب عود ہندی۔ درونج عقربی سب کو تین تین ماشہ لیکر خوب باریک کرکے برشعشاریں حسب ضرورت گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنا کر دو گولیاں سہ پہر کو ہمراہ دودھ کے کھاوے نہایت مجرب ہے عجیب تاثیر دوا ہے۔

نوع دیگر۔ حب جالینوس مایوس الباہ کیواسطے حکم اکسیر کا رکھتی ہیں نہایت مجرب ہے۔ کنجشک نر خانگی ۲ عدد جو تی ہیں ہوں ذبح کرکے صاف کر لیویں شقاقل مصری ایک تولہ۔ تخم پیازہ سفید۔ خرفہ۔ تخم گندنا۔ ثعلب مصری۔ تخم کدو۔ نمک سپید ہا ہر یک ۶ ماشہ مشک خالص ۳ ماشہ شہد خالص ۲ تولہ۔ ملا کر گولیاں برابر نخود کے بنا دیں ہفت روز ہمراہ آب گوشت کے کھلا دیں۔ انشاء اللہ بہت جلد فایدہ ہو گا۔

نوع دیگر۔ واسطے قوت باہ کے عجیب الاثر دوائی ہے۔ سیماب۔ کبریت کات سفید۔ قرنفل ہر یک ایک تولہ سب کو زردی بیضہ مرغ میں آمیز کرکے ایک روز کھرل کرے۔ حب بمقدار کالی مرچ کے بنا دیں۔ ہفت روز کھانے کی تاب نہ رہے گی نہایت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ نسخہ اکسیر واسطے ضعف باہ اور سرعت انزال کے مجرب ہے۔ اسپند سوختنی نصف بریان

نصف خام۔ پوست خشخاش۔ کنجد سیاہ ہر یک ایک تولہ۔ قند سیاہ ۴
تولہ ملاکر گولیاں برابر جنگلی بیر کے بناویں گیارہ روز میں عجیب تماشہ دیکھو گے
نہایت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ واسطے جریان منی و سلسل البول و سرعت
انزال یہ سفوف عجیب ہے۔ طباشیر سفید۔ کتیرا۔ سنگ جراحت۔ کشنیز
مقشر۔ تخم حماض۔ گل ارمنی۔ صندل سفید۔ گلنار۔ صمغ عربی۔ سنگھاڑہ
خارخشک۔ تخم خرفہ۔ قلعی کشتہ۔ مغز خیارین۔ کہربا شمعی۔ سبوس
اسپغول ہر یک ۱۰ ماشہ۔ سب کو ملاکر سفوف بناویں۔ خوراک ۳ ماشہ صبح
ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ کے کھلاویں۔ سات روز میں بفضل خدا باہ
بھی ایسی پیدا ہوگی جو تاب نہ رہے گی۔ نہایت مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ برائے قوت باہ کے عجیب الاثر دوا ہے۔ نزلہ و سرعت و احتلام
کو از حد مفید ہے۔ کچلہ مقشر ۳ ماشہ۔ زنجبیل۔ قرنفل ہر یک ۲ ماشہ
لعاب بہدانہ ۳ ماشہ۔ حل کرکے گولیاں بمقدار مونگ کے بنا دیں بعد
غذا کے سات روز کھانے سے تاب نہیں رہتی مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ واسطے قوت باہ کے ایک میرے دوست کی زبانی اس کا
تجربہ ہے۔ وہ بہت تعریف کرتے تھے۔ جوہر کچلہ ۳ گرین۔ ٹنکچر اسٹیل ۲
۱۰ ماشہ۔ کونبق ۹ گرین۔ پانی ۱۰ تولہ ملاکر حل کرکے ۳ ماشہ خوراک صبح بعد
ناشتہ کے ہفت روز میں بہت نفع دیتا ہے۔ نوع دیگر۔ واسطے دور
کرنے سستی کے چند روز لیپ کرنے سے سستی دور ہو جاتی ہے یہ
بھی نسخہ میرے دوست کا تجربہ ہے۔ ض۔ بلاڈونہ ۱ ماشہ چربی شیر ۲ ماشہ
دونوں کو ملاکر ہفت روز لیپ کرنے سے بہت فایدہ ہوتا ہے۔
نوع دیگر۔ معجون فلک سیر مجوزہ جناب حکیم حاذق الملک عبدالمجید خاں

مرحوم مغفور نے بندہ کو اپنا قدیمی نیاز مند تصور فرما کے عطا فرمایا تھا یہ نسخہ کسی صاحب کے پاس اطبا میں سے نہیں ہے۔ اسکے عجیب خواص ہیں مقوی اعضا ممسک دافع جریان منی مقوی باہ بعد استعمال قدرت خدا یاد آجاتی ہے۔ عجیب دوا ہے۔ عطر ولایتی۔ بذر البنج۔ جوز ماثل ہر یک ایک تولہ۔ افیون مصری ساڑھے گیارہ ماشہ۔ تخم انجرہ۔ تخم شلجم۔ تخم پیاز۔ انیسون۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ خولنجان۔ تودرین ثعلب۔ شقاقل۔ زنجبیل ہر یک ۶ ماشہ۔ ہرو اربد ۳ ماشہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ عنبر۔ زعفران۔ کالپی سقنقور ہر یک ۳ ماشہ مغز کنجشک خانگی ۵ عدد۔ خصیہ خروس ۵ عدد۔ خصیہ گوسفند ۵ عدد۔ بیخ موتھ ۱ عدد۔ ورق طلا ورق نقرہ ہر یک ۳ ماشہ۔ روغن گھونگچی سفید ۱۰ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق۔ مغز تربوز۔ مغز نارجیل مغز پستہ۔ مغز خربزہ۔ کنجد مقشر ہر یک ایک تولہ۔ بلادر ۶ ماشہ آب سیب۔ آب انگور۔ آب انار۔ ہر یک ۵ تولہ شہد خالص دروزن ادویہ اول گھونگچی ۶ ماشہ اور بیخ موتھ ۱ تولہ۔ اور سنبل سفید ایک ماشہ سب کو پانچ سیر دودھ میں جوش دیکر مسکہ نکال لیوے عطر ولایتی کو جوش دیکر صاف کر لیویں۔ بعد تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر شہد میں ملادیں اوپر سے یہ روغن ملا دیویں ایک ماہ غلہ جو میں بند رکھیں بعد نکال کر ایک رتی کی خوراک ہے۔ اس زمانہ میں یہ اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ یہ نسخہ بادشاہوں کے قابل ہے۔ اشتہا فوراً پیدا ہو جاتی ہے۔ غذا مرغن کھائی جاوے پھر دیکھو کہ کیا تماشا نظر آتا ہے۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر ضماد واسطے جلوق کے مجرب ہے شنگرف۔ سیماب۔ زرنیخ

طبقی ہر یک ایک تولہ - پیاز نرگس ۱ عدد - دارچینی ایک تولہ زہرہ گوسپند
میں کھرل کر کے اوپر قضیب کے مالش کریں اگر سات روز لگا دیں
تو از سرے نوجوان ہو جاویں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ واسطے سختی قضیب
کے مجرب ہے۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ بچناک۔ عاقرقرحا ہر یک ۳ ماشہ
برگ کوکنار ۲ تولہ میں حل کر کے گولیاں بنا چھوڑیں۔ سات روز بوقت
شب ایک گولی گھسکر لیپ کریں۔ اوپر پان بنگلہ باندھیں مانند فولاد کے
ہو جاویگا۔ بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے جلق زدہ اگر نازک
ہو تو اس کا استعمال سات روز تک کریں سُستی دور ہو جاویگی۔ کچلہ
بلادر۔ مال کنگنی۔ مغز اخروٹ۔ نار جیل کہنہ ہر یک ۵ تولہ سب کو ۵ سیر
پانی میں جوش دے کر جب روغن اوپر پانی کے آجاوے صاف کر لو۔
سات روز اس کا استعمال کریں۔ انشاء اللہ فایدہ عظیم ہوگا۔ یہ نسخہ
خاص اسرار اطبا کا ہے۔ میرا بھی مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ جوارش مقوی باہ۔ انیسون۔ تخم کرفس تخم گذر۔ تخم شبت
قرنفل مصطگی۔ عاقرقرحا۔ عود۔ ثعلب مصری ہر یک ایک تولہ۔ شہد ۲۰ تولہ
ملا کر جوارش بناویں۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کے سات روز استعمال
کریں مجرب ہے نوع دیگر۔ طلا دافع سستی۔ و جلق مجرب۔ گھونگچی سفید
مصطگی رومی۔ منسل۔ چرچڑا۔ قسط تلخ۔ سوہاگہ ہر یک ۲ ماشہ سب کو
۵ تولہ روغن کنجد میں جوش دیکر روغن کو صاف کر لیویں سات روز
مالش کریں نہایت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ ضماد دافعہ سستی۔ دارچینی
خردل۔ کاپھل۔ ہالون۔ عاقرقرحا۔ ہر یک ۳ ماشہ۔ سب کو ۵ تولہ عرق
برگ پان میں دو روز کھرل کریں اوپر قضیب کے سات روز مالش

کریں سستی دور ہو جاویگی۔ مجرب ہے نوع دیگر۔ سینک واسطے مخلوق اور سست کے اگروہ سادہ ہو انشاءاللہ سات روز کے عمل میں نامرد پیر جوان ہو جاتا ہے صرلخ قسط۔ عاقرقرحا۔ پیپلا اسول۔ پہوکرمول۔ بیربہوٹی۔ خراطین جوزبوا۔ زفت رومی۔ برادہ عاج۔ ربباسہ۔ پیاز نرگس۔ قضیب گھڑیال قضیب خروس۔ قضیب گاؤ۔ قضیب شتر۔ قضیب سانڈہ۔ چربی شیر چربی خروس۔ چربی غوک۔ مستی فیل۔ زلوخشک۔ مغز سر کنجشک خانگی۔ ہر یک ۶ ماشہ۔ روغن مار سیاہ ۳ تولہ ملاکر دو پوٹلیاں کپڑے میں باندھ کر شیر بھیڑ لیکر گرم کرکے سات روز سینک کریں انشاءاللہ عجیب فایدہ ہوگا جو قابل بیان نہیں یہ نسخہ ایک رئیس حیدرآباد دکن پر آزمائش کیا گیا ہے۔ بمنزلہ اکسیر کے ثابت ہوا ہے۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر ضماد دافع سستی مجرب۔ شیر شتر ۲ سیر۔ کچلہ ۱۰ تولہ۔ مال کنگنی عاقرقرحا ہر یک ۵ تولہ سب کو ملاکر تین روز دھوپ میں رکھیں بعد تین روز کے کھرل کرکے رات کو ضماد لگاویں نہایت مجرب ہے۔ نوع دیگر دافع سستی۔ سرطان ۵ عدد۔ ماہی روہو ایک عدد۔ قرنفل ۱۰ تولہ سنبل سفید ۳ ماشہ سب کو شراب برانڈی میں چار پہر کھرل کریں۔ بعد بتال جنتر میں روغن نکالیں سات روز مالش کریں عجیب الاثر ہے۔

نوع۔ حلوا مقوی باہ مجرب ہے۔ چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز بادام ہر یک ۵ تولہ زنجبیل۔ سناور۔ گورکھ منڈی ہر یک ۲ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ عرق پیاز ۱۰ تولہ۔ روغن زرد پاؤ آثار۔ شہد نیم آثار۔ ملاکر بطور حلوا کے حلوا بنادیں ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ کے کھاویں بکمال مفید اور مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ حب مقوی باہ مجرب ۔عاقرقرحا۔خولنجاں ہر یک ۳ ماشہ۔ثعلب مصری ایک تولہ۔زعفران۔ افیون۔چرس ہر یک ۳ ماشہ۔ تالمکھانا ۱۱ ماشہ۔ جندبیدستر ۲ ماشہ۔جدوار خطائی۔ بیر بہوٹی ہر یک ۳ ماشہ روغن مال کنگنی ایک تولہ۔ قرنفل ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر گولیاں برابر چنے کے بنا دیں روزمرہ کھاویں نہایت مجرب ہے نوع دیگر جوارش مقوی باہ مجرب۔ مغز پنبہ دانہ۔مغز اخروٹ۔ مغز بادام مغز نارجیل۔مغز پستہ۔مغز چلغوزہ۔ مغز فندق۔ چرونجی ہر یک ۲ تولہ خرمہ ایک تولہ۔ خولنجان ۲ ماشہ۔ شقاقل ثعلب مصری ہر یک ۲ تولہ سب کو کوٹ چھانکر شہد دو وزن ادویہ میں ملاکر جوارش بناویں صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ کے پرہیز ترشی بادی کا اور جماع کا ضروری ہے نہایت مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ واسطے قوت باہ کے مجرب علاج ہے۔ ایک چمگادڑ کلاں مُردہ پانی میں جوش دیکر جب گوشت اس کا بالکل مہرہ ہو جاوے۔ اُس پانی میں چاول پکاکر تمام پانی چاولوں میں جذب ہو جاوے تو سایہ میں خشک کر کے وہ چاول ایک مرغ جوان کو اکیس روز کھلاویں۔ بعد اکیس روز کے اُسکو ذبح کر کے خون اُس کا اوپر قضیب کے مالش کریں اور مرغ کو روغن زرد میں بریان کر کے شہد میں معجون بنادیں اور یہ اجزار اُس میں ملادیں انشاء اللہ سات روز میں تاب نہ رہے گی۔ نہایت مجرب ہے۔ وہ اجزار یہ ہیں۔ ثعلب مصری۔شقاقل ہر یک ۳ تولہ۔ خولنجاں ایکتولہ مشک ۳ ماشہ۔ زعفران ۵ ماشہ۔ خوراک ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ کے۔ پرہیز ترشی بادی کا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ دافع سستی و جلق از تجربات بندہ۔ بیر بہوٹی۔ خراطین خشک زلو خشک۔ بیخ کنیر۔ جوز بوا۔ دار چینی۔ لبباسہ۔ عاقر قرحا۔ ہر یک ایک تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۵ عدد۔ قرنفل۔ مالکنگنی۔ برادہ دندان فیل۔ گھو نچی سفید۔ چرک گوش آدمی ہر ایک ایک تولہ۔ جند بید ستر۔ مغز جمال گوٹہ چربی شیر۔ چربی سانڈہ۔ بھلاوہ۔ کچلہ ہر ایک ایک تولہ۔ شیر مدار ۳ تولہ سب کو ۱۰ تولہ شراب برانڈی میں تین روز کھرل کرکے تپال جنتر میں روغن نکالیں۔ رات کو سات دن تک استعمال کریں۔ خواہ کیسا ہی مجلوق ہو سات روز میں صحت ہو جاویگی۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ ضماد سستی مجرب ہے۔ شیر بھیڑ۔ کچلہ۔ بیخ کنیر سفید۔ ہر یک ایک تولہ مالکنگنی ۲ تولہ۔ قرنفل۔ سنبل سفید ہر یک ایک تولہ۔ سب کو ۵ سیر شیر شتر میں سب کو جوش دیکر صبح۔ مسکہ نکالیں سات روز تک مالش کریں مجرب ہے

نوع دیگر۔ طلسم عجائب واسطے قوت باہ کے نہایت مجرب آزمودہ ہے۔ یہ نسخہ بادشاہوں کے واسطے اکثر بنایا گیا کوئی تکلیف نہیں ہوتی اول روز تاب نہیں رہتی۔ ایک مرتبہ یہ نسخہ سرکار چنبہ کے بنایا گیا تھا۔ یہ اسرار سینہ بسینہ کی ہے۔ ایسی اکسیر کو لوگ ظاہر نہیں کرتے قبر میں ساتھ لیکر چلے جاتے ہیں۔ خلائق کے فایدہ کیواسطے درج کتاب کرتا ہوں۔ انشاءاللہ تمام دنیا میں دستیاب نہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

خصیہ خر زندہ پر چار عدد جونک لگاویں۔ جب خون خوب پی لیویں انکو علیحدہ کر رکھیں اور دو عدد جونک چمگادڑ کے سینہ پر لگاویں جب خون پی لیویں۔ ان کو خشک کرکے مشک۔ جند بید ستر۔ قرنفل ہر یک ۲ ماشہ۔ چربی سانڈہ ایک تولہ سب کو شراب برانڈی میں کھرل کرکے

شیشی میں ڈالدیویں اور زیر آفتاب اکیس روز رکھیں بعد ازاں قضیب پر مالش کرکے اوپر پان بنگلہ باندھیں تمام رات میں وہ سختی قضیب ہو جاویگی۔ مگر جماع سے پرہیز کریں نہایت مجرب ہے اور جب طلا لگاوے تو یہ حلوا ہمراہ کھاوے نہایت مجرب ہے۔ زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ موصلی سیاہ و سفید ہر یک ۵ تولہ شہد خالص ہموزن ادویہ ملاکر روغن گاؤ نیم آثار ملاکر حلوا بناویں ۲ تولہ صبح کو کھاویں اوپر دودھ گاؤ پیویں ہفت روز میں تاب نہ رہے گی۔ عجیب نسخہ ہے۔ نوع دیگر۔ طلا دافعہ سستی باہ۔ شراب اسپرٹ ۲ تولہ زنک سرخ ۱۰ ماشہ۔ جند بید ستر ۳ ماشہ۔ روغن کنجد ایک تولہ سب کو ملاکر کھرل کریں اور شب کو مالش کریں مجرب ہے۔ یہ نسخہ بھی عجیب الاثر ہے۔ بغیر ضرر اور تکلیف کے نامرد مرد ہو جاتا ہے۔ اور فوراً اتیار ہو جاتا ہے۔ بہت مفید ہے

نوع دیگر۔ ضماد واسطے مجلوق کے اور سستی قضیب کے اسرار سینہ بسینہ میں ہے بہت مجرب ہے۔ فرفیون۔ جند بید ستر۔ گل کنیر سفید۔ بیر بہوٹی۔ خراطین موینرج کوہی۔ عاقرقرحا۔ دار چینی۔ قرنفل۔ تخم کتائی کلاں۔ سرشف۔ عرق ادرک۔ قسط تلخ۔ اسگند۔ شنگرف۔ ہڑتال طبقی۔ سیماب۔ کمیلہ۔ مالکنگنی سب ادویہ کو برابر وزن لیکر شراب برانڈی میں تین روز کھرل کریں بعدہ دو روز پتہ گاؤ میں کھرل کریں سات روز ضماد کرکے اوپر پان نمگلہ باندھیں انشاء اللہ کسی قسم کی سستی ہوگی دور ہو جاوے گی مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ معجون واسطے قوت باہ کے بہت مجرب ہے۔ مالکنگنی۔ تخم گزر عاقرقرحا۔ قرنفل ہر یک ایک تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ اسپند۔ تخم خشخاش ہر یک ایک تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۱۰ عدد۔ شہد ۵ تولہ۔ ملاکر معجون بناویں خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ کے پرہیز ترشی کا نہایت مجرب ہے۔

نوع دیگر سفوف عجیب واسطے قوت باہ اور مغلظ منی کے حکم اکسیر کا رکھتا
ہے۔ خارخسک ۵ تولہ کو شیرہ خارخسک ۱۰ تولہ میں تر کرکے سایہ میں خشک کریں
بعد ازاں گل انبہ۔ گل کچور ہر یک ۲ تولہ ملاکر سفوف بناویں خوراک ۲ ماشہ
صبح ہمراہ دودھ گاؤ پاؤ آثار کے اور ۲ ماشہ شام ایک ہفتہ اسکا استعمال
کریں مجرب ہے۔ نوع دیگر حب مقوی باہ فایدہ اکسیر کا رکھتی ہیں۔ عاقرقرحا
قرنفل ہر یک ۲ ماشہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ زعفران۔ افیون ہر یک
۲ ماشہ۔ شیر برگد آمیز کرکے نارجیل بند میں ڈالکر اوپر آرد گندم لگا کر
آگ میں پختہ کریں جب آرد سوختہ ہو جاوے نکالکر پیکر گولیاں برابر
نخود کے بناویں پانچ روز میں قدرت خدا ملاحظہ کریگا۔ عجیب الاثر
دوائی ہے۔

نوع دیگر۔ حریرہ مقوی دماغ و مقوی باہ۔ مغز بنولا۔ دال ماش مقشر
ہر یک ایک تولہ۔ ثعلب مصری۔ موصلی سفید۔ ہر یک ۳ ماشہ۔ زردی
بیضہ مرغ۔ شیر گاؤ نیم آثار ملاکر حریرہ بناویں۔ اور آگ پر پختہ کرکے
سات روز صبح کو استعمال کریں انشاء اللہ بہت فایدہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر طلاء دافع سستی قضیب و مجلوق۔ سنبل الطیب۔ افیون
فرفیون ہر یک ۳ ماشہ۔ تخم دھتورہ۔ جوزبوا۔ لہسن۔ عاقرقرحا۔
ہر یک ایک تولہ۔ شنگرف ۲ ماشہ۔ شیرہ برگ چنبیلی۔ شیرہ برگ اک
ہر یک ۵ تولہ۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ میں خوب حل کرکے روغن کو جوش دے کر
صاف کر لو۔ چار پانچ روز شب کو مالش کرو بہت فایدہ ہوگا۔

نوع دیگر طلسم عجیب برائے قوت باہ پیر کو جوان اور نامرد کو مرد کر دیتا ہے
یہ بھی اسرار اطبا کا ہے۔ ایک مرغ جوان لیکر اسکو ہرتال طبقی بقدر

۲ تولہ اکیس روز تک آرد گندم میں ملاکر کھلاویں اور مرغ کو ایک جگہ بند رکھیں اور بعد اکیس روز کے مرغ کو ذبح کر کے خون اُسکا گرم گرم اوپر قضیب کے مالش کریں اور شکم مرغ میں یہ ادویہ پُر کر کے اُسکو روغن زرد میں بریان کریں۔ بعد شہد دو چند ملاکر معجون بنادیں اور جاڑے کے موسم میں سات روز ہمراہ دودھ کے کھلاویں۔ اور جماع سے پرہیز کریں خدا کو منظور ہے تو قضیب مانند آہن کے ہوجاوے گا۔ بغیر عورت کے تاثیر ہوگا +

نوع دیگر۔ روغن سنبل الفار جو جیون بوٹی دنیا میں مشہور ہے عجیب مقوی باہ ہے۔ تحریر سے ثابت ہوجاویگا۔ سنبل الفار ایک تولہ شیر گاؤ ۱۰ اسیر روغن گاؤ شب کو جوش دیکر دہی جمادیں۔ صبح کو اُسکا مسکہ نکال کر ایک قطرہ دودھ میں ڈالکر دیویں طاقت بہت پیدا ہوگی اور باہ بھی اور امساک بھی پیدا ہوتا ہے۔ نوع دیگر۔ واسطے جلوق کے یہ طلا حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ چربی شیر۔ چربی خوک۔ چربی غوک کلان۔ چربی سانڈہ۔ بیر بہوٹی۔ خراطین۔ جوز بوا۔ قرنفل۔ بسباسہ۔ زعفران۔ رمال کنگنی۔ اجوائن خراسانی۔ انگوزہ۔ چرک گوش آدمی۔ شنگرف۔ بیخ کنیر سفید۔ بچھناک۔ گھونگچی سفید۔ عاقر قرحا۔ دارچینی۔ پیاز نرگس۔ مغز کنجشک نر خانگی۔ مغز رالو۔ مغز پنبہ دانہ سب کو شراب برانڈی میں چار پہر کھرل کریں بعد ایک کیلہ پر لگاکر دیکھے کہ کیلہ سخت ہوگیا ہے۔ اگر سخت ہوگیا ہے تو کھرل بند کردیں ورنہ اور چار پہر کھرل کریں۔ غرض اس امتحان میں دوا تیار ہوجاوے گی بعد ازاں قضیب پر ضماد کریں انشاء اللہ دو یوم چار میں عجیب حالت ہوجاویگی بہت مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ یہ گولیاں حکم اکسیر کا رکھتی ہیں۔ جب اس طلا کا استعمال کرے اور ہمراہ اس کے کھانے کے واسطے یہ گولیاں استعمال کریں۔ یہ دونوں نسخے اسرار اطبا کے ہیں۔ ورق نقرہ۔ ورق طلا ہر یک ایک ماشہ۔ سلاجیب افیون ہر یک ۳ ماشہ مشک۔ زعفران ہر یک ایک ماشہ۔ ثعلب مصری جدوار خطائی ہر یک ۲ ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی۔ درونج عقربی ہر یک ۳ ماشہ کچلہ مقشر۔ ست لوبان ہر یک ایک ماشہ۔ مغز کنجشک خانگی ۲ عدد سب کو کھرل کر کے عرق گلاب میں گولیاں برابر نخود کے بناویں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ گاؤ کے کھاویں بہت مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ ضماد دافع سستی و مجلوق مجرب ہے۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ پوست بیخ کنیر سرخ۔ جوز بوا۔ افیون ہر یک ایک تولہ۔ چربی گوہ ۵ تولہ ملا کر گولیاں بنا چھوڑیں۔ وقت ضرورت کے ایک گولی شراب میں گھسکر لیپ کریں سات روز میں عجیب حالت ہو جاویگی سستی فوراً جاتی رہے گی۔ یہ بھی ایک طلسم تماشہ ہے۔ یہ نسخہ ایک شخص دکن کا باشندہ تھا۔ ایک گولی پانچ روپیہ میں فروخت کرتا تھا۔ ہزارہا آدمی کو فایدہ ہوا۔

نوع دیگر۔ طلسم مقوی باہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ سیماب ہر یک ایک تولہ دونوں کو پانی میں جوشدیکر رات کو سوتے میں پانی کا استعمال کریں عجیب الاثر طلسم ہے دیگر۔ سیماب گندھک آملہ سار۔ ہر یک ایک تولہ دونوں کو باریک مثل غبار کرکے ایک رتی شب کو ہمراہ دودھ کے جوش دیکر پلاویں۔ دیکھئے قدرت کیا دکھلاتی ہے۔ نوع دیگر۔ طلسم مقوی باہ۔ مایہ شتر اعرابی ۲ ماشہ پانی میں جوش دے کر جب نصف رہجاوے شب کو سوتے میں پی لیویں۔ پھر دیکھیں کہ کیا مزہ آتا ہے مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ طلسم مقوی باہ ۔ چنے خام ایک تولہ لیکر آتشی شیشی میں روغن نکالیں ایک ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کے سوتے وقت استعمال میں لاویں۔ خود معلوم ہو جاویگا۔ نوع دیگر۔ طلسم ممسک مقوی باہ جو فوراً اثر کرتا ہے۔ سنکھیا ایکتولہ آگ پر رکھکر جب دھواں دیوے ۔ ایک کٹورہ اوپر رکھدیویں۔ جب دھواں کٹورہ میں آجاوے ۔ دودھ ایک پاؤ اس میں ڈالکر پی لیویں فوراً اثر ہوگا بلکہ امساک بھی عمدہ ہوگا۔

نوع دیگر۔ معجون مقوی باہ جو فوراً اثر پیدا کرے۔ مغز بادام۔ آرد خرما۔ ناجیل مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز فندق۔ چرونجی۔ تودری ہر یک ۲ تولہ۔ کمرکس موچرس زیج بند ہر یک ایک تولہ۔ شہد ۲۰ تولہ ملاکر معجون بناویں خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ نہایت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ حب مقوی باہ عجیب الاثر اسگند۔ قرنفل۔ بہوپچلی۔ عاقر قرحا۔ کباب چینی ۔ موصلی سیاہ۔ خولنجاں۔ تخم خشخاش ہر یک ایک تولہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ شہد ۵ تولہ ملاکر گولیاں برابر نخود کے بناویں سات روز تک استعمال کرنے سے فائدہ عجیب ہوگا۔ بہت عجیب مجرب ہے آزمودہ ہے۔

نوع دیگر۔ زعفران۔ دارچینی۔ مشک۔ ریگ ماہی۔ ہر یک ۸ ماشہ افیون ۲ ماشہ سب کا سفوف بناکر ۲ ماشہ ہمراہ دودھ نیم آثار کے کھاویں۔ جو وقت سوزش معلوم ہو تو اور دودھ پینا شروع کرے تا حدے تمام رات میں چودہ سیر دودھ ہضم ہو جاویگا۔ بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ گولیاں واسطے غربا کے اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔ بہت مجرب ہے۔ سیماب۔ گندھک آملہ سار ہر یک ایک تولہ۔ کتھ سفید ۶ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ زعفران دارچینی ہر یک ۳ ماشہ۔ جوزمائل ۲ ماشہ۔ مغز بادام ایک تولہ سب کو

زردی بیضہ مرغ میں سات روز تک کھرل کریں۔ بعد ازاں گولیاں برابر
مرچ سیاہ کے بناویں شب کو ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ کے کھاویں مجرب ہے
نوع دیگر۔ لیپ شاہی واسطے مخلوق کے مجرب ہے۔ عاقر قرحا۔ جوز بوا۔
بسباسہ۔ قرنفل۔ انگوزہ۔ سیماب۔ بذرالبنج۔ تخم کٹائی زرد۔ تخم کٹائی کلاں
نالون۔ ہر یک ۱۰ ماشہ۔ زہرہ گاؤ ۲ عدد۔ شراب برانڈی میں کھرل سات
روز کرکے شب کو قضیب پر ضماد لگاویں۔ سات روز میں عنی مرد ہو جائیگا۔
دیگر۔ لیپ واسطے نامرد کے اسراریں سے ہے۔ عاقر قرحا۔ فرفیون۔
ہر یک ۸ ماشہ۔ مویزج کوہی۔ دارچینی۔ قرنفل ہر یک ۴ ماشہ ۵ تولہ شراب
تند میں سات روز کھرل کرکے ۴ تولہ شہد ملا کر لیپ کریں سات روز
استعمال کریں مجرب ہے دیگر۔ طلا اسراری واسطے مخلوق کے مجرب ہے
ناخن فیل۔ ناخن اسپ۔ بنجال کبوتر۔ بنجال مرغ ہر یک ایک پاؤ روغن بیر
بیر بہوٹی ۵ تولہ ملا کر کھرل کرکے بتال جنتر میں تیل نکالیں۔ بلاتکلف سات
روز مالش کریں کیسا سست ہوگا۔ انشاء اللہ سستی جاتی رہے گی بہت
مجرب ہے۔ یہ نسخہ بھی حضرت قبلہ امام صاحب کے مطب کا ہے۔

نوع دیگر۔ واسطے قوت باہ مایوسوں کے اسراریں یہ چند نسخہ درج کئے جاتے
ہیں۔ جو لاکھوں روپیہ خرچ کرنے سے بھی دستیاب نہیں ہوتے۔ پہلے
بزرگ اس راز کو پوشیدہ رکھتے تھے معجون اسراری جو چند روز
میں تیار کر دیتی ہے۔ سنبل الفار ایک تولہ لیکر ۵ تولہ مویز منقے میں
پوٹلی باندھکر رکھدیویں اور شیر گاؤ میش ۵ اسیر میں پوٹلی کو لٹکا دیوے
جب دودھ کو اکیس مرتبہ جوش آوے تو پوٹلی میں سے سنبل الفار کی
ڈلی کو علیحدہ کرلیویں اور مویز وغیرہ دودھ میں ڈال کر ماوا بنا دیں

جب کھویا ہو جاوے تو ایک سیر روغن زرد میں اُس کو بریان کریں اوپر
سے مغز بادام پاؤ بھر مغز پستہ پاؤ ۔ آثار ۔ زعفران ۳ ماشہ ۔ مشک خالص ۲
ماشہ ورق نقرہ ۲۰ عدد ورق طلا ۱۰ عدد ۔ نبات ایک سیر ملا کر معجون بناویں ۔
خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر ۔ پرہیز ترشی بادی ۔ نوع دیگر ۔
جب مسکین نواز واسطے نامرد کے حکم اکسیر کا رکھتی ہے ۔ قرنفل ۲ تولہ دودھ
آک میں تر کر کے سات روز رکھے ۔ بعد سات روز کے پھل دھتورے
میں بند کر کے آرد گندم میں پھل کو گل حکمت کر کے آگ میں سوختہ کریں
بعد سرخ ہونے کے نکال لیویں ۔ نصف قرنفل چلہ کے جاڑے میں
کھلاویں انشاء اللہ سات روز میں نامرد مرد ہو جاویگا ۔ مجرب ہے
نوع دیگر ۔ اسرار الاطبا ۔ نامرد کو ایک روز میں مرد کر دیتا ہے ۔ بیمار چودہ
سیر پختہ دودھ یک رات میں ہضم کر لیتا ہے ۔ کندش ۳ ماشہ ۔ کاپھل ۶
ماشہ ۔ قرنفل ۔ شنجرف ۔ مازو ۔ ورق نقرہ ورق طلا ہر یک سہ ماشہ
نوع دیگر ۔ معجون بقراط مقوی معدہ و جگر و دماغ و قوت باہ میں بے نظیر
ہے یہ بھی اسراری نسخہ ہے ۔ نانخواہ ۔ تخم گزر ۔ زنجبیل ۔ بسفائج ۔ بیخ
کرفس ۔ فلفل سیاہ ۔ دار فلفل ۔ دارچینی ۔ آملہ مقشر ۔ پوست ہلیلہ زرد
شیطرج ۔ زراوند مدحرج ۔ ثعلب ۔ مغز چلغوزہ ۔ بابونہ ۔ نارجیل ۔ تخم
انجرہ ہر یک ایک تولہ ۔ مویز منقی ۵ تولہ ۔ بہمن سرخ ۔ بہمن سفید ۔ سعد
سلیخہ ۔ اسارون ۔ مصطگی ۔ صمغ عربی ہر یک ایک تولہ ۔ شہد دو چند ادویہ
ملا کر معجون بناویں ۔ خوراک ۵ ماشہ ۔ ہمراہ عرق بادیان ۔ پرہیز ترشی
بادی کا مجرب ہے ۔
نوع دیگر ۔ جوارش نواب علوی خان مقوی قلب و باہ مجرب ہے ۔

آملہ مربہ۔ ہلیلہ مربہ ہر یک ۵ عدد۔ دانہ الائچی سفید۔ کشنیز خشک ہر یک ایک تولہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲۰ عدد۔ ورق طلا ۱۰ عدد اول مربہ جات کو شب کو عرق بید مشک میں تر کر کے صبح کو خوب باریک پیسکر نبات سفید ۴ ۱/۲ تار ڈالکر جوارش بناویں۔ خوراک ۳ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام ہمراہ عرق گاؤزبان یہ بھی اسراری نسخہ ہے۔ نوع دیگر

حب مقوی باہ از اسرار۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ حرمل۔ کنجد سیاہ۔ ہر یک ۶ ماشہ۔ بلادر۔ ۱ تولہ۔ عاقرقرحا۔ قرنفل۔ خشخاش سفید۔ موصلی سیاہ۔ شونیز۔ جوزبوا۔ گندھک آملہ سار۔ اسگند۔ فلفل موہ۔ زعفران بچناک۔ اذراقی مقشر۔ ہر یک ۶ ماشہ روغن نخود ۵ تولہ میں کھرل کر کے گولیاں برابر مرچ سیاہ کے بناویں سات روز میں کیسا نامرد ہو مرد ہو جاوے گا۔ عجیب طلسم ہے۔

نوع دیگر۔ مقوی باہ از اسرار اطبا مجرب ہے۔ عاقرقرحا۔ قرنفل خشخاش موصلی سیاہ۔ شونیز۔ جوزبوا۔ اسگند۔ پیپلا مول۔ ہر یک ایک تولہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بناویں ۳ ماشہ۔ ہمراہ شیر تازہ کے کھاویں بہت مجرب ہے۔ بلکہ امساک بھی پیدا کرتا ہے۔ ایک دوست ملک بدوح کے واسطے بنایا گیا۔ نہایت ہی تعریف کرتے تھے۔

نوع دیگر۔ معجون مقوی باہ جناب مولانا سید علی حسین صاحب رئیس شکارپوری کا عطیہ مجرب ہے۔ موچرس ۱۰ تولہ کو دودھ گاؤ میں کھویا بناویں بعد ازاں یہ ادویہ ملا کر معجون تیار کریں خوراک ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ کے مغز بادام۔ مغز گردگان۔ پستہ۔ چلغوزہ۔ حب الخضر۔ حب الزلم۔ فندق۔ مغز کدو۔ مغز تربوز۔ مغز چرونجی۔ نارجیل۔ مغز خربزہ۔ مغز

خیارین۔ مغز پنبہ دانہ۔ حب الفلفل۔ خشخاش۔ تودرین بہمنین۔ کنجد مقشر
تخم جرجیر۔ تخم پیاز۔ شلجم۔ تخم اسپ۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ کبابہ۔ خرفہ۔
دارچینی۔ خولنجان۔ شقاقل۔ تخم ہلیون۔ درونج عقربی۔ ستاور۔ موصلی سیاہ
موصلی سفید۔ لعاب دو قو تخم گندنا۔ تالمکھانہ۔ تخم حرمل برہان بہج بند۔
گوند ڈھاک۔ گوند سمل۔ موصلی سمل۔ تخم سروالی۔ تخم انگن۔ صمغ عربی۔
سپستان بریان۔ میدہ لکڑی۔ دال ماش مقشر۔ ہریک ایک تولہ لیکر
کوٹ کر ملادیں۔ اور شہد دو چند ادویہ کے ہو یہ نسخہ بھی عجیب
الاثر ہے۔ بہت مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ روغن خوردنی اکسیر مقوی باہ عجیب الاثر ہے۔ زعفران
سنبل الفار سفید ہریک ایک تولہ دونوں کو شیر بھیڑ میں چار پہر کھرل
کریں بعد پتال جنتر میں روغن نکالیں۔ نامرد کو ایک قطرہ بوقت شب
کے کافی ہے۔ دودھ میں ملا کر کھلادیں۔ سات روز میں مرض دور ہو۔

نوع دیگر۔ عجیب طلسم مقوی باہ و ممسک۔ تالمکھانا ۲ تولہ شیر برگد میں
خوب تر کرکے عاقر قرحا۔ زعفران۔ افیون۔ چرس۔ ثعلب۔ مصری
خستہ خرما۔ خولنجان۔ مشک ہریک ۳ ماشہ۔ سیماب ۱ ماشہ۔ قرنفل ۳
ماشہ۔ روغن بیر بہوٹی۔ روغن مالکنگنی ہریک ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۱۰ تولہ
ورق طلا ۵ عدد ملا کر گولیاں بناویں برابر مرچ سیاہ کے شام کو
ایک گولی ہمراہ دودھ کے کھاویں۔ رات کاٹنی دشوار ہوجائے گی۔
مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ اکسیر واسطے نامرد کے مجرب ہے۔ مغز بادام ۵
تولہ۔ لوبان۔ زعفران۔ جوزبوا۔ دانہ الائچی کلاں ہریک ۲ ماشہ۔ قرنفل
ایک تولہ۔ شنگرف ایک تولہ۔ سب کو پانی پوست خشخاش پاؤ بھر۔ خشخاش

میں دو روز کھرل کریں۔ پھر آتشی شیشی میں ڈالکر روغن نکالیں۔ ایک قطرہ سونے وقت ہمراہ پان کے کھلاویں۔ انشاء اللہ عجیب اثر دیکھوگے

نوع دیگر۔ ماء اللحم واسطے تقویت باہ وضعف بدن وکمی اولاد۔ مقوی جگر ومعدہ ودماغ یہ نسخہ وزیر گوبند چند ریاست کیوا سطے تیار ہوا تھا۔ اسی برس بعد اُنکے اولاد پیدا ہوئی۔ گوشت بز جوان۔ گوشت مرغ۔ گوشت دراج۔ گوشت بٹیر۔ گوشت کنجشک نر۔ گوشت کبوتر جنگلی۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ بہمنین۔ ستاور۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سمل۔ موصلی سفید۔ تودرین۔ دارچینی۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ دانہ الائچی سفید دانہ الائچی کلاں۔ زیرہ سیاہ۔ تخم گزر۔ تخم پیاز۔ تخم شلجم۔ تخم لیمون۔ تخم انجرہ۔ تخم فرنجمشک۔ تخم بادیان۔ پودینہ خشک۔ حب الخضرا۔ گل گاؤزبان گل سنولی۔ گل کیوڑہ۔ گل موتیا۔ گل سرخ۔ گل تلسی۔ گل بابونہ۔ گل نیلوفر۔ گل بنفشہ۔ اصل السوس۔ برگ گاؤزبان۔ مغز فندق۔ مغز بادام۔ مغز تربوز۔ مغز خربزہ۔ نانخواہ۔ مغز ماوریک مغز نارجیل۔ مغز اخروٹ۔ کشمش سبز۔ مویز منقی۔ ناسپاتی۔ سیب انار۔ رنگترہ۔ ہلیلہ زرد بلیلہ آملہ شاہترہ۔ عناب۔ شیطرج۔ بادرنجبویہ۔ مصطگی۔ عود ہندی۔ صندل سفید صندل سرخ۔ تخم شبت۔ اوسطوخودوس۔ حب القطن۔ بوزیدان۔ تخم شبت زرنباد۔ درونج عقربی۔ سنبل الطیب۔ اسارون۔ جوزبوا۔ خشخاش۔ پوست خشخاش۔ انجیر ولائتی۔ جندبیدستر۔ زعفران۔ مشک عنبر۔ عرق گلاب۔ عرق کیوڑہ۔ گاجر۔ منڈی۔ اونٹ کٹارہ۔ نبات سفید۔ آب نیشکر۔ پوست مغیلاں۔ پوست کچنال۔ پوست سرس پوست برگد سب کو بطریق معمول کے ادویہ کو پہلے خمیر کرکے۔

بعدازاں گوشت وغیرہ کی اخنی نکالکر سب کو ملاکر عرق دو آتشہ کشید کریں خوراک ۵ تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان کے چند روز استعمال کریں آدمی از سرنو جوان ہو جاتا ہے۔ عجیب نسخہ ہے۔ **نوع دیگر**۔ روغن طلاء واسطے مجلوتی کے اور سستی کے مجرب ہے۔ قرنفل۔ عاقرقرحا۔ جوزبوا۔ بیربہوٹی ہر یک ۵ تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ سرگین تورینہ پاؤ سیر۔ عقرب سیاہ۔ روغن زیتون ہر یک ۵ تولہ سب کو پیسکر آتشی شیشی میں میں پتال جنتر کرکے روغن نکالیں۔ پانچ روز استعمال کرنے سے صحت ہو جاتی ہے مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ طلا عجیب وغریب جو ہزارہا آدمی پر تجربہ ہوا ہے۔ یہ نسخہ خاص ہمارے سینہ بسینہ اسرار میں سے چلا آتا ہے۔ بہت مجرب ہے سنکھیا سفید ۲ ماشہ۔ ہڑتال طبقی۔ مردارسنگ۔ سیماب۔ افیون ہر یک ۲ ماشہ۔ عرق کیٹلی ۱ تولہ۔ روغن گاؤ ۲ تولہ۔ سب کو تین روز کھرل کریں بعد ازاں قدرے لیکر حشفہ چھوڑ کر قضیب پر لگا دیں۔ اوپر برگ پان بنگلہ باندھیں تین روز میں آبلہ پڑے گا۔ کیسا نامرد ہو خدا کے فضل سے مرد ہو جاویگا۔ خوب ہے۔ **نوع دیگر**۔ طلسم مقوی باہ۔ کہربا شمعی ایک تولہ۔ سنبل الطیب۔ دانہ الائچی خورد ہر یک ۲ ماشہ سفوف بناکر ۳ ماشہ کھاویں۔ اوپر سے عرق پیاز۔ شہد ہر یک ۲ تولہ۔ شیر گاؤ پاؤ سات روز میں فایدہ عظیم ہو گا۔ بہت مجرب ہے۔ **نوع دیگر**۔ روغن طلا دافعہ سستی۔ ناخن اسپ نر۔ بیخ کنیر سفید۔ انگوزہ۔ شیر بھیڑ سبکو کھرل کرکے آتشی شیشی میں پتال جنتر سے روغن نکالیں۔ سات روز بوقت شب استعمال کریں۔ انشاءاللہ بہت فایدہ ہو گا۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ عرق مقوی باہ۔ بلادر نیم آثار۔ زنجبیل۔ ہلیلہ۔ بلیلہ آملہ۔ انبہ ہلدی۔ اجوائن خراسانی۔ تخم خبازی۔ پودینہ خشک ہر یک یک پاؤ مغز گھیکوار۔ قند سیاہ ہر یک ۵ سیر۔ خُم میں ڈالکر بطریق گلاب کے عرق نکالیں خوراک ۵ تولہ بعد غذا یہ نسخہ طحال اور جگر کو بھی مفید ہے

نوع دیگر۔ طلسم عجوبہ واسطے درازی قضیب کے مجرب ہے۔ یہ بھی اسرار الطبار کا نسخہ ہے۔ جونک خشک۔ خراطین ہر یک ۲ ماشہ لیکر پہلے نارجیل خام میں ہفت روز ڈالے رکھیں بعد نکالکر گرگٹ اعدد لیکر ۱ تولہ روغن کنجد میں جلاویں اُس روغن میں یہ دوائیں نارجیل میں سے نکال کر حل کرلیویں دو چار دفعہ لگانے سے قضیب ایسا درازہو گا۔ کہ مانند گدھے کے ہو جاویگا نسخہ مجرب ہے۔

فصل ستارھویں علاج جریان و احتلام کے بیان میں

دیگر۔ سفوف جریان منی و احتلام کیواسطے بہت ہی مجرب ہے۔ (ص) گل آم خشک۔ شکر سفید۔ انکو کوٹ چھان کر سفوف بناکر ۳ ماشہ۔ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ دودھ گاو سے استعمال کریں مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ مقوی باہ دافع جریان منی وضعف اعضائے رئیسہ مجربات جناب قبلہ ام حکیم سید ضامن علی صاحب (ص) مغز پنبہ دانہ۔ مغز گردگاں مغز بادام شیریں۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل۔ ہر یک ۱ تولہ۔ بہمن سفید ۲ تولہ بہمن سرخ۔ شقاقل۔ ثعلب مصری۔ اندر جو شیریں ہر یک ۲ ماشہ۔ سورنجان شیریں۔ تخم شلجم۔ تخم ترب۔ تخم پیاز۔ تخم ہلیون کچوہ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ نشاستہ۔ مصطگی رومی۔ جوز بوا۔ قرنفل

دار چینی ۔ ہر یک ایک تولہ ۔ تودرین ۲ تولہ ۔ زنجبیل ۔ سنبل الطیب ۔ سعد کوفی ۔ تخم گذر ۔ ہر یک ایک تولہ ۔ خشخاش ۲ تولہ ۔ زعفران ۔ مشک خالص ہر یک ۳ ماشہ ۔ نانخواہ ۔ خولنجاں ۱ تولہ ۔ موصلی سیاہ ۔ موصلی سفید ہر یک ۲ تولہ ۔ زردی بیضہ مرغ ۳۰ عدد ۔ عسل مصفی ایک سیر ۔ روغن زرد آدھ سیر ۔ سب کو کوٹ چھانکر روغن زرد میں بھونکر عسل ملاکر جوارش بناکر خوراک ۲ تولہ صبح اور ۲ تولہ شام ہمراہ دودھ گاؤ نیم آثار کے کھانا مجرب ہے ۔ نوع دیگر ۔ سفوف سرعت انزال و جریان منی کیواسطے بہت مجرب ہے ۔ رص، لاکھ ۔ تج ۔ سروالی ۔ لودھ پٹھانی ۔ مازو ۔ سنگھاڑہ خشک تالمکھانہ ہر یک ۲ ماشہ ۔ ثعلب مصری ایک تولہ ۔ گوند ببول ۲ ماشہ ۔ مصطگی رومی ایک تولہ ۔ سعد کوفی ۲ ماشہ ۔ بہمن سفید ۱ تولہ ۔ بہمن سرخ ۔ سورنجاں ہندی ہر یک ایک تولہ موصلی سیاہ ۔ خشخاش ہر یک ۲ ماشہ ۔ شکر سفید ۱۰ تولہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بناکر ۲ ماشہ صبح اور ۲ ماشہ شام ہمراہ دودھ گاؤ پاؤ بھر کے کھانا بہت ہی مجرب ہے ۔

نوع دیگر حب امساک تا ترشی نخورد انزال نشود ۔ مجربات میں سے ہے اور واسطے جریان منی کے بہت ہی مجرب ہے ۔ ص، جوز بوا ۔ لباسہ افیون ۔ مازو ۔ اسپند ۔ مصطگی ۔ زعفران ۔ ناگیسر ۔ موچرس ۔ تج گوگل ۔ سپاری کہنہ ۔ دار چینی ۔ دانہ الائچی ۔ طباشیر ۔ اجوائن خراسانی ہر یک ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں گولیاں برابر نخود کے بناکر بوقت حاجت قبل از کام کے پانی تازہ سے کھانا مجرب ہے ۔

نوع دیگر ۔ برائے جریان منی اور احتلام کے واسطے مفید ہے

مجرب ہے۔ صہ۔ تالمکھانا۔ موصلی سیاہ۔ مصطگی رومی۔ موصلی سمبل ہر یک ایک تولہ۔ شکر سفید ۵ تولہ۔ خار خسک سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام۔ ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ حب ممسک بہت ہی مجرب ہے۔ از مجربات جناب قبلہ ام حکیم سید ضامن علی صاحب طلسمی رح۔ افیون۔ گانجہ۔ گوند دھاری۔ بیر بہوٹی قرنفل۔ مغز بادام شیریں ہر یک ۳ ماشہ۔ نارجیل۔ تازہ ۵ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۵ ماشہ سب کو کوٹ کر گولیاں برابر جنگلی بیر کے بنا کر ایک گولی بوقت ضرورت استعمال کرنے سے بہت ہی مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے ممسک از مجربات بندہ۔ صہ۔ بھنگ۔ افیون۔ مصطگی۔ گل ارمنی۔ عاقرقرحا شنگرف رومی۔ شہد میں سب کو کوٹ کر گولیاں برابر نخود کے بنا کر ایک گولی بوقت ضرورت ایک گھنٹہ پہلے ہمراہ پانی تازہ کے کھانا مجرب ہے۔ غذا شیر و چاول کے سوائے اور کچھ نہیں کھانا مجربات میں سے یہ نسخہ تحریر کیا گیا ہے۔

نوع دیگر۔ حب برائے ممسک از مجربات جناب قبلہ ام حکیم سید ضامن علی صاحب طلسمی بہت ہی مجرب ہے۔ صہ۔ عود ار خطائی۔ افیون زعفران دارچینی۔ بسباسہ۔ مغز بادام۔ جوزبوا۔ خولنجان شیریں۔ لعاب مصری برگ بھنگ سبز ان کو مساوی کوٹ کر پانی میں گولیاں برابر نخود کے بنا کر ایک گولی بوقت ضرورت استعمال کریں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے جریان منی اور احتلام کیواسطے بہت ہی مجرب ہے۔ صہ۔ فلفل سیاہ۔ عاقرقرحا۔ مصطگی رومی۔ اجوائن خراسانی۔ تالمکھانہ۔ تخم بند۔ سمندر سوکھ۔ بسباسہ قرنفل۔ افیون سب کو کوٹ کر وزن مساوی چھان کر گولیاں شہد میں بنا کر ایک گولی

صبح اور ایک گولی شام برابر نخود کے بنا کر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے جریان منی زنان مجرب ہے۔ تالمکھانہ، مغز کدو شیریں۔ خولنجاں ستاور، ہر یک ایک تولہ۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید، شقاقل۔ ثعلب مصری۔ الائچی سفید۔ گوند سوختہ، مصطگی رومی۔ سمندر سوکھ۔ اسگند ناگوری ہر یک ۲ ماشہ سب کو کوٹ چھانکر شہد میں ملاکر معجون بناکر ۲ ماشہ صبح اور ۲ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر حب بند کشاد و سیلان منی (ص)، ثعلب مصری ۴ تولہ۔ مغز تخم سرس ۲ تولہ۔ لک مغسول ۲ تولہ۔ سب کو کوٹ کر دودھ گاؤ نیم آثار کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے جریان منی و احتلام کیواسطے بہت ہی مجرب ہے۔ ۲ بیج بند سیاہ۔ تخم ہلیل۔ تالمکھانہ۔ گوگھرو۔ اندر جو شیریں۔ سپستان ہر یک ۲ ماشہ سب کو کوٹ کر شکر سفید ۱۰ تولہ ملاکر سفوف بناکر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر سفوف برائے جریان حدت منی کے بہت ہی مجرب ہے۔ کاہو۔ کشنیز خشک۔ اسپغول خرفہ۔ ہر یک ایک تولہ، شکر سفید ۵ تولہ سب کو بغیر اسپغول کے کوٹ کر سفوف بناکر خوراک ۲ ماشہ صبح اور ۲ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ حب ممسک دافع جریان منی (ص)۔ ریوند چینی۔ زنجبیل ۲ تولہ تخم دھتورہ ایک تولہ سیح او بھ کتارہ ۲ ماشہ۔ مغز کنجشک خانگی ۵ عدد جدوار۔ افیون۔ زعفران ہر یک ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھانکر شہد میں گولیاں برابر نخود کے بنا کر کھانا ایک صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے جریان منی بہت ہی مجرب ہے۔ جڑ گل سپاری پاؤ بھر

چھال گولر پاؤ آثار۔ تخم گاجر پاؤ آثار۔ شکر خام نیم آثار سب کو کوٹ کر روغن زرد پاؤ آثار میں بھون کر پھر شکر ڈال کر معجون بنا کر خوراک ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام ہمراہ دودھ کے کھانا مجرب ہے۔ دیگر۔ برائے حب ممسک و جریان منی و احتلام صبسبانسہ۔ قرنفل۔ کندر۔ جوز بواہر یک ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر گولیاں برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر طلسم اسرار برائے امساک از مجربات جناب قبلہ ام صاحب حنظل سبز۔ روغن رونق میں ڈال کر حل کر کے جب ضرورت ہو تو بوقت شب پاؤں پر ملکر استعمال کریں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ بیخ گھیکوار پانی میں حل کر کے ہاتھ پاؤں پر ملکر اپنے کام میں مشغول ہوں۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے ممسک جریان منی کیواسطے بہت مفید ہے۔ مجربات میں سے ہے۔ تخم تمر ہندی۔ تخم کرفس۔ تالمکھانا۔ جدوار۔ زعفران۔ افیون اجوائن خراسانی ہر یک ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر برابر نخود کے بنا کر ایک گولی بوقت ضرورت کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے جریان منی ونندی کیواسطے بہت ہی مجرب ہے۔ ست بہروزہ ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ۔ طباشیر۔ تالمکھانہ۔ اندر جو شیریں۔ تخم کرفس۔ موصلی سیاہ موصلی سفید۔ بہمن سفید بہمن سرخ ہر یک ۱۰ ماشہ دار چینی۔ سنبل الطیب ہر یک ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ۔ مغز تمر ہندی ایک تولہ سب کو کوٹ چھانکر سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی تازہ کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر سفوف جریان منی۔ صدف سوختہ۔ دال سفید۔ تخم تالمکھانا۔ سبوس۔ اسبغول۔ تخم تمر ہندی۔ ہر یک ایک تولہ۔ خار خشک

خرد و کلاں ۳ تولہ۔ موصلی سیاہ، موصلی سفید، موصلی ملہل۔ کاکڑا سنگی بہمن سرخ، بہمن سفید، ثعلب مصری، ستاور، کمرکس ہر یک ایک تولہ۔ صمغ عربی، جدوار خطائی ہر یک ۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر شکر سفید ملا کر سفوف بنا کر ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام ہمراہ دودھ گاؤ پاؤ بھر کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر حب ممسک و جریان منی کیواسطے بہت مجرب ہے۔ وار چینی۔ کباب چینی۔ زنجبیل۔ عاقر قرحا۔ گوند ببول ہر یک ۶ ماشہ سب کو عرق گلاب میں حل کر کے گولیاں برابر نخود کے بنا کر ایک گولی بوقت ضرورت کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے جریان منی و احتلام کیواسطے بہت ہی مجرب ہے۔ صمغ تمر ہندی، سورنجان شیریں، پوست ڈھاک۔ ثعلب مصری۔ موصلی سیاہ زعفران، مصطگی رومی ہر یک ۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے جریان منی و احتلام کیواسطے بہت ہی مجرب ہے۔ جدوار خطائی، موصلی سیاہ، موصلی سفید۔ ثعلب مصری، سلاجیت ہر یک ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی، کشتہ جست۔ کشتہ چاندی، مروارید۔ ناسفتہ ہر یک ۳ ماشہ۔ تودری سرخ و سفید ۲ تولہ، شکر سفید سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ دودھ گاؤ کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے سفوف جریان منی و احتلام کیواسطے مجرب ہے۔ سپستان، گل سپاری۔ گل نیلوفر۔ موچرس۔ پوست ڈھاک۔ صمغ عربی ہر یک ایک تولہ، مصطگی رومی۔ جدوار خطائی ہر یک ۶ ماشہ۔ سنبل الطیب ایک تولہ، تخم کرفس۔ بہمن سرخ و سفید۔ خار خسک ہر یک ۶ ماشہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ، تالمکھانا ایک تولہ۔ ان کو کوٹ چھان کر سفوف بنا کر شکر سفید ۲ تولہ

ملاکر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ دودھ گاؤ کے کھانا مجرب ہے۔

فصل اٹھارھویں علاج آتشک و سوزاک کے بیان میں

نوع دیگر حب سوزاک و آتشک کو از حد مفید ہے کتھ سفید۔ کتیرا ہر یک ایک تولہ۔ سنبل الفار ۳ ماشہ۔ سب کو پیسکر گولیاں برابر دانہ مونگ کے بناویں۔ ہفت روز صبح و شام مجرب ہے۔ نوع دیگر حب سنبل الفار واسطے آتشک و جذام کے مفید ہے۔ سنبل الفار۔ شنگرف ہر یک ایک تولہ۔ انگوزہ ۱ تولہ۔ سب کو زہرہ گاؤ میں تین روز کھرل کریں۔ گولیاں برابر مونگ کے بناویں سات روز ایک گولی صبح ہمراہ پانی کے تغذا ر نان گندم بے نمک مجرب ہے۔ نوع دیگر حب دافع آتشک مجرب رزنگار۔ کتھ سفید دانہ الائچی کلاں سب کو پیسکر گولیاں برابر نخود کے بناویں۔ ایک گولی ہمراہ روغن زرد کے کھلادیں۔ سات روز میں اگر ہزار زخم ہونگے تو خشک ہوجاوینگے۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ روغن مصفی خون مجرب ہے۔ گلو سبز ایک سیر لیکر کوٹ کر ۵ سیر پانی میں جوش دیکر جب نصف رہ جاوے ایک سیر روغن زرد ملاکر پکاویں۔ جب پانی سوختہ ہوجاوے باقی روغن رہجاوے چند روز ۱ تولہ صبح کو ہمراہ نان گندم کے کھلاویں۔ عجیب الاثر ہے۔ نوع دیگر مطبوخ واسطے فساد خون و آتشک کے بہت مجرب ہے۔ مونڈھ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ بلیلہ آملہ۔ گلو۔ کٹکی۔ باوبڑنگ۔ زردچوبہ۔ وج۔ سونٹھ۔ قسط شیریں۔ اندرجو۔ بھنگرہ۔ ہرو کٹائی۔ بجبار۔ باپچی۔ چرایتہ۔ پوست بکائن۔ صندل سفید۔ ہر یک ۴ ماشہ۔ شہد ۲ تولہ۔ سب کو نیم آثار پانی میں جوش دیکر۔ صبح پلاویں۔

ایک ہفتہ میں صحت کلی ہوجاویگی۔ مجرب المجرب ہے۔ نوع دیگر۔ مطبوخ دافع جذام وفساد خون وآتشک مجرب ہے۔ نواہ۔ پوست کیکر۔ موتھہ۔ گلو۔ وج۔ زنجبیل۔ زرد چوب۔ ہر دو کٹائی۔ برگ تنبول۔ قسط تلخ۔ باؤبڑنگ۔ شیطرج۔ دیودار۔ اندرجو۔ بھنگرہ۔ ستاور۔ مغز کرنجوہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ چوب کیکر۔ چرائتہ۔ پوست بکائن۔ مغز فلوس۔ باپچی۔ چھال برنہ۔ برگ اڑوسہ شاہترہ۔ انیس۔ بیخ اندرائن ہریک ایک تولہ سب کو کوٹ کر۔ اس میں سے ایک تولہ ایک سیر پانی میں جوشدیکر جب نصف رہجاوے ۲ تولہ شہد ملاکر ایک ہفتہ استعمال کریں۔ نہایت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ طلسم دافع آتشک از اسرار الطبا مجرب ہے۔ مینڈک کلاں صحرائی ایک عدد لاکر سایہ میں خشک کریں جب خشک ہوجاوے۔ ایک تولہ دانہ الائچی خورد ملاکر سفوف بناویں ایک ماشہ ہمراہ ایک تولہ مسکہ گاؤ کے تین روز کھلاویں آتشک صدسالہ دور ہوجاویگا۔ غذا۔ پلاؤ مرغن مجرب ہے۔ نوع دیگر سفوف سبز از اسرار اطباء واسطے آتشک وسوزاک وخارش وآبلہ ہر قسم کے مجرب ہے۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ بلیلہ۔ آملہ چوب کیکر ہریک ۱۰ ماشہ۔ شاہترہ ۳ ماشہ۔ گلسرخ ۴ ماشہ۔ ریوند چینی ۵ ماشہ برگ سناکی ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱۰ ماشہ۔ سب کو سفوف بناکر اول جلاب دیویں پھر ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے کھاویں عجیب الاثر دوا ہے مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ مطبوخ واسطے آتشک کے مجرب ہے۔ سب اطباء کا اتفاق ہے۔ مجرب ہے۔ پوست کچنال۔ پوست نیب۔ بیخ حنظل۔ تخم ببول ہریک ۲ تولہ۔ کٹائی خورد ۵ تولہ۔ قند سیاہ ۱۰ تولہ۔ کتھ ۱ تولہ ۵ سیر پانی میں جوشدیکر جب نصف رہجاوے بوتل میں ڈال لیویں ۵ تولہ صبح کو پیا کریں

نہایت مجرب ہے۔ ایک ہفتہ میں آتشک ہر قسم دور ہو جاتا ہے۔ نوع دیگر طلسم مصفی خون۔ استخوان مردہ سوختہ ۱ ماشہ۔ مسکہ گاؤ ایک تولہ میں سات روز کھلاویں وجع المفاصل تک دور ہو جاتا ہے۔ نوع دیگر۔ طلسم مصفی خون دافعہ آتشک۔ شیر زقوم ۱ تولہ لیموں کاغذی میں ڈالکر سات روز کھلاویں صحت ہو جاویگی۔ مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ واسطے سوزاک کے عجیب دوا ہے۔ رست بہروزہ ۱ تولہ۔ طباشیر۔ تخم خرپزہ۔ تخود بریاں مقشر تولہ۔ روغن صندل تولہ ملا کر سفوف بناویں ۳ ماشہ ہمراہ شربت مصری کے کھلاویں دو چار روز میں کیسا سوزاک ہو دور ہو جاتا ہے۔ نہایت مجرب نسخہ ہے۔ نوع دیگر۔ پچکاری دافع سوزاک ترپھلہ۔ ایک تولہ افیون ۱ ماشہ۔ رسوت۔ کتھ ہر یک ۲ ماشہ۔ مردارسنگ دم الاخوین ہر یک ۳ ماشہ۔ جغرات پاؤ سیر صدہا مرتبہ یہ نسخہ تجربہ میں آیا ہے۔ کبھی خطا نہیں ہوا بہت مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ مسہل برائے آتشک و سوزاک عجیب الاثر ہے۔ مسہل کے لینے سے زخم خشک ہو جاتے ہیں۔ مجرب ہے۔ صبر۔ کتھ۔ زنجبیل۔ سہاگہ۔ مرچ سیاہ زعفران۔ شنگرف۔ دار چکنا۔ کتیرا۔ جمال گوٹہ مقشر۔ اول جمال گوٹہ کی پوٹلی باندھ کر گوبر میں پکا دیں۔ بعد صاف کر کے اندر کا چھلکہ نکال کر باقی ادویہ کو ملاویں اور گولیاں برابر نخود کے بناویں ۳ گولی ہمراہ دودھ کے کھلاویں اس کے بعد اگر ضرورت ہو تو اور دوا استعمال کریں۔ نوع دیگر۔ جوہر دافع آتشک و سوزاک یہ اسرار اطبا کا ہے صدہا مرتبہ تجربہ میں آیا ہے مجرب پایا ہے۔ رسکپور ۲ تولہ۔ قرنفل ۵ تولہ۔ ایک پیالہ دوسرے پیالہ پر رکھکر منہ بند کردو اور چار پہر چراغ کی آگ دو جواہر اوپر کے پیالہ میں آجاویگا نکال کر ایک چاول ایک تولہ۔ مسکہ میں کھلاؤ۔ غذا ریں نمک کا پرہیز ہے اور چند دن

کھلاویں انشاء اللہ کیسا سوزاک آتشک کہنہ ہوگا۔ دور ہوجاویگا بہت مجرب ہے
نوع دیگر۔ مسہل آتشک از اسرار الطباء۔ یہ نسخہ آپکو تمام طب کی کتابوں میں سے دستیاب نہ ہوگا۔ یہ نسخہ سینہ بسینہ آیا ہے یہ قابل بادشاہوں کے ہے اول حب سلاطین مقشرہ تولہ پتہ گاؤ میں خوب کھرل کریں۔ بعد ازاں غنچہ گلاب یا چنبیلی لیکر ایک پارچہ میں پھولوں کو رکھکر اس دوا میں لبسادو۔ اور پوٹلی کو ریگ میں بند کردو اور پانی ڈالو جب پھول شگفتہ ہوجاویں تو ایک ایک پھول سونگھاؤ جو نسا پھول سونگھے گا۔ فوراً اسہال کی ضرورت ہوگی یہ نسخہ نفیس مزاجوں کے واسطے ہے تاکہ ہر ایک آدمی اس پر عمل کر سکے
نوع دیگر۔ طلسم دافع آتشک اگر ہزار زخم ہوں تو ایک روز میں خشک ہو جاتے ہیں۔ سیماب۔ شنگرف ہر یک ۲ ماشہ۔ زردچوبہ ایک تولہ۔ ہالون ایک تولہ سب کو پیسکر چار ٹکیاں بناویں۔ اور دو گھنٹہ بعد حقہ میں رکھکر پلاویں شب کو یہ عمل کریں اور بیمار کو سونے نہ دیویں جب عمل تمام ہوجاوے تو شوربا مرغ مرغن کا بعد غسل کے مریض کو پلاکر سلادیویں انشاء اللہ جسوقت اُٹھیگا تمام زخم خشک ہوجاوینگے مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ حب دافع آتشک بہت مجرب ہے۔ اجوائن دیسی اجوائن خراسانی اجمود۔ کرفس۔ مغز جمال گوٹہ۔ شنگرف۔ نخود بریاں۔ ہر یک ایک تولہ۔ شہد (بمو تولہ) میں ملاکر گولیاں برابر نخود کے بناویں۔ دو روز تک انکو خوب کوٹیں ہفت روز کھلادیں انشاءاللہ آتشک ہر قسم کا دور ہوگا۔ بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ دوائی عجیب از اسرار واسطے آتشک کے نہایت مجرب ہے شنگرف بریاں۔ نیلہ تھوتھا بریاں۔ زنگار بریان مردار سنگ بریان رال خرمہرہ سوختہ۔ چھالیا سوختہ سب کو برابر وزن لیکر سفوف بناویں ۲ رتی

صبح کو ایک تولہ ہیں ملا کر کھلاویں۔ بعد غذا مرغن کھاویں چار یوم میں بلا ضرر
کے زخم آتشک کے خشک ہو جاوینگے بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ واسطے
آتشک کے عجیب طلسم ہے۔ بیخ شحم حنظل۔ قند سیاہ کہنہ۔ فلفل سیاہ ہر یک
ایک تولہ سب کو پیسکر تین حصہ کریں ایک ایک دن کے فاصلہ سے کھاویں
اسہال ہونگے آتشک ہر قسم کا دور ہو جاویگا۔ عجیب دوا ہے۔ نوع دیگر۔
سوزاک طلسمی عجیب الاثر۔ صدف مرواریدی سوختہ ایک ماشہ۔ طباشیر۔ دانہ
الائچی سفید ہر یک ۲ ماشہ سفوف کرکے کھلاویں ہفت روز میں سوزاک دور ہو
جاویگا۔ مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ حب دافع آتشک۔ سیماب ۵ ماشہ۔ بذر البنج
نانخواہ۔ بلادر ہر یک ۵ ماشہ۔ کنجد سیاہ ۲ ماشہ۔ عاقر قرحا ایک ماشہ۔ قند سیاہ
کہنہ ۲ تولہ سب کو پانچ روز کوٹ کر گولیاں برابر چنے کے بنا دیں۔ ایک گولی
صبح ہمراہ خجرات نیم آثار کے کھلادیں دال مونگ۔ اور شیر گاؤ کا پرہیز ہے
اور سب چیز کھاویں انشاء اللہ سات روز میں اگر ہزار زخم ہونگے دور
ہو جاوینگے۔ نہایت مجرب ہے۔ یہ بھی اسراری نسخہ ہے۔
نوع دیگر۔ مسہل عجیب اسراری واسطے آتشک کے حکم اکسیر کا رکھتا ہے
سیماب۔ سنکھیا سفید۔ رسکپور۔ دار چکنا۔ نوشادر ہر یک ایک تولہ۔ شنگرف رومی
۱ تولہ۔ مغز جمالگوٹہ ۱۰ تولہ سب کو پیسکر قرص بنا کر دو پیالوں میں جوہر نکالیں
بعد۔ روغن جمال گوٹہ ملا کر شیشی میں رکھیں۔ خوراک ایک خشخاش ہمراہ شربت
نبات مفید نہایت ہی خوب نسخہ ہے ✤
نوع دیگر۔ واسطے آتشک کے مجرب ہے۔ شنگرف۔ مرچ سیاہ۔ ہر یک ۶ ماشہ سفوف
کرکے سہ پوڑیا بنا دیں۔ ایک پڑیا روزمرہ پانی کے ساتھ کھاویں تین روز میں
آتشک دور ہو جاویگا۔ مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ دافع آتشک مغز بادام۔ خستہ خرما۔

نارجیل کہنہ۔ حب سلاطین ہر یک ۲ ماشہ۔ برگ تنبول ۳ عدد سب کو پیس کر گولیاں ۷ عدد بناویں سات روز تک کھانے سے ہر قسم کا آتشک دور ہو جاتا ہے مجرب ہے۔ **نوع دیگر**۔ دافع سوزاک کہنہ۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ شنگرف ہر یک ایک تولہ دونوں کو کنوار بوٹی میں گھسکر گولیاں بناویں سات روز میں سوزاک کہنہ دور ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔ **نوع دیگر**۔ سرمہ سوزاک از اسرار اطباء مجرب ہے۔ شاخ گاؤ میش کہنہ۔ سوختہ آنکھ میں لگاویں دو چار یوم میں سوزاک جاتا رہتا ہے مجرب ہے۔ **نوع دیگر** واسطے آتشک کہنہ کے مجرب ہے۔ شنگرف۔ سنبل الفار۔ انگوزہ ہر یک ایک تولہ پنبہ پنبہ میں سات روز کھرل کریں بعد گولیاں برابر نخود کے بناویں غذا نخود روغن زرد سب چیز کا پرہیز ہے۔ **نوع دیگر**۔ واسطے آتشک وفساد خون کے مجرب ہے رسکپور۔ دارچکنہ ہر یک ایک تولہ۔ شراب خالص برانڈی میں کھرل کرکے شیر خشت ۱۰ تولہ میں نیچے اوپر رکھکر جوہر نکالیں بعد شیر گوسفند میں کھرل کریں گولیاں برابر مونگ کے بناویں ایک گولی بالائی شیر کے ساتھ کھلادیں۔ سوائے گوشت روٹی کے اور کچھ نہ کھلاویں مجرب ہے

نوع دیگر۔ شیاف وپچکاری دافع سوزاک ۵۔ صبر زرد ۳ ماشہ طوطیا مغسول ۲ ماشہ۔ مردار سنگ۔ سفیدہ کاشغری۔ قلعی مغسول۔ گلنار۔ گل ارمنی۔ کدوی سوختہ موئے سوختہ۔ کندر۔ افیون ہر یک ۲ ماشہ۔ پیسکر اگر شیاف رکھیں تو کتیرا گوند میں شیاف بناویں ورنہ پانی میں حل کرکے پچکاری بناویں ایک روز میں سوزاک دور ہو جاتا ہے مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ دافع آتشک طلسم عجیب۔ گل ملتانی۔ کباب چینی ہر یک ایک ماشہ الائچی سفید ۲ ماشہ۔ استخوان آدمی ایک تولہ سفوف کرکے ۳ ماشہ صبح کو

کھلا دیں سات روز میں آتشک ہر قسم کا دور ہو جاوے گا مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ دافع آتشک۔ عاقر قرحا۔ افیون۔ الائچی خورد۔ شنجرف ہر یک ۲
ماشہ سفوف کر کے صبح کو ۲ ماشہ کھلا دیں تین روز میں آتشک دور ہو جاویگا
مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ مرہم آتشک۔ مردار سنگ۔ رسکپور۔ ہر یک ۳
ماشہ۔ سفیدہ کاشغری ۲ ماشہ۔ سیندور ۳ ماشہ۔ موم سفید ۶ ماشہ۔ روغن
گاؤ ایک تولہ۔ ملا کر سفوف کر کے مرہم بنا دیں۔ فوراً زخم خشک ہو جاتا ہے
مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے آتشک کہنہ۔ و جذام۔ زیبق۔ صمغ عربی ہر یک
۶ ماشہ۔ سم الفار ۳ ماشہ۔ کندر۔ ریوند چینی۔ ہر یک ۹ ماشہ۔ پتہ گو سفند
۹ عدد۔ عرق لیموں کاغذی ۵ اعداد میں حل کر کے گولیاں برابر مونگ کے
بنا دیں ہفت روز کھلا دیں اور سوائے نان نخود کے اور کچھ نہ کھاوے
مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ واسطے سوزاک کے مجرب ہے دوائی یہ ہے۔ برادہ صندل
سفید۔ زرد چوبہ۔ طباشیر۔ آملہ۔ ہر یک ایک تولہ سب کو پیس کر شہد میں گولیاں
برابر بیر جنگلی کے بنا دیں سات روز تک استعمال کریں مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ واسطے سوزاک کے مجرب ہے۔ شاخ گوزن سوختہ ایک ماشہ
گوند کتیرا ۱۲ ماشہ سفوف کر کے مسکہ گاؤ ایک تولہ میں ملا کر کھلا دیں نان
گندم بے نمک سات روز میں صحت کلی ہو جاویگی۔ نوع دیگر۔ دافع سوزاک
پھٹکڑی خام۔ نبات سفید ہر یک ایک تولہ سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح کو ہمراہ
شیر گاؤ کے کھلا دیں بہت نفع کرتی ہے دیگر۔ طلسم سوزاک مجرب ہے ۴
چربی شیر روغن بلادر ورق نقرہ طلا مشک خالص ست لوبان۔ زعفران
مصطگی رومی۔ افیون سب کو پیس کر گولیاں برابر نخود کے بنا دیں ہمراہ
شیر گاؤ ایک گولی کھلا دیں مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ مشک خالص، روغن صندل ہر یک ایک تولہ
اول سفوف طباشیر کا ہمراہ مشک کے کھلاویں اوپر سے روغن صندل کو
شربت نیلوفر ۴ تولہ میں ملاکر کھلاویں ایک روز میں فایدہ ہوگا۔ نوع دیگر
دافع آتشک مجرب ہے۔ رسکپور، الائچی خورد، قرنفل، شنجرف ہر یک
ایک تولہ عرق گلاب میں کھرل کریں اور گولیاں برابر نخود کے بناویں۔
ہمراہ آب سرد کے سات روز تک کھاویں۔ آتشک ہر قسم کا دُور ہو جاویگا
مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ واسطے سوزاک کے اکسیر ہے۔ بہروزہ ایک تولہ۔ طوطیا
۱ ماشہ۔ نوشادر، رسکپور، شنجرف ہر یک ایک تولہ۔ سبکو ایک ہانڈی میں ڈالکر
آٹے سے بند کردیویں اور روغن نکالیں ایک قطرہ ہمراہ دودھ کے دیویں
مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ واسطے آتشک کے مجرب ہے۔ شنگرف ۳ ماشہ
حب سلاطین ۲ ماشہ، سہاگہ، زنجبیل، دار فلفل ہر یک ۳ ماشہ۔ چوک ۲ ماشہ
سب کو گائے کے دودھ میں کھرل کریں۔ اور گولیاں برابر نخود کے بناویں
تین گولی صبح کو کھلاویں دو چار اسہال ہونگے۔ آتشک دُور ہو جاویگا مجرب ہے
دیگر۔ دافع آتشک از مجربات۔ فلفل سیاہ، قرنفل۔ الائچی سفید۔ گیرو۔
ہر یک ۳ ماشہ۔ رسکپور ۲ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ۔ ایکتولہ۔ سبکو کوٹکر گولیاں
برابر مرچ سیاہ کے بناویں۔ ایک گولی گڑ میں لپیٹ کر صبح کھلاویں سات
روز میں آتشک دور ہو جاویگا۔ مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ دافع آتشک عجیب دوا ر
سنبل الفار ایک تولہ۔ شیرہ کتائی خوردیں۔ سب کو کھرل کریں بعدازاں گولیاں
بقدر ماش کے دانہ کے بناویں ایک گولی بالائی میں رکھکر کھلاویں اوپر سے
دہی نیم آثار پلاویں اور غذا نان گندم و روغن زرد چار روز میں آتشک
کیسا کہنہ ہو دور ہو جاتا ہے۔ یہ نسخہ بھی اسرار کا ہے۔

نوع دیگر۔ طلسم دافع جذام از مطب استاذام سم الفار سفید ایک تولہ کو عرق لیموں کاغذی سو عدد میں کھرل کریں اور گولی بقدر دانہ مونگ کے بنا دیں ایک گولی بالائی میں لپیٹ کر کھلا دیں۔ غذا دال مونگ و روغن زرد۔

نوع دیگر عجیب دوا۔ اگر شور بدن پر ہوں فوراً دور کر دیتی ہے۔ مجرب ہے۔ مردار سنگ۔ کبیلہ۔ چونہ۔ نیلا تھوتھا۔ ہلیلہ زرد۔ کتھ ہر یک ۶ ماشہ سب کو پیس کر روغن گاؤ میں حل کر کے جس جگہ زخم سود او یہ آتشک ہوں لگا دیں۔ فوراً آرام ہو جاویگا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ دافع سوزاک عجیب الاثر دوا ہے ست بہروزہ۔ دانہ الائچی سفید۔ کباب چینی۔ طباشیر ہر یک ایک تولہ سفوف کر کے ۳ ماشہ ہمراہ شیر کے کھلادیں بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ دوائی دافع آتشک بلکہ مسہل عجیب ہے۔ حب سلاطین ۲ تولہ۔ نمک پوٹلی ۲ تولہ باندھ کر آتش میں گرم کریں۔ بعد میں نکالکر متقشر کر کے زنجبیل ۲ ماشہ مغز بہیدانہ ا تولہ ملا کر سفوف بنا دیں خوراک ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ نوع دیگر۔ واسطے جذام کے جو بسبب آتشک کے ہو مجرب ہے۔ زرنیخ طبقی۔ فلفل سیاہ ہر یک ایک تولہ۔ شیرہ کٹائی خوردہ ۵ تولہ میں کھرل کر کے خشک کریں خوراک یک سرخ ہمراہ برگ پان اکیس روز غذا نان گندم و روغن زرد۔ نوع دیگر گولیاں دافع آتشک مجرب المجرب ہے۔ زنگار۔ کتھ سفید۔ بسباسہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ افیون ۲ ماشہ۔ چھالیا کہنہ۔ کونپل بید انجیر ہر یک ۳ ماشہ۔ سب کوٹ کر کٹورہ کانسی میں ڈالکر بالائی دودھ میں کھرل کریں بعد گولیاں نخود کے برابر بنا دیں ایک گولی صبح کو ہمراہ پانی کے کھلادیں سات روز میں فایدہ عظیم ہوگا۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ واسطے آتشک کے نانخواہ ایک تولہ۔ بذر البنج ۲ ماشہ۔ اجمود

مردار سنگ ہر یک ایک تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۵ تولہ۔ شیرہ ببکھپرہ میں تین روز کھرل کریں بعد اسکے گولیاں برابر نخود کے بناویں سات روز تک کھلاویں غذا نان گندم بے نمک اگر اکیس روز کھلاویں تو جذام تک دُور ہو جاتا ہے عجیب نسخہ اسراری ہے۔ نوع دیگر۔ دافع سوزاک طلسم۔ بہروزہ خشک رال سفید۔ طباشیر۔ پوست خشخاش ہر یک ایک تولہ سفوف کرکے ہمراہ دودھ گاؤ کے ہفت روز کھلاویں۔ انشاءاللہ سوزاک ہر قسم کا دور ہو جاویگا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ طلسم آتشک۔ مردار سنگ۔ گیرو۔ قند سیاہ کہنہ ہر یک ایک تولہ ملاکر سات گولیاں بناویں سات روز تک کھاویں آتشک دور ہو جاویگا۔ غذا روغن ضروری ہے۔

فصل انیسویں علاج رحم و دیگر مستورات کی علاج کے بیان میں

دیگر۔ واسطے درد رحم و صلابت رحم و ورم رحم کے نہایت مجرب اور آزمودہ نسخہ ہے۔ تخم خشخاش۔ کنجد مقشر۔ السی۔ گل خطمی۔ کتیرہ۔ صمغ عربی۔ ہر یک ۲ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ایک عدد۔ موم سفید ۲ ماشہ۔ گل روغن ۲ تولہ سب کو پانی میں پیسکر گل روغن اور موم کو گرم کرکے ملادو اور تھوڑے پنبہ کہنہ مخلوط کرکے رحم میں دایا سے چند روز رکھواؤ انشاءاللہ ہر قسم ورم رحم کو فایدہ ہوگا۔ دیگر حمول واسطے امراض رحم اور اندمال زخم رحم اور رطوبت غلیظہ کے نہایت مجرب ہے۔ آرد جو۔ آرد باقلا۔ گل خطمی۔ کتان۔ اکلیل الملک۔ خبازی۔ حلبہ۔ گل نبفشہ ہر یک ۶ ماشہ۔ مردار سنگ۔ کافور ہر یک ایک ماشہ۔ دم الاخوین۔ سفیدہ کاشغری ہر یک ۳ ماشہ۔ سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد۔ روغن گل ۵ تولہ سب کو ملاکر

شیاف بناویں، چار پانچ روز رحم میں رکھنے سے فایدہ عظیم ہو گا۔ یہ چند نسخہ مجربات کے ہیں حکم اکسیر کا رکھتے ہیں۔ دیگو اسی مرض رحم کے واسطے کیسا ورم ہو انشاء اللہ ہفت روز کے استعمال سے رحم اپنی حالت پر آجاتا ہے بہت مجرب ہے۔ گل خطمی۔ مرزنجوش۔ بذر کتان۔ عنب الثعلب۔ تخم مروا۔ اسپغول۔ اکلیل الملک۔ بابونہ۔ گل سرخ۔ مردار سنگ۔ زعفران سفیدہ کاشغری۔ جند بیدستر۔ روغن گل۔ سفیدی و زردی بیضہ مرغ سب کو کوٹ چھانکر ملادو اور شیاف بناکر خود استعمال کرو انشاء اللہ طبیب کی حاجت نہ رہے گی۔ نوع دیگر۔ تنقیہ رحم رطوبت کو صاف کر دیتی ہے اسکے بعد پھر خشک دوا کا استعمال کریں نہایت مجرب ہے۔ صبر۔ باؤبڑنگ۔ تخم شبت ہر یک ۶ ماشہ۔ مرکی ۳ ماشہ۔ نمک سنگ ا ماشہ زبدالبحر ۳ ماشہ۔ شہد ۲ تولہ ملاکر استعمال بدستور سابق کے کرے۔

نوع دیگر۔ واسطے تحلیل کرنے ریاح رحم کے نہایت مجرب نسخہ ہے۔ بادیان انیسون۔ تخم کرفس۔ برگ سداب۔ صنوبر۔ پنبہ کہنہ۔ ہر یک ایک تولہ۔ شہد ۵ تولہ ملاکر شیاف بناویں ہفت روز برابر استعمال دا یا کرے مجرب ہے

نوع دیگر۔ واسطے درد رحم و بواسیر رحم و صلابت رحم کے مجرب ہے۔ چربی بط ا تولہ۔ بابونہ ۶ ماشہ۔ افیون ایک تولہ۔ موم سفید ۶ ماشہ روغن گل ۲ تولہ۔ فروطی بناکر پنبہ ڈالکر چار یوم استعمال کریں نہایت مجرب ہے

نوع دیگر۔ تمام امراض رحم یعنی ورم کسی قسم کا ہو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ بارہا مرتبہ تجربہ میں آیا ہوا ہے۔ اسپغول۔ تخم کتان ہر یک ایک تولہ دونوں کو لے کر خوب کوٹیں پھر ۲ تولہ شہد ملاکر شیاف بناکر استعمال کریں۔

دیگو واسطے زخم رحم کے نہایت مجرب ہے۔ شہد ۲ تولہ۔ شیر گاو ۵۰ تولہ

دونوں کو آگ پر گرم کر کے پنبہ کہنہ اس میں آلودہ کر کے دو روز استعمال کرنے سے ورم رحم ہر قسم کا دور ہو جاتا ہے نہایت مجرب ہے۔ جب رحم رطوبت سے پاک ہو جاوے تو چار یوم اس دوا کا استعمال کرنے سے رحم اپنی اصلی حالت پر آجاتا ہے۔ انزروت۔ مازو سبز۔ ہلیلہ ہر یک ۲ ماشہ کوٹ چھانکر ایک تولہ گل سرخ ملاکر کپڑے میں باندھکر استعمال کریں انشاء اللہ رحم مقوی ہو جاویگا اور ورم وغیرہ دور ہو جاوینگے نہایت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ شیاف واسطے درد رحم اور گرمی رحم کے ازبس مفید ہے۔ آردجو۔ گلو سبز۔ گل ارمنی۔ رسوت۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ جدوار خطائی سب کو کوٹ کر مکو سبز کے پانی میں حل کر کے چند یوم استعمال کریں۔ نوع دیگر۔ واسطے ورم رحم کے مرہم بناکر استعمال کریں دو چار یوم میں فایدہ عظیم ہوگا۔ تخم خشخاش سفید ۲ تولہ۔ شیر گوسفند پاؤ آثار میں جوش دیکر روغن گل ۲ تولہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ موم سفید ایک تولہ ملاکر بطور مرہم کے بناکر استعمال میں لاویں۔ نوع دیگر۔ مرہم واسطے صلابت رحم و خرابی رحم کے مجرب ہے تخم السی۔ نشاستہ ہر یک ۲ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ گل سرخ ایکتولہ روغن گل ۲ تولہ۔ شیر دختران ۲ تولہ بطور مرہم کے بناکر استعمال کریں بہت مجرب ہے۔

دیگر۔ واسطے مرہم امراض رحم کے نہایت مجرب ہے۔ موم سفید ۶ ماشہ۔ چربی بط۔ چربی مرغ ہر یک ایک تولہ۔ گوگل۔ خطمی ہر یک ۳ ماشہ۔ تخم کتان ۶ ماشہ۔ شہد ۳ تولہ۔ گودہ املتاس ۲ تولہ۔ روغن گل ۵ تولہ ملاکر مرہم بناکر استعمال کرنے سے فایدہ عظیم ہوگا مجرب ہے۔ دیگر۔ واسطے امراض رحم کے بابو برنگ۔ تخم خرمہ۔ تخم شفتالو ہر یک ۲ ماشہ۔ مغز بادام ۲ تولہ۔ مویز منقی

۵ تولہ سب کو کوٹ کر فلیتہ بناکر فرزجہ کریں۔ انشاءاللہ رطوبت رحم دور ہو جاویگی بہت مجرب ہے۔ دیگر۔ واسطے قروح وبثور رحم کے مجرب ہے۔ کندر۔ انزروت۔ دم الاخوین۔ جوز اسرو۔ پوست انار۔ گل سرخ۔ پھٹکڑی زعفران۔ افیون سب کو باؤبڑنگ کے پانی میں کھول کر شیاف بناکر سات روز استعمال کرنے سے زخم رحم کا دور ہو جاتا ہے۔ چاہے ناسور ہو گیا ہو۔ نہایت مجرب ہے۔ بارہا فرنبہ تجربہ میں آیا ہے۔ نوع دیگر واسطے درد رحم وقروح کے نہایت مجرب ہے۔ مردار سنگ۔ کاسنی ہر یک ۳ ماشہ۔ چربی مرغی کی موم سفید ہر یک ۱۰ ماشہ۔ روغن گل ۲ تولہ ملاکر پنبہ میں آمیز کر کے استعمال میں لاویں چند روز میں صحت ہو جاویگی۔ دیگر واسطے اسی مرض کے مجرب ہے

دیگر۔ واسطے درد رحم جو بعد جماع کے ہو یا بعد حیض یا بعد ولادت کے ہوتا ہو تو اس کا استعمال کریں نہایت مجرب ہے۔ ریوند خطائی ۱ ماشہ ہمراہ شربت بزوری حار کے یا شہد کے پانی میں ملاکر کھلانے سے مرض دور ہو جاتا ہے

دیگر۔ اسی مرض کیواسطے مجرب ہے۔ مازو سبز ایک ماشہ کوٹ کر پوٹلی باندھکر رحم میں رکھنے سے فایدہ عظیم ہوتا ہے۔ نوع دیگر۔ مسقط حمل۔ اگر خدانخواستہ کسی مرض کی وجہ سے مسقط کرنا حمل کا منظور ہو تو یہ دوا استعمال کریں ۴ صبر سقوطری۔ بول۔ بانسویہ ہر یک ۸ ماشہ کوٹ کر ۲ تولہ شراب برانڈی میں ملاکر شیاف بنادیں۔ کیسا درد رحم ہو فوراً آرام ہو جائیگا۔ بہت مجرب ہے دیگر۔ کنجد سیاہ ایک تولہ۔ عرق بادیان پاؤبھر میں جوشدیکر نہار پلاویں۔ دو چار روز کے استعمال سے مسقط ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔ دیگر مسقط حمل۔ بکری۔ گل تاج خروس ۵ ماشہ۔ ڈوڈی کپاس ۶ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ایکتولہ پانی میں جوشدیکر

پینے سے یہ عمل ہوتا ہے۔ نوع دیگر اگر کسی کو حیض آتے بند ہو گیا ہو تو اُسکا
استعمال کریں حیض جاری ہوگا۔ بادیاں۔ باؤبڑنگ۔ بیروزہ گجراتی۔ شکر سفید
سفوف کر کے چند روز قبل حیض کے کھاویں انشاءاللہ حیض بستہ ہوا کھل جاویگا
بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر واسطے بچہ مُردہ کے اگر بچہ پیٹ میں مر گیا ہو تو اس
دوا کا استعمال کرو فوراً بچہ نکلجاویگا۔ صبر کو باریک کر کے گائے کے پتے میں
حل کر کے لکڑی بید انجیر کی شاخ پر لگا کر فرج میں رکھیں چند منٹ میں اثر تمام
ہوگا مجرب ہے۔ نوع دیگر واسطے حیض بستہ کے نہایت مجرب
ہے۔ گوگل۔ فلفل دراز۔ مین پھل۔ جو کھار۔ تخم کدو تلخ۔ بالسویہ ہر ایک
۳ ماشہ۔ شیر زقوم ایکتولہ ملا کر گولیاں بنا کر فرزجہ کریں دو چار یوم میں اگر
دس برس سے حیض بند ہو فوراً کھلجاویگا۔ مجرب ہے۔ نوع دیگر واسطے
کھولنے حیض کے مختصر بہت مجرب ہے۔ باؤبڑنگ ایکتولہ۔ قند سیاہ کہنہ
۲ تولہ۔ پانی میں جوشدیکر سات روز تک استعمال کریں مجرب ہے، دیگر
ادرار حیض کیواسطے۔ تخم بید انجیر ا عدد ہر روز دو چار یوم حیض سے پیشتر
استعمال کریں حیض فراغت سے آویگا۔ مجرب ہے۔ دیگر واسطے ادرار
حیض کے۔ برگ کپاس ۲ تولہ پانی میں جوشدیکر قند سیاہ ملا کر پینے سے ادرار حیض
ہو جاویگا۔ دیگر واسطے ادرار حیض کے پپیہ ایک عدد پانی میں گھسکر گرم
کر کے پلانے سے ادرار حیض فوراً ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔ دیگر واسطے
ادرار حیض کے۔ پوست درخت نیب کہنہ ایک تولہ قند سیاہ کہنہ ۱ تولہ۔
زنجبیل ۶ ماشہ پانی میں جوش دیکر پلانیسے فوراً مرض دور ہو جاتا ہے۔۔۔
نوع دیگر واسطے ادرار طمث کے مجرب ہے۔ کنجد سیاہ۔ گوکھرو۔ ہر ایک
۶ ماشہ رات کو پانی میں تر کر کے صبح چھانکے پانی اسکا دو چار روز استعمال کریں

بہت فائدہ ہوتا ہے مجرب ہے دیگر واسطے ادرار حیض کے۔ بیر بہوٹی
۳۰ ماشہ عرق لیموں کاغذی میں گھسکر سونگھا دیں فوراً حیض جاری ہوگا
بہت مجرب ہے۔ نوعدیگر بند کرنے ادرار طمث کے بہت مجرب ہے۔ آملہ منقی
بادیان ہر یک ایک تولہ رات کو پانی میں بھگو کر شکر ۲ تولہ ملا کر پلاویں فوراً
ادرار بند ہو جاویگا مجرب ہے۔ نوعدیگر ادرار حیض بند کرنا ہو تو اس دوا کا
استعمال کرے نہایت مجرب ہے۔ کہربا شمعی۔ گل مختوم سفوف کرکے ہمراہ
شیرہ ۶ ماشہ خرفہ کے ۳ ماشہ کھلانیسے فوراً ادرار حیض بند ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے
نوعدیگر واسطے بند کرنے خون حاملہ کے اگر حمل میں خون آتا ہو تو یہ دوا
دیوے فوراً خون بند ہو جاویگا نہایت مجرب ہے بارہا آزمودہ ہے۔
بلیلہ۔ مویز منقی ہر یک ۶ ماشہ۔ کشینز ایک تولہ۔ انار دانہ ۶ ماشہ پانی
میں جوشدیکر دو تین مرتبہ پلانیسے فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ نوعدیگر
حمول واسطے درد رحم و باد رحم کے مجرب ہے۔ بادیان۔ برگ مدار۔ انیسول
تخم کرنس۔ صعتر۔ ہر یک ۶ ماشہ۔ شہد۔ پنبہ کہنہ۔ مویز منقی ہر یک ایک
تولہ کوٹ کر شیاف بنا کر استعمال کریں بہت جلد نفع ہوگا مجرب ہے۔
دیگر واسطے کھولنے حیض بستہ کے مجرب ہے۔ مُر صافی۔ پودینہ۔ ابہل
سداب ہر یک ۶ ماشہ مویز منقی ایک تولہ سب کو کوٹ کر زہرہ گاؤ میں
ملا کر شیاف بناویں دو روز کے استعمال سے ہفت سالہ حیض کا ادرار ہوگا
مجرب ہے۔
دیگر واسطے ادرار حیض کے سیلخہ۔ شونیز۔ جند بیدستر۔ ابہل۔ شہد ہر ایک
۳ ماشہ ملا کر شیاف بنا کر استعمال کریں مجرب ہے۔ نوعدیگر واسطے ادرار
حیض دور درحم و درد پشت کے مجرب ہے۔ تخم کرفس۔ حلبہ۔ تخم خیارین

بادیان۔ انیسوں۔ تخم شبت ہریک ۳ ماشہ۔ شہد ۲ تولہ ملاکر پانی میں جوشدے کر دو مرتبہ نیمگرم استعمال کریں فوراً فایدہ ہوگا۔ دیگو ادرار حیض کیواسطے تخم خرفہ۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ بادیان ہر یک ۳ ماشہ پاؤ بھر پانی میں خوش دے کر تین روز عمل میں لاویں بہت فایدہ کرنیوالی دوا ہے۔

نوعدیگر واسطے عقر یعنے جسکو حمل نہ ہوتا ہو اسکا استعمال کریں خدا کے فضل سے حاملہ ہوگی۔ مرکی۔ نوشادر ہر یک ایک ماشہ پیسکر نصف رتی کی گولی بناویں حیض کے بعد عورت تین روز فرزجہ کرکے نزدیکی شوہر کی کرے انشاءاللہ حاملہ ہوگی بارہا تجربہ میں آچکا ہے۔ نوعدیگر واسطے اس تپ کے بعد ولادت کے مستورات کو ہو جاتا ہے۔ فوراً انشاء اللہ اسکے استعمال سے دور ہو جاویگا۔ تربد۔ زنجبیل مصطگی۔ ریوند چینی۔ مور پنکھی صبر ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو عرق گلاب میں ترکرکے گولیاں برابر چنے چنے کے بناویں دو ایک کھانیسے فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے

نوعدیگر۔ واسطے بانجھ عورت کے حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ بارہا مرتبہ تجربہ میں آیا ہے۔ سر کھیوا استخوان آدمی برابر وزن لیکر شکر سفید ملاکر بعد حیض کے ۳ ماشہ صبحکو جو عورت بانجھ ہو کھاوے انشاءاللہ فوراً حمل ہو جایگا یہ عجیب اسرار ہے۔ نوعدیگر واسطے سخت کرنے پستان عورت کے نہایت مجرب ہے۔ پوست انار تلخ۔ پوست ترنج ہر یک ایک تولہ دونوں کو روغن تلخ میں جوشدیکر روغن کو صاف کرکے پستانوں پر مالش کرے نہایت مجرب ہے بہت سخت ہو جاوینگے مجرب ہے۔

نوعدیگر درد پستان عورت کیواسطے۔ جسکی چھاتی درد کرتی ہو۔ تو وہ گول خام لیکر سرکہ میں پیسکر نیمگرم لیپ لگاویں فوراً آرام ہو جاویگا۔

نوعدیگر طلسم دروزہ ولادت کے وقت گڑ پر دم کر کے عورت کو کھلا دیں
فوراً شفا پاوے۔ مچا مچندر کڑوا تیل بالک نکلے مستک بیل۔ تین مرتبہ گڑ پر
دم کر کے کھلاویں بہت فایدہ ہوتا ہے مجرب ہے۔ نوعدیگر واسطے
سقط حمل آزمودہ ہے۔ کلونجی۔ ڈوڈی کپاس۔ گرہ بالس۔ تخم ترب
تخم شبت ہر یک ایک تولہ سب کو کوٹ کر اسمیں سے ۴ ماشہ پانی میں
جوش دیکر پلانیسے فوراً آرام ہو جاتا ہے مجرب ہے۔ نوعدیگر واسطے
درد رحم کے وسوزش رحم کے۔ چربی بط۔ چربی مرغ۔ کتیرا۔ خطمی۔ ببباسہ
گلنار۔ اقاقیا۔ سداب۔ مردار سنگ۔ روغن بنفشہ روغن گل ملا کر فرزجہ
بنا کر استعمال کریں نہایت مجرب ہے۔ نوعدیگر واسطے درد رحم کے
سوزش رحم کے۔ چربی بط۔ چربی مرغ۔ کتیرا۔ خطمی۔ ببباسہ۔ گلنار
اقاقیا۔ سداب۔ مردار سنگ۔ روغن گل ملا کر فرزجہ بنا کر استعمال کریں
نہایت مجرب ہے۔ نوعدیگر واسطے حیض بستہ کھولنے کے بیعدیل ہے
مُر صاف۔ پودینہ۔ سداب خشک۔ مویز منقی۔ ابہل کوٹ کر پتہ گاؤ
میں ملا کر فرزجہ کریں نہایت مجرب ہے۔ نوعدیگر واسطے کھولنے
حیض کے مجرب ہے۔ قنہ جند بیدستر ملا کر فرزجہ کرنیسے حیض فوراً جاری
ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

نوعدیگر سقط حمل وادرار حیض کیواسطے نہایت مجرب ہے۔ خستہ
میوا۔ صبر۔ بیخ سبکھیرہ۔ نوشادر۔ قرنفل۔ مرمکی سب کو کوٹ کر فرزجہ کریں
نوعدیگر واسطے رجا و عسر ولادت و مخرج جنین زندہ و مردہ عجیب الاثر
دوا ہے۔ مرمکی۔ جاوشیر۔ خربق سیاہ ہر یک ۲ ماشہ سبکو کوٹ چھانکر پتہ
گاؤ میں حل کر کے گولیاں بطور شیاف کے بنا کر ہفت روز استعمال کریں انشاء اللہ

یہ نسخہ صدہا مرتبہ اکثر علاج مستورات میں مطب میں استعمال کیا گیا ہے نہایت مجرب پایا ہے بلکہ یہ واسطے رجا جسکو چھوٹا حمل اکثر مستورات اسکو اٹھرا کا مرض جانتی ہیں اسکو خدا کے فضل سے دور کر دیتا ہے۔

فصل بیسویں علاج وجع المفاصل کے بیان میں

نوعدیگر برائے وجع مفاصل از مجرب جناب قبلہ ام حکیم سید ضامن علی صاحب ۲ رتن جوت - موصلی سیاہ - بیخ پان - مالکنگنی - دار فلفل مغز جمالگوٹہ - رسکپور - ہر یک ایکتولہ سب کو کوٹ کر عرق پان میں کھرل کرکے حب برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی گرم سے کھانا مجرب ہے - نوعدیگر برائے حب وجع مفاصل ہر قسم کیواسطے بہت ہی مجرب ہے ۲ نکچھکنی ۲ تولہ - عرق ادرک ۵ تولہ میں خوب کھرل کرکے حب بقدر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کھانا مجرب ہے نوعدیگر برائے ضماد وجع مفاصل مجرب ہے - روغن قسط بابونہ - روغن قرطم - روغن زرد - موم سفید - چربی گردہ بزکی - سب کو آگ پر گرم کرکے روغن بنا کر وجع مفاصل پر ضماد کریں بہت ہی مجرب ہے نوعدیگر برائے ضماد وجع مفاصل کیواسطے بہت ہی مجرب ہے زعفران ۶ ماشہ - مصبر ایکتولہ - افیون ۳ ماشہ - سب کو پیسکر سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر وجع مفاصل پر ضماد کریں مجرب ہے۔

نوعدیگر ضماد وجع مفاصل - سرکہ ۵ تولہ - ایلوا ۱ تولہ - کافورا ماشہ زنجبیل ۲ تولہ سبکو پیسکر وجع مفاصل پر ضماد کریں مجرب ہے۔

نوعدیگر برائے حب وجع مفاصل از مجربات جناب قبلہ ام صاحب ۲
سورنجاں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ شحم حنظل۔ مقل۔ تربد سفید۔ ہر یک ۶ ماشہ
سبکو کوٹ کر حب برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام
ہمراہ عرق بادیاں کے کھانا مجرب ہے۔ **نوعدیگر برائے وجع مفاصل**
کے بہت ہی مجرب ہے ۴ چاکسو مدبر۔ مردار سنگ۔ کتیرا۔ صمغ عربی سب
کو کوٹ چھانکر گولیاں برابر ماش کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام
کو ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ **نوعدیگر برائے وجع مفاصل** کے بہت
ہی مجرب ہے ۵ سورنجاں شیریں۔ ایلوا۔ تربد۔ سنا مکی۔ افسنتین۔ نمک
سانبھر۔ شحم حنظل۔ اجمود ہر یک ۶ ماشہ سبکو کوٹ چھانکر گولیاں برابر
نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی کے کھانا
مجرب ہے۔

نوعدیگر برائے وجع مفاصل بہت مجرب ہے، پوست ہلیلہ زرد۔
پوست ہلیلہ کابلی۔ بادیان۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ کالی زیری۔ مغز کرنجوہ۔
سنامکی تربد سفید۔ ایلوا۔ مویز منقی ہر یک ۶ ماشہ سبکو کوٹ کر چھانکر گولیاں
بقدر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی گرم کے کھانا مجرب ہے
نوعدیگر۔ ضماد وجع مفاصل کیواسطے بہت ہی مجرب ہے۔ ایلوا۔ افیون
دارچینی۔ زنجبیل ہر یک ۳ ماشہ سرکہ ۵ تولہ سبکو پیسکر وجع مفاصل پر
ضماد کریں بہت ہی مفید ہے۔ **نوعدیگر برائے حب وجع مفاصل** بہت
ہی مجرب ہے۔ ۵ سنکھیا سفید۔ سورنجاں شیریں۔ دونوں کو عرق لیموں میں سات
روز تک کھرل کرکے پھر شیر گاؤ کھانے میں سات روز تک کھرل کرکے
گولیاں برابر فلفل گرد کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ

پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے وجع مفاصل ہر قسم ۲ سورنجان تلخ۔ سنا مکی۔ سقمونیا۔ تربد سفید۔ زنجبیل ہر یک ۶ ماشہ۔ دار چینی ۳ ماشہ ثعلب مصری۔ ایلوا۔ مغز بادام شیریں سب کو کوٹ کر حب برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی گرم کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر ضماد وجع مفاصل ہر قسم مجرب ہے ۲ اسپغول ۶ ماشہ۔ سرکہ ۱ تولہ افیون۔ زنجبیل ہر یک ۶ ماشہ۔ شحم حنظل۔ کافور۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ سبکو پیسکر سرکہ میں ملا کر وجع مفاصل پر ضماد کریں یہ لسنخہ بہت مجرب ہے۔

نوع دیگر حب وجع مفاصل کیواسطے بہت ہی مجرب ہے۔ سعد کوفی۔ شحم حنظل ہر یک ۲ ماشہ۔ تربد سفید ایکتولہ۔ فلفل سیاہ۔ مقل۔ ایارج فیقرا سورنجان شیریں۔ جاوشیر۔ جند بید ستر۔ بوزیدان۔ گلسرخ ہر یک ۶ ماشہ مصطگی رومی ۳ ماشہ سبکو پیسکر گولیاں برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک سام ہمراہ عرق ۵ تولہ بادیاں کے کھانا بہت مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے وجع مفاصل یہ لسنخہ بہت ہی مجربات میں سے تحریر کیا گیا ہے ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ بادیان۔ قرومانا۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ مغز کرنجواہر یک ایک تولہ۔ مویز منقی ۶ تولہ سبکو کوٹ کر حب برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام اور ایک دوپہر دن میں تین دفعہ پانی گرم کے ہمراہ استعمال کرنا مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے حب وجع مفاصل کے بہت مجرب ہے۔ اجوائن خراسانی سیماب۔ بلادر۔ اجمود۔ اسپند۔ ہر یک ۳ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ سب کو کوٹ کر حب مقدار جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے

نوعدیگر برائے وجع مفاصل از مجربات جناب قبلہ ام صاحب - سورنجان شیریں - بوزیدان - مایزہرخ - قنطوریوں - تخم حنظل - فرفیون - جندبیدستر حلتیت - سقمونیا - زنجبیل - ہریک ۶ ماشہ - شیطرج ۶ ماشہ - فلفل سیاہ - ۳ ماشہ - ایارج فیقرا ۶ ماشہ - تربد سفید خراسیدہ ۲ تولہ سبکو کوٹ چھانکر سفوف بناکر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی گرم کے کھانا مجرب ہے -

نوعدیگر برائے ضماد وجع مفاصل یہ نسخہ بہت مجرب ہے ۴ آردلوبیاں اسپغول - مرزنجوش - گل خطمی - سورنجان تلخ - اکلیل الملک - آردجو - خولنجان ہریک ۶ ماشہ سبکو کوٹ کر پیسکر ۵ تولہ سرکہ میں ملاکر ضماد وجع مفاصل پر کریں بہت ہی جلدی اچھا ہو جاتا ہے مجرب ہے -

نوعدیگر برائے حب وجع مفاصل کیواسطے بہت ہی مجرب ہے ۴ تربد سفید - ایلوا جندبیدستر - فاوزہر حیوانی - سناکی - جدوار - اجمود - بادیان - تخم کرفس - فلفل سیاہ - مغز کرنجوہ - فلفل دراز - دارچینی - زنجبیل ہریک ۶ ماشہ - سنبل الطیب ۳ ماشہ - مشک خالص ایک ماشہ - شہد خالص ۵ تولہ میں سب کو کوٹ کر حب برابر نخود کے بناکر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے -

نوعدیگر ضماد وجع مفاصل کیواسطے بہت ہی مجرب ہے ۴ دارچینی گل بابونہ ہریک ۶ ماشہ - روغن بیدانجیر ۹ ماشہ - روغن زنبق ۷ ماشہ - زنجبیل ۶ ماشہ عدوار ۹ ماشہ - زعفران - افیون - فرفیون ہریک ۳ ماشہ - ایلوا ۶ ماشہ سب دواؤں کو پیسکر روغنوں کو ملاکر ضماد کرنا بہت مجرب ہے -

نوعدیگر برائے وجع مفاصل یہ نسخہ بہت مجرب ہے ۴ صبر - سورنجان شیریں - سقل ہریک ۶ ماشہ - تخم گندنا ۷ ماشہ - سقمونیا ۹ ماشہ - گلسرخ ۶ ماشہ

سنامکی ۷ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ایک ماشہ۔ بوزیدان ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ
ہلیلہ زرد۔ زنجبیل ہر یک ۳ماشہ۔ سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح
اور ۲ ماشہ شام ہمراہ گرم پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے
وجع مفاصل بہت مجرب ہے ھ شحم حنظل ۲ ماشہ۔ جدوار خطائی۔ تنز خطائی
ہر یک ۹ ماشہ۔ فادزہر حوانی ۲ ماشہ۔ حجر الجت ایک ماشہ۔
تخم کرفس اجمود ۲ ماشہ۔ زنجبیل ۷ ماشہ۔ تربد سفید ۷ ماشہ۔ سنامکی ۱ تولہ
سورنجان تلخ۔ دارچینی ہر یک ۲ ماشہ۔ مویز منقی ۷ عدد۔ قاقل ۲ ماشہ
سب کو پیس کر عرق پان میں کھرل کر کے گولیاں برابر نخود کے بنا کر
ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ عرق بادیان کے کھانا مجرب ہے
نوع دیگر۔ برائے ضماد وجع مفاصل کے واسطے بہت ہی مجرب ہے
ھ سرکہ۔ جدوار۔ زعفران۔ مشک۔ ایلوا۔ مقل۔ افیون۔ دارچینی۔ زنجبیل
انیسون۔ کافور۔ سب کو سرکہ میں پیس کر وجع مفاصل پر ضماد کرنا بہت
مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ حب وجع مفاصل کیواسطے بہت مجرب ہے
زعفران ۳ ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ سورنجان۔ جدوار۔ ہر یک
۲ ماشہ۔ خردل ایک ماشہ۔ فلفل سیاہ۔ جند بیدستر سفید ہر یک ۱۰ ماشہ
عنبر لسہت ۲ ماشہ۔ کشتہ فولاد ایک ماشہ سب کو پیس کر عرق پان میں
گولیان برابر ماش کے بنا کر کھانا مجرب ہے۔

فصل اکیسویں علاج تپ ہر قسم کے بیان میں

نوع دیگر طلسم دافعہ تپ محرقہ اور تپ دق۔ صندل سفید۔ گلسرخ ہر یک
ایک تولہ۔ کافور۔ طباشیر۔ زہر مہرہ۔ ہر یک ۲ ماشہ۔ سبزی کنول کنٹھ

کتھ سفید ہر یک ۲ ماشہ سب کو سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ عرق بید مشک کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ سرمہ تپ ہر قسم کے واسطے مجرب ہے۔ گل چنبہ سبز ایک تولہ سبزی دور کر کے ہلیلہ زرد ۵ ماشہ سرکہ انگوری ایک تولہ میں کھرل کر کے آنکھوں میں لگانے سے تپ نہیں ہوتا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے سرمہ تپ لرزہ یہ طلسم جناب قبلہ امام صاحب کا بہت ہی مجرب ہے۔ مگس پر بریدہ۔ مرچ سیاہ ہر یک ایک عدد۔ ایک تولہ سرکہ انگوری میں سب کو پیس کر سرمہ لگانے سے تپ لرزہ نہیں ہوتا مجرب ہے نوع دیگر۔ برائے تپ کہنہ مجرب ہے۔ سجی۔ شورہ قلمی۔ نمک سیاہ۔ گل کیلہ سوختہ سب کو کوٹ کر سفوف بنا کر خوراک ایک ماشہ ہمراہ شربت انار عرق بادیان کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے تپ کہنہ ہر قسم کے واسطے بہت مجرب ہے۔ شراب پورٹ وین۔ عرق شہد لوی۔ عرق بادیان ہر یک ۵ تولہ۔ نبات سفید ایک تولہ سب کو ملا کر پینا بہت مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے تپ مرکب موسم ہیضہ۔ قرنفل۔ قاقلہ۔ نارشک۔ زرشک سعد کوفی۔ صندل سفید۔ فلفل سیاہ۔ سماق ہر یک ۲ ماشہ سب کو کوٹ کر گولیاں برابر جنگلی بیر کے بنا کر کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے تپ لرزہ ہر قسم کیواسطے یہ نسخہ بہت مجرب ہے۔ پھٹکڑی بریان۔ سوہاگہ بریان۔ اجوائن خراسانی۔ ہر یک ۲ ماشہ۔ آب برگ دھتورہ سبز ۲ تولہ سب کو پیس کر کھرل کر کے گولیاں برابر نخود کے بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام کو ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے تپ لرزہ ہر قسم کیواسطے بہت مجرب ہے۔ مرچ سیاہ۔ برگ بھنگ ہر یک ایک تولہ سب کو پیس کر سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی کے

کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے تپ لرزہ ہر قسم کے تپ کے واسطے مجرب ہے۔ برگ پان۔ برگ دھتورہ۔ مرچ سیاہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ کافور ہر یک ۶ ماشہ سب کو پیسکر گولیاں برابر فلفل سیاہ کے بناکر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے تپ لرزہ ہونے کیواسطے بہت مجرب ہے از مجربات جناب قبلہ ام صاحب۔ جالا مکڑی ۴ ماشہ فلفل سیاہ ۲ عدد۔ گل قند ایک تولہ۔ جالہ فلفل کو پیسکر گلقند میں ڈال کر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے تپ ہر قسم کیواسطے مجرب ہے کشتہ گودھنی ۱ سرخ۔ شربت بنفشہ ۵ تولہ کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر برائے تپ ہر قسم کیواسطے بہت مجرب ہے ۳ کشتہ گھونگا۔ اور کشتہ گودھنی ہر یک ایک سرخ ملاکر شربت زوری ۵ تولہ کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ تپ کہنہ وکھانسی کے بہت مجرب ہے۔ بیٹھ چوہے کی ایک ماشہ لیکر پانی ڈالکر اوسکا اوپر کا پانی پینا مجرب ہے۔ نوع دیگر برائے تپ محرقہ ہر قسم کے واسطے بہت مجرب ہے۔ صندل سفید۔ کونپل درخت۔ کنجوہ فلفل سیاہ ہر یک ۲ ماشہ سب کو لیکر حب بقدر نخود کے بناکر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے تپ چہاریومیہ طلسمی ہر دوائی مجرب ہے۔ پر طاؤس۔ پر چیل دونوں کو قینچی سے ریزہ ریزہ کرکے کپڑا برنگ آسمانی میں ڈالکر ہر نوبت تپ دہونی لینا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے تپ وبائی ہر قسم کے واسطے بہت مجرب ہے۔ نرکچور کو پیسکر ایک سرخ خوراک ہمراہ شربت نیلوفر صبح شام دینا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے تپ دق وسل کیواسطے مجرب ہے۔ از مجربات جناب قبلہ ام صاحب

شکر تغال۔ رب سوس، طباشیر، دانہ الائچی سفید، ست گلو، مغز بادام، مغز
خیارین، تخم کاسنی۔ تخم خرفہ، سرطان سوختہ، مغز بہیدانہ، گلسرخ، گل نیلوفر،
اصل السوس۔ ہریک ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲۰ عدد، مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ، نبات
سفید ۵ تولہ سب کو لیکر کوٹ چھانکر سفوف بناکر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام
ہمراہ شربت اعجاز کے کھانا مجرب ہے۔ یا عرق شیر ۵ تولہ یا عرق گاؤزبان
۵ تولہ کے کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ برائے تپ دق وسل کیواسطے یہہ
لعوق بہت مجرب ہے۔ مغز بہیدانہ، مغز بادام، مغز کدو شیریں۔ مغز
خیارین، شکر تیغال، رب السوس، خشخاش سفید، صمغ عربی۔ کتیرا ہریک
۲ ماشہ سب کو پیسکر شربت بنفشہ ۵ تولہ میں ملاکر پھر روغن بادام ڈال کر
لعوق بناکر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ دوپہر اور ۳ ماشہ شام کھانا مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ برائے تپ ہر قسم مجرب ہے مغز کرنجوہ۔ طباشیر۔ دانہ الائچی سفید
ہریک ۲ ماشہ۔ زرنچور ۵ ماشہ۔ کافور ایک ماشہ۔ گاؤ ذنتی ۲ ماشہ سب کو
پیسکر گولیان برابر نخود کے بناکر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ عرق
بادیان کے کھانا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ برائے تپ ہر قسم بہت مجرب ہے۔ از مجربات جناب قبلہ ام صاحب
پوست خشخاش، پھٹکڑی سوختہ، تخم کرنجوہ ہریک ۲ ماشہ انکو پیس کر گولیاں
بناکر کھانا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ حب برائے تپ ہر قسم مجرب ہے۔ از مجربات
جناب قبلہ ام صاحب پتیش، ست گلو۔ رب السوس۔ طباشیر
کرنجوہ ہریک ۲ ماشہ سب کو پیسکر گولیاں برابر نخود کے
بناکر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی گرم
کے کھانا بہت مجرب ہے۔

فصل بائیسویں کشتہ جات متفرق کے بیان میں معہ فوائد اُس کے

کشتہ رانگہ یعنے قلعی۔ یہ کشتہ جریان اور سوزاک کیواسطے از حد مفید ہے بلکہ قوت باہ اور سلسل البول کو بھی نفع کرتا ہے۔ جبوقت قلعی کو کشتہ کریں تو پہلے قلعی کو کڑوے تیل میں ضرور دس مرتبہ صاف کر لیویں تاکہ زہریلا مادہ اسکا دور ہو جاوے اُس کے بعد بوٹی ہرن کھری ۵ تولہ اور چھوٹی دودی کی ٹکڑی ۵ تولہ بناکر اُس پر قلعی کے ٹکڑے رکھکر چولائی کے پتے ۴ تولہ خشک ڈالدیویں اور آگ دس سیر اوپلہ کی دیویں کشتہ سفید عمدہ ہو جاویگا۔ خوراک ایک سرخ ہمراہ مسکہ یا بالائی کے سات روز کھلاویں جریان ہر قسم کا دور ہو جاویگا۔ اور سوزاک کیواسطے ہمراہ طباشیر ۱ ماشہ کے کھلاویں اوپر سے دودھ گائے پلاویں سوزاک ہر قسم کا دور ہو جاویگا۔ بہت مجرب ہے۔ دیگر ترکیب کشتہ قلعی۔ چھال انبلی برگ سنبھالو ہر یک ۵ تولہ دونوں کو کوٹ کر ایک اوپلہ پر نصف نیچے اور نصف اوپر رکھکر آگ ۱۵ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیویں کشتہ بہت صاف ہوگا۔ ترکیب کھلانے کی اوپر بیان ہو چکی ہے بہت مجرب ہے۔ دیگر کشتہ قلعی۔ قلعی جسقدر ضرورت ہو پہلے تیل میں صاف کر لو پھر برگ مدار، برگ مہندی ہر یک ۵ تولہ دونوں کو پیسکر ایک ٹکڑے ٹاٹ پر بچھا کر قلعی کے ٹکڑے اس پر رکھدو اور آگ دس سیر اوپلہ کی دیں کشتہ ہو جاویگا۔ جس طرح چاہو کام لاؤ ہر ایک نسخہ مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ کشتہ ہفت دھات۔ یعنی سیسہ جست و رانگہ واسطے جریان منی و حرقت بول و سلسل البول و امراض گردہ و مثانہ کو از حد مفید ہے بلکہ

اگر آنکھ میں بجائے سرمہ استعمال کرو تو آنکھوں کی روشنی بڑھاتا ہے۔
ترکیب یہ ہے سیسہ، جست، رانگہ ہر یک ایک تولہ تینوں کو آگ پر
گرم کرکے ایک گرہ کرو۔ پھر اسکو ترپھلہ کے پانی میں سات مرتبہ بجھا دو۔
جب صاف ہو جاوے تو کڑاہی آہنی میں ڈالکر نیچے آگ دو جب پانی
کیطرح ہو جاوے تو پوست خشخاش ۲ تولہ کوٹ کر قدرے قدرے اُس
پر ڈالتے جاؤ۔ کشتہ ہو جاویگا۔ برنگ گلابی۔ اگر گلابی نہووے تو پھر
بالائی جغرات ۵ تولہ میں کھرل کرکے ایک سکورہ گلی میں ڈالکر منہ بند
کرکے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیدو کشتہ نہایت اعلے ہوگا۔ خوراک ایک رتی
ہمراہ مسکہ گاؤ کے سات روز جریان کیواسطے اور پانچ روز سوزاک کے
واسطے اور دس روز ضیق النفس کے واسطے۔ یہ بھی عجیب کشتہ
ہے بارہا مرتبہ تجربہ میں آیا ہے۔

نوع دیگر۔ کشتہ چار دھاتہ واسطے آتشک و سوزاک و ضیق النفس و قوت
باہ و فساد خون کے مجرب ہے۔ یہ نسخہ باوا جیون رام سنیاسی کا عطیہ ہے
جو ریاست جے پور میں بڑے مشہور و معروف سوامی ہیں بارہا مرتبہ یہہ
تجربہ میں آیا ہے۔ کبھی خطا نہیں ہوا۔ رسکپور، دارشکنہ، شنگرف، سنبل الفار،
ہر یک ایک تولہ۔ خاکستر خرمہرہ زرد ۱ تولہ۔ لیکر ایک سکورہ گلی میں نیچے
اوپر رکھکر گل حکمت کرکے اس طرح آگ دیویں پہلے روز ایک سیر دوسرے
روز دو سیر اور تیسرے چوتھے روز ۴ سیر پانچویں روز ۵ سیر پانچ روز
بعد کشتہ ہو جاویگا خوراک یک دانہ خشخاش در مسکہ گاؤ غذا مرغن شب
امراض جسمی دور ہو جاویں گے۔ عجیب اکسیر دوا ہے۔

نوع دیگر۔ کشتہ نوشادر واسطے سنگ گردہ اور مثانہ کے عجیب الاثر ہے

حرقت البول۔ تقطیر البول کو از حد مفید ہے۔ قرحہ مثانہ سوزاک کو دور کر دیتا ہے یہ بھی سوامی جی کی بخشش ہے۔ مجرب ہے نوشادر ۴ تولہ شورہ قلمی ایک تولہ۔ خاکستر خرمہرہ ۱۰ تولہ۔ نوشادر اور شورہ کو پیسکر ایک سکورہ گلی میں تلے نیچے۔ اوپر خاکستر خرمہرہ زرد کی ڈالدو اور اُس کا منہ بند کرکے گل حکمت کرکے اول روز آگ ایک سیر اوپلہ کی اور دوسرے روز دو سیر کی۔ اور تیسرے روز تین سیر کی چوتھے روز چار سیر کی پانچویں روز پانچ سیر کی اسی طرح پانچویں روز کشتہ ہو جاویگا مع خاکستر خرمہرہ کے جمع رکھو وقت ضرورت کے ایک رتی ہمراہ شیر گاؤ پاؤ بھر اور سرد پانی پاؤ بھر ملا کر کھلاؤ۔ فوراً آرام ہو جاویگا۔ غذا دودھ چاول سات روز میں بالکل مرض کافور ہو جاوے گا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ کشتہ تانبا واسطے قوت باہ اور وجع مفاصل بلغمی کے حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ تانبا جسقدر کہ ضرورت ہو اسکو املی کے پانی میں سات مرتبہ بجھادو جب صاف ہو جائے تو برگ کنیر سفید ۵ تولہ۔ زرنیخ طبقی ایک تولہ ملاکر خوب پیسکر ٹکڑی بنالو۔ ایک سکورہ گلی میں نیچے اوپر ٹکڑی دیگر تانبا اسکے اندر رکھدو۔ گل حکمت کرکے سکورہ گلی کو دس سیر اوپلہ کی آگ دو تانبا برنگ آسمانی کشتہ ہو جاویگا۔ ایک چاول بھر مسکہ گاؤ ایک تولہ میں رکھکر کھلاؤ فوراً آرام ہوگا۔ وجع مفاصل کیواسطے پہلے مسہل دو اسکے بعد سات روز تک اسکا استعمال کرو اور ضیق النفس کے واسطے ہمراہ شہد ایک تولہ کے ایک چاول کھلاؤ۔ اور واسطے قوت باہ کے ہمراہ لعاب مصری ایک ماشہ کے سات روز تک کھلاؤ بہت فایدہ ہوگا۔ بار ہا تجربہ میں آیا ہے۔

نوع دیگر۔ کشتہ سنکھیا سفید۔ واسطے ضیق النفس و کھانسی کہنہ و قوت باہ و جع المفاصل و آتشک و سوزاک و ہر مرض بلغمی کیواسطے حکم اکسیر کا رکھتا ہے بلکہ پیر کو جوان کر دیتا ہے۔ مجرب ہے۔ سنکھیا سفید ۲ تولہ کو پہلے اک کے دودھ میں سات روز تر کر کے رکھیں بعد سات روز کے نگدی برگ املتاس ۱۰ تولہ کی نگدی بناویں اُس میں ڈلی کو پوشیدہ کریں اور ایک ہانڈی گلی کی کوری لیکر اس میں راکھ درخت پیپل کی بھر دیویں اس میں سنکھیا معہ نگدی کے پوشیدہ کر دیویں اور ہانڈی کو چولھے پر رکھکر چار پہر آگ دیوے سنکھیا کشتہ ہو جاویگا۔ بعد سرد ہونے ہانڈی کے سنکھیا کی ڈلی نکال لیوے ایک چاول ہمراہ مسکہ گاؤ ایک تولہ کے کھلاویں پرہیز ترشی بادی کا کریں۔ اور غذا مرغن دیویں یہ نسخہ اکسیر کا ہے۔

دیگر۔ کشتہ سنکھیا جو سب امراض سوداوی کو فایدہ کرتا ہے۔ ضیق النفس کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے۔ سنکھیا ۲ تولہ لیکر سات روز تک آک کے دودھ میں تر رکھیں بعد ایک ہانڈی گلی لے کر اُس میں خاکستر لشپت خار سے پُر کر دیویں۔ درمیان میں ڈلی سنکھیا رکھدیویں اور چار پہر چولھا پر رکھکر آگ دیویں سنکھیا کشتہ ہو جاویگا خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ گاؤ یا بالائی غذا مرغن کے سوا سب چیز کا پرہیز ہے۔ یہ کشتہ جات سیاحت کے دوروں میں بمشکل تمام پیدا کئے ہیں۔ ایک ایک نسخہ موتیوں کے مول کا ہے

نوع دیگر۔ کشتہ چاندی واسطے قوت باہ کے اور جریان منی کے اور مقوی دماغ و جگر و معدہ کے لئے اس سے کوئی دوا مجرب نہیں۔ نہایت ہی مجرب ہے۔ زر النبج۔ بھوکر مول۔ بیخ کیکر سفید۔ بیخ پات ہر یک ایک تولہ سب کو گائے کے پیشاب میں نگدی بناویں اس میں چاندی جسقدر

ضرورت ہو رکھکر گل حکمت کریں اور آگ ۱۰ سیر اوپلہ صحرائی کی دیویں ایک آگ میں کشتہ ہو جاویگا۔ خوراک واسطے قوت باہ کے ایک رتی ہمراہ دودھ کے اور واسطے جریان منی کے ایک چاول ہمراہ مسکہ گاؤ کے اور واسطے سوزاک کے ہمراہ دوغ ترش ارتی۔ اور واسطے قوت دماغ کے ہمراہ ۲ تولہ حلوا کے سات روز کھلاویں بہت مجرب ہے۔ دیگر۔ کشتہ قلعی واسطے جریان منی وسوزاک کے حکم اکسیر کا رکھتا ہے قلعی۔ سیماب ہریک ایک تولہ دونوں کو گرم کر کے گرہ کریں اور شیر زقوم میں اکیس مرتبہ غوطہ دیویں۔ بعد ننگدی انبلی سبز ۵ تولہ کی بناکر اسمیں قلعی کو رکھدیویں ۵ اسیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیویں کشتہ ہو جاوے گا۔ خوراک ایک رتی بطریق بالا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ کشتہ شنگرف واسطے قوت باہ اور آتشک کے نہایت مفید ہے شنگرف ۲ تولہ کو ۱۲ تولہ کنوار بوٹی میں کھرل کریں پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیویں۔ کشتہ ہو جاویگا خوراک یک سرخ بالائی شیر میں پرہیز ترشی بادی کا اور جماع سے پرہیز کریں موسم سرما میں اس کا استعمال کراویں گرم موسم میں نقصان کرتا ہے مجرب ہے۔

نوع دیگر کشتہ سنکھیا واسطے ضیق النفس اور کمی اشتہا کے اور آتشک کے نہایت مفید ہے بارہا مرتبہ تجربہ میں آیا ہے۔ سنکھیا سفید ایک تولہ پھٹکڑی سفید ۲ تولہ دونوں کو نیچے اوپر کر کے کلیا گلی میں منہ بند کر کے پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیویں خوراک ایک سرخ ہمراہ شیرہ برگ پان یہ بھی عجب طلسمی نسخہ ہے۔ فوائد تو بہت ہیں مختصراً لکھا گیا ہے۔ نوع دیگر کشتہ چاندی عجیب و غریب فوائد تو چاندی کے پہلے بیان ہو چکے ہیں فقط کشتہ کی

ترکیب درج کیجاتی ہے۔ ایک تولہ چاندی لیکر شیرہ گاجر میں سو مرتبہ بجھاویں پھر ہرن کھری بوٹی جو ہر موسم میں ملتی ہے ۵ تولہ کی نگدی بنا کر ۱۵ سیر اوپلہ کی آگ دیویں ایک آگ میں عمدہ کشتہ ہو جاویگا۔

نوع دیگر۔ کشتہ سیماب جسکو اکسیر کیمیا گر کہتے ہیں اور یہ بھی مشہور ہے کہ پارہ کا کشتہ نہیں ہوتا چند نسخہ کشتہ جات کے طب مجمع اسرار طلسمی جو شایع ہو چکی ہے اُس میں درج نہیں کوئی صاحب یہ تو تبلادے کہ فلاں کشتہ نہیں ہوا جس صاحب سے کشتہ نہ ہووے وہ میرے پاس تشریف لے آویں انشاء اللہ دیکھ لیویں کہ صحیح ہوتا ہے یا نہیں۔ اول سیماب ایک تولہ لیکر برگ کگرونده ۱۰ تولہ میں خوب کھرل کریں بعد مرچ سرخ ۱۰ تولہ میں آگ دیویں۔ اسی طرح کرنے سے تین مرتبہ خالص کشتہ ہو جاتا ہے۔

خوراک ایک برنج پیر کو جوان کر دیتا ہے۔ اور آتشک کی بیخ کنی کر دیتا ہے۔ جب اس کا استعمال کریں پہلے مسہل لیویں اور پرہیز سخت ہی سوائے دال نخود اور روغن زرد کے اور کچھ نہ کھاویں چند روز میں از سرے نو جوان کر دیتا ہے۔ نوع دیگر۔ کشتن ہڑتال طبقی واسطے تپ کہنہ و جذام کے از حد مفید ہے۔ زرنیخ ۵ تولہ کو لیکر بیخ گل عباسی ۲ تولہ میں رکھکر گل حکمت کریں۔ ایک من پختہ اوپلہ میں آگ دیویں۔ زرنیخ سفید ہو جاویگی خوراک نصف چاول ہمراہ ایک تولہ شہد کے سات روز تک کیسا تپ کہنہ ہو دور ہو جاتا ہے۔ اور مقوی دماغ بھی ہے۔ اور واسطے جذام کے مسکہ گاؤ ایک تولہ میں پندرہ روز کھلاویں مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ بوٹی سوورونتی جسکا پتہ مثل چنے کے ہوتا ہے۔ اور نیچے اُسکے چکناہٹ ہوتی ہے۔ اور شب کو مثل آگ کے روشن ہوتی ہے۔ اور

قریب الہ آباد کے مجھکو بھی دریا کے کنارہ پر دستیاب ہوئی تھی ہر ایک دھات کا کشتہ اُس میں رکھنے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔ یعنے اگر کوئی دھات ہو اسکے پتے رگڑ کر اس پر لگادیں اور آگ میں رکھدیں فوراً کشتہ ہو جاتا ہے۔ یہ بھی تجربہ کیا گیا ہے جس صاحب کو ضرورت ہو وہ اسی طرح جس کا کشتہ کرنا ہو کر لیوے مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ کشتہ مس دیگر ترکیب کا مجرب فواید تو پہلے بیان ہو چکے ہیں فقط کشتہ کر لو سب کی ایک تاثیر ہے۔ مس زرنیخ ہر یک ایک تولہ بوٹی لانا ۱۰ تولہ جسکو شتر کھاتے ہیں نگدی بناکر اس میں رکھکر ایک من آگ پختہ دیویں کشتہ زرنیخ سفید ہو جاویگا۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ گاؤ ایک تولہ +

نوع دیگر۔ کشتہ چاندی عجیب۔ چاندی ایک تولہ لیکر اسکو گائے کے پیشاب میں چالیس مرتبہ بجھاویں بعد نگدی بکھپرہ پھول سفید کی ۱۰ تولہ کرکے گل حکمت کرکے منہ بند کریں اور آتش ایک من پختہ کی دیویں۔ کشتہ پھول کر دو تولہ کے برابر ہو جاویگا۔ واسطے قوت باہ اور جریان منی کے حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ خوراک ایک چاول ہمراہ ایک تولہ مسکہ گاؤ کے سات روز تک کھاویں اسمیں خطرہ کسی قسم کا نہیں ہے چاندی سونا۔ رانگہ کے کھانے میں ہرج نہیں ہوتا ہے۔ سنکھیا وغیرہ کا استعمال بغیر رائے طبیب کے جائز نہیں ہے۔

نوع دیگر۔ کشتۂ ابرق واسطے تپ دق وسوزاک کہنہ کے ازبس مفید ہے ابرک سیاہ ۵ تولہ کو نگدی گکروندہ میں دو قرص بناکر درمیان میں ابرک رکھدیویں اور گل حکمت کرکے آگ ۱۰ اسیر اوپلہ کی دیویں۔ پانچ مرتبہ اسی طرح کرنے سے کشتہ برنگ سرخ ہو جاویگا۔ خوراک ایک رتی

ہمراہ سفوف طباشیر کیواسطے تپ دق کے پندرہ روز استعمال میں لاویں اور واسطے سوزاک کے ہمراہ کباب چینی ایک ماشہ کے روزمرہ کھلاویں سات روز میں سوزاک ہر قسم کا دور ہوجاویگا مجرب ہے نوع دیگر کشتہ چاندی مجرب۔ کنوار بوٹی ۲۲ تولہ۔ برگ مغیلاں ۱ تولہ برگ انار ترش ایک تولہ شیر انجیر ۶ ماشہ سب کو پیسکر درمیان چاندی رکھکر آگ دس سیر اوپلہ کی دیویں کشتہ شگفتہ ہوجاویگا۔ ترکیب فواید پہلے درج ہوچکی مجرب ہے

نوع دیگر کشتہ شنجرف شنجرف رومی ایک تولہ۔ برگ دھتورہ ۱۰ عدد سیاہ کی ٹکڑی بناکر شورہ قلمی ایک تولہ نیچے اوپر سکورہ گلی میں بند کرکے آگ ۵ سیر اوپلہ صحرائی کی دیویں فوراً کشتہ ہوجاویگا۔ فواید پہلے درج ہوچکے ہیں۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ گاؤ ایک تولہ کے مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ کشتہ سنکھیا دیگر ترکیب مجرب ہے۔ بیخ اراک جسکو پیلو کا درخت کہتے ہیں جسکی مسواک بازار میں فروخت ہوتی ہے ۵ تولہ کی ٹکڑی بناکر اسمیں سنکھیا سکورہ گلی میں رکھکر ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیویں کشتہ فوراً ہوجاویگا خوراک ایک چاول ہمراہ ایک تولہ مسکہ گاؤ اور تعریف پہلے بیان ہوچکی ہے واسطے ببر کے اور ضیق النفس کے اکسیر اعظم ہے موسم سرما میں اس کا استعمال کریں اور چالیس برس کی عمر سے گذر جاوے تو استعمال کرے مجرب ہے

نوع دیگر نسخہ اکسیر کشتہ سیماب وزرنیخ یہ اسرار اطبا کا نسخہ ہے عجیب خواص رکھتا ہے ایک مرتبہ تو مردہ کو زندہ کر دیتا ہے۔ واسطے قوت باہ مایوس کے سات روز واسطے وجع مفاصل کے تین روز اور واسطے آتشک کے دو روز اور واسطے ضیق النفس کے تین روز خوراک نصف چاول موسم سرما میں اگر پیر کھاوے تو بغیر عورت کے گذر نہیں کر سکتا یہ نسخہ میرے قبلہ ام

صاحب کو ایک جوگی سنیاسی نے نذر دیا تھا۔ زرنیخ سیماب۔ ہریک
ایک تولہ دونوں کو پیسکر آردماش ایک سیر میں گولیاں بناویں اور اکیس
حصہ کرکے ایک مرغ کو ایک ناتھ کو اکیس روز کھلاوے اور ایک جگہ محفوظ
میں مرغ کو بند رکھیں اور پیخال اس کی ہر روز اٹھالیویں بعد اکیس یوم کے
اس پیخال کو ایک سکورہ گلی میں گل حکمت کرکے آگ دس سیر اوپلہ کی
دیویں انشاء اللہ دونوں کا کشتہ ہو جاویگا۔ خوراک نصف چاول ہمراہ
ایک تولہ مسکہ گاؤ یا شہد خالص یا برگ پان میں رکھکر استعمال کریں
سات روز میں پیر صد سالہ انشاء اللہ جوان ہو جاویگا چودھری میاں خاں
نمبردار موضع فیروز جس کی عمر نود سالہ تھی۔ اس کی اولاد پہلی مرگئی اسکو
خیال آیا کہ اور شادی کروں تو شاید خدا میرے اولاد دیوے میرے پاس
آیا موسم سرما تھا میں نے اس کو سات روز اکسیر کا استعمال کرایا۔ خدا
نے اپنے فضل و کرم سے اس کی طاقت اصلی کر دی اسکو شادی کا فکر پیدا
ہوا اس نے شادی کرلی وہ جوانوں سے بھی بہتر ہے عجیب
دوا ہے مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ کشتہ قلعی عجیب وغریب فواید پہلے بیان ہو چکے ہیں۔ قلعی چھال
بیل گری۔ چھال پیپل۔ فلفل سرخ ہریک ایک تولہ سب کو ملاکر اول قلعی
کو صاف کرلیویں پھر ریزہ ریزہ کرکے سکورہ گلی میں ڈالکر سب کو
ملاکر۔ ۱ سیر اوپلہ کی آگ دیویں کشتہ عجیب ہو جاویگا۔ اس ترکیب سے
چاندی کا کشتہ بھی ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر کشتہ سنکھیا موسیا یہ اکسیر کے نام سے مشہور ہے یہ سب
نسخوں سے اعلیٰ وافضل ہے قوت باہ کیواسطے تو یہ حکم اکسیر کا رکھتا ہے

آتشک۔ جذام۔ درجع مفاصل ضیق النفس سبکو مفید ہے بہت مجرب ہے
سنکھیا سفید ۵ تولہ مغز جمال گوٹہ پاؤ بھر کو متقشر کر کے تین حصہ کر لیویں
ایک حصہ کی ٹکڈی کر کے اس میں سنکھیا رکھکر کڑچھی آھنی میں رکھ کر
اوپر اُسکے شیرہ تخم حنظل سبز کا ایک سیر ڈالتا جاوے جب وہ سوختہ
ہو جاوے پھر سنکھیا کو نکالکر دوسری ٹکڈی میں سنکھیا کو رکھیں اسی
طرح تین مرتبہ میں ۳ سیر شیرہ شحم حنظل کا سوختہ کریں جب سوختہ ہو جاویگا
تو سنکھیا مثل موم کے ہو جاویگا۔ واسطے آتشک کے اور دماغ کے بہت
مفید ہے۔ نوع دیگر کشتہ مرجان یعنی مونگہ واسطے ضعف معدہ وجگر کے
اور دماغ کے بہت مفید ہے۔ مرجان ایک تولہ یا جسقدر ضرورت ہو لیکر
گل سرخ ایک پاؤ تازہ میں سکورہ گلی میں منہ بند کر کے ۵ سیر اوپلہ کی
آگ دیویں کشتہ شگفتہ ہو جاویگا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ طباشیر ۳ ماشہ
کے یا ہمراہ مسکہ گاؤ ایک تولہ کے سات روز تک کھلادیں نہایت مفید
ہے اور یہ ضعف دل کو بھی بہت نفع کرتا ہے۔ اکثر سنگ رہنی کے امراض
کو بھی از حد مفید ثابت ہوا ہے تجرب ہے۔
نوع دیگر۔ کشتہ عقیق واسطے قوت باہ اور جریان منی اور ضعف معدہ و
نزلہ حار کے از حد مفید ثابت ہوا ہے۔ عقیق جسقدر ضرورت ہو بوٹی زخم
حیات ۵ تولہ میں رکھکر گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیویں کشتہ
ہو جاوے گا خوراک ایک سرخ ہمراہ مسکہ گاؤ ایک تولہ سات روز
استعمال کرادیں عجیب الاثر ہے۔
دیگر کشتہ عقیق مجرب۔ عقیق ۲ تولہ۔ برگ سبز درخت سرس ۵ تولہ۔
لیکر ٹکڈی بناکر سکورہ گلی میں منہ خام کر کے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیویں

کشتہ ہو جاویگا۔ نوع دیگر۔ کشتہ فولاد واسطے امراض معدہ وجگر وبہاؤ قوت باہ کے از حد مفید ہے۔ گل گلاب ۵ تولہ۔ چینی ا تولہ۔ دونوں کوکوٹ کر نگدی بناویں۔ فولاد ایک تولہ اصیل لیکر نگدی میں رکھکر۔ ایسیر اوپلہ کی آگ دیویں فولاد کشتہ ہوجاویگا۔ خوراک ایک رتی واسطے ضعف معدہ کے ہمراہ معجون فلاسفہ ا تولہ کے اور واسطے درد گردہ کے ہمراہ کیلہ کے اور واسطے قوت باہ کے ہمراہ شہد۔ ایک تولہ کے کھلاویں۔ مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ کشتہ فولاد عرق لیموں پاؤ بھر کاغذی برادہ فولاد ۲ تولہ دونوں کو ملاکر ایک پیالہ گلی میں رکھکر آگ پر سوختہ کریں دو تین مرتبہ ایسا کرنے سے فولاد کشتہ ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔ دیگر کشتہ فولاد۔ ا تولہ لیکر سرکہ جامن میں ڈالکر دھوپ میں رکھیں آٹھ روز میں خود بغیر آگ کے کشتہ ہو جاویگا۔ مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ کشتہ الماس یعنی ہیرا۔ جالوز کھٹمل کو ہیرے پر لیپ کرکے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیویں کشتہ ہو جاویگا۔ فوائد تو اسکے اکثر کیمیاگر اس سے چاندی بناتے ہیں یہ مادہ کو منجمد کر لیتا ہے۔ دھوکہ باز لوگوں کو دکھلانے کیواسطے یہ فعل کرتے ہیں شعبدہ عمدہ ہے باقی داخلی استعمال اس کا جائز نہیں رکھا ہے۔ شوقیہ درج کتاب کیا جاتا ہے تاکہ یہ بھی معلوم ہو جاوے کہ یہ الماس بھی کشتہ ہو جاتا ہے۔

نوع دیگر کشتہ زرنیخ طبقی۔ زرنیخ کو پہلے سات روز شیر مدار میں تر رکھیں بعد نگدی کنوار بوٹی ۵ تولہ میں گل حکمت کرکے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیویں سفید کشتہ ہو جاویگا۔ واسطے تپ دق کے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

نوع دیگر۔ کشتہ ہر ایک قسم کا پتھر نرم جسکو چاہو۔ فوراً اکر لو یہ عجیب دوا ہے شیر مدار۔ گودہ کنوار بوٹی۔ گھونگچی سفید۔ ہر یک ایک تولہ پیسکر جس پتھر پر

لگاکر آگ دو گے فوراً کشتہ ہوجاویگا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ کشتن زر طلا یعنے
سونا عجیب الاثر مقوی باہ اور ضعف قلب وجگر ومعدہ۔ پشت کو مفید ہے
ورق طلا کی جسقدر ضرورت ہو لیکر شیرہ ادرک میں کھرل کرو دو
روز بعد گل حکمت کرکے دس سیر اوپلہ کی آگ دیدو فوراً کشتہ ہوجاویگا
خوراک ایک چاول اسکو لوگ سو روپیہ تولہ تک فروخت کرتے ہیں۔ واسطے
قوت باہ کے عجیب دوا ہے ایک چاول ہمراہ شہد کے سات روز تک
کھانے سے پیر جوان ہوجاتا ہے۔ اور اشتہا بہت پیدا ہوتی ہے نسخہ
بھی ہمارے بزرگوں کے مطب کا سینہ بسینہ چلا آتا ہے بہت مجرب ہے

نوع دیگر۔ کشتہ چاندی پہلے چاندی کو شیرہ بسکھپرہ میں چہل مرتبہ بجھاویں
پھر اُس پر شیر انجیر جنگلی کا لگاکر برگ انار ترش ۵ تولہ میں ٹکڑی بناکر دس
سیر کی آگ دیویں کشتہ ہوجاویگا مجرب ہے۔ دیگر۔ کشتہ چاندی۔ برگ لٹوکری
جو دریا کے کنارے مثل برگ کشنیز کے ہوتی ہے اور جس جگہ لگائی جاوے
آبلہ ہوجاتا ہے ۵ تولہ اُسکے پتے لیکر ٹکڑی بناویں۔ اسمیں روپیہ یا قرص
چاندی رکھکر دس سیر اوپلہ کی آگ دیویں کشتہ ہوجاویگا۔ خواص ہمشل پہلے
کے ہیں مگر یہ کشتہ نہایت مقوی ہے۔ سب سے بہتر کشتہ ہے مجرب ہے

نوع دیگر۔ کشتن سونا عجیب ترکیب جو فوراً ہوجاتا ہے۔ برادہ سونے
کا کرکے کٹھالی میں گلاویں۔ جب سونا گل جاوے تو ایک شاخ درخت
بکائن کی لیکر اسمیں چلاویں چند منٹ میں سونا کشتہ ہوجاوے گا۔

نوع دیگر۔ کشتہ۔ طوطیا واسطے ضیق النفس کے مجرب ہے۔ طوطیا سبز
ایک تولہ۔ لیکر بیضہ مرغ میں بند کرکے گل حکمت کرکے ۵ سیر اوپلہ کی آگ
دیویں کشتہ ہوجاویگا خوراک ایک سرخ ہمراہ آب تازہ کے صبح کو کھلاویں

جس وقت قے شروع ہووے عرق پیاز ۲ تولہ اوپر سے پلا دیویں
اور غذا نان گندم و روغن زرد۔ دیگر ہر چیز کا پرہیز ہے مجرب دوا ہے
نوع دیگر۔ کشتہ سونا واسطے قوت باہ کے بینظیر ہے۔ برادہ سونا ایک
تولہ۔ اور ایک بوتل میں برگ کنیر سفید خشک نیم آثار سے بھر دیویں اور
بوتل کو گل حکمت کرکے ریگ میں بند کرکے لکڑی ببول کی چار پہر آگ
دیویں کشتہ سونا ہو جاویگا۔ خوراک نصف برنج موسم سرما میں بہت مجرب ہے
نوع دیگر۔ کشتہ نقرہ از مجربات۔ گھونگچی سفید۔ شیر مدار ہر یک ایک تولہ
کھرل کرکے اوپر چاندی کے ضماد کریں جب خشک ہو جاوے۔ چھال
درخت پیپل ۱۰ تولہ میں رکھکر گل حکمت کرکے بیس سیر اوپلہ کی آگ
دیویں کشتہ ہو جاوے گا۔
نوع دیگر۔ کشتہ مس رتنا نبا ایک تولہ۔ نیلہ تھوتھا۔ رال ہر یک ایک ماشہ
گھسکر اوپر اوس کے ضماد کریں بعد خشک ہونیکے زرنیخ ۲ ماشہ کا لیپ
کرکے خشک کریں ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیویں کشتہ برنج سفید ہو جاویگا
مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ شنجرف کا کشتہ مقوی باہ کے لئے مفید ہے۔ شنگرف ۲ تولہ۔
ایک روز دودھ آک میں تر کرکے خاکستر مرغ سرخ ایک ہانڈی میں ڈالکر
نیچے اوپر کر دیویں اور چولھے پر رکھکر چار پہر آگ دیویں کشتہ برنگ سفید
ہو جاویگا۔ خوراک ایک چاول مسکہ گاؤ ایک تولہ میں کھاویں باہ از
حد پیدا ہوگی مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ کشتہ سنکھیا۔ پیاز سفید ایک گھرا اسمیں ایک تولہ سنکھیا رکھ دیویں
اور شورہ قلمی سے اسکا منہ بند کر دیویں اور پیاز کو ایک شلغم کلان کو خالی

کرکے اس میں رکھدیویں شلغم کو گل حکمت کرکے دس سیر اوپلہ کی آگ دیویں کشتہ ہوجاویگا۔ خوراک نصف چاول ورسکہ گاؤ ایک تولہ۔ **نوع دیگر**۔ ترکیب نکالنے کشتہ خام کی اگر کوئی شخص بسبب کھانے کشتہ خام کے بیمار ہو جاوے اور اکثر کشتہ اچھے برے کی تو کیسکو شناخت نہیں ہوتی اور نہ یہ معلوم کرتے ہیں۔ کہ یہ خام ہے یا پختہ کھانے کی جرأت کرتے ہیں اخیر نتیجہ اچھا نہیں ہوتا۔ یا تو وجع المفاصل میں مبتلا ہو کر تمام عمر کیواسطے بیکار ہو جاتے ہیں اول کشتہ کا امتحان کرو۔ یعنے خام ہوگا۔ تو آگ پر دھواں دیگا یہ ضروری بات ہے۔ اگر کشتہ عمدہ ہو جاوے۔ تو چالیس برس کی عمر سے پہلے جائز نہیں ہے چاہے وہ اکسیر ہو اور چالیس روز کے بعد کشتہ تیار کرنے کے استعمال کرنا چاہیئے۔ جسوقت معلوم ہو جاوے کہ کشتہ خام کھایا گیا ہے۔ تو اس طلسم کو چند روز استعمال کرو فوراً اثر کشتہ خام کا جاتا رہیگا۔ بلکہ پیشاب کے ساتھ خارج ہو کر نکلے گا۔ جس کو دیکھنا منظور ہو تو وہ پیشاب کو پیالہ میں رکھکر دیکھ سکتا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ نوشادر ایک ماشہ، بیخ ترب ۱۰ ماشہ، بیخ چولائی ایک تولہ خاردار برگ سرپھوکہ ایک تولہ سب کو پانی میں شیرہ نکال کر سات روز بیمار کو پلاویں۔ انشاءاللہ کشتہ خام ہر قسم کا بدن میں سے بذریعہ پیشاب کے خارج ہو جاویگا مجرب ہے ۔

فصل بیسویں طلسم انت دوبانچو کے بیان میں معہ خواص چند بوٹی ہائے

ترکیب عجیب توڑنے زنجیر آہنی میں۔ نوشادر، پیکانی، زنگار ہر یک ۳ ماشہ سیماب ۲ ماشہ سب کو ایک تولہ سرکہ میں حل کرکے زنجیر پر لگادو بعد دس

منٹ کے زنجیر پارہ پارہ ہو جاویگی یہ نسخہ رام مورتی بھی استعمال کرتا تھا جو خلقت کی نگاہ میں وہ اوتار مشہور ہو گیا تھا۔

نوع دیگر۔ کندہ کرنا اوپر آہن کے نیلہ تھوتھا۔ نوشادر ہر یک ۳ ماشہ ایک تولہ سرکہ ملاکر اوپر چاقو یا چھری یا تلوار پر قلم سے جو کچھ تحریر کروگے فوراً کندہ ہو جاویگا مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ یہ بھی طلسم کندہ کرنے کا ہے پہلے موم کو گرم کرکے چاقو یا تلوار پر لگادو یا اُس سے تحریر کرو اوپر سے دار چلکنا۔ نیلہ تھوتھا۔ نوشادر ہر یک ۱ ماشہ رسرکہ ۶ ماشہ میں حل کرکے باقی پر ضماد کردو جو کچھ تحریر کروگے وہ ہمیشہ رہے گا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ کندہ کرنا پتھر پر۔ اول موم کو گرم کرکے اس سے پتھر پر لکھو۔ اوپر سے پھٹکڑی۔ نوشادر ہر یک ۶ ماشہ سرکہ ۲ تولہ میں حل کرکے اوپر لگا کر دھوپ میں رکھدو۔ فوراً کندہ ہو جاویگا۔ مجرب ہے دیگر۔ کندہ کرنا عقیق پر۔ اول سیاہی سے اوپر نگینہ عقیق پر تحریر کرو۔ اُوپر اُسکے تیزاب۔ شورہ قلمی اوپر حرفوں کے ڈالکر نزدیک آگ کے رکھو فوراً کندہ ہو جاویگا۔ دیگر۔ کندہ کرنا لکڑی پر۔ اول رال کو باریک پیسکر چوب پر لگادو اور سیاہی سے لکھو اور خشک کردو۔ اور تیزاب گندک سیاہی پر ڈال دو فوراً کندہ ہو جاویگا مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ شناختن زن بکر۔ پوست انزج خشک کرکے ہولاس دیویں اگر چھینک آوے تو بکر ہے۔ اگر چھینک نہ آوے تو بکر نہیں ہے عجیب طلسم ہے

نوع دیگر۔ سخت کردن پستان عورت اکثر بسبب کثرت اولاد کے پستان عورت کے نرم ہو جاتے ہیں اسکے استعمال سے سخت ہو جاوینگے مجرب ہے پوست انار تلخ ایک تولہ پوست ترنج دو تولہ کو تیل کڑوے میں جوش دیویں

صاف کرکے پستانوں پر مالش کریں دو چار یوم میں بشل اول ہو جاوینگے۔
دیگر۔ ضماد ممسک مجرب قبلہ امام صاحب۔ اسگند ناگوری ایک تولہ۔ بیخ کنیر سفید ایک تولہ۔ گدھے کے پیشاب میں گھسکر ضماد کریں۔ جب تک ترشی نہ کھاویں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ طلسم امساک عجوبہ۔ جب وقت سگ جفتی کھاوے اور بستہ ہو جاوے۔ اسکی دم کو کاٹ لیویں اور زمین میں دفن کریں۔ چالیس روز کے بعد نکالیں سب استخوان اس کی کمر میں باندھیں۔ جب تک کمر میں استخوان ہونگی امساک ہوگا۔ یہ طلسم بھی عجوبہ ہے اور مجرب ہے۔
نوع دیگر۔ طلسم استسقار زقی۔ مینڈک کلان جو چاہ میں ہوتا ہے لیکر اسکا شکم صاف کرکے کیمیا کریں۔ اور آرد گندم میں ملاکر روٹی پکاویں اور مریض کو کھلاویں اور بجائے پانی کے آب پوست کچنار لیکر جوش کرکے پلاویں بعد سہ روز کے شکم میں پانی کی آواز پیدا ہوگی۔ بیمار اچھا ہو جاویگا۔ اگر آواز نہ پیدا ہو تو مریض اچھا نہ ہوگا۔ بہت ہی مجرب ہے۔
دیگر۔ طلسم عجوبہ واسطے محبت کے جادو کا اثر رکھتا ہے۔ ایک مرتبہ ضماد کرکے ہم صحبت ہونے میں تمام عمر ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتا۔ مجرب ہے۔ لاون رومی۔ برگ تنبول۔ کباب۔ مُر۔ زعفران۔ قرنفل۔ قفر الیہود ہر یک ایک تولہ۔ عرق بید مشک میں جوشدیکر روغن پان میں جوشدیویں بعد عنبر۔ مشک ہر یک ایک ماشہ۔ پتہ مرغ ۳ عدد حل کرکے شیشی میں رکھ چھوڑیں۔ بجائے روغن پان روغن زنبق بجائے فقرا کے عنبر ملاکر استعمال کریں مجرب ہے۔ نوع دیگر۔ امساک عجوبہ۔ حنظل سبز ایک تولہ

روغن زنبق ۴ تولہ دونوں کو حل کرکے شب کو کف پا پر ملیں جب تک پا او تاد
ہوویگا امساک نہ ہوگا۔ مجرب ہے۔ دیگر طلسم ممسک۔ افیون ۳ ماشہ شیرہ برگ
کینبر سفید ۴ تولہ میں حل کریں۔ بعدہ گولیاں برابر مونگ کے بناویں جب تک
ترشی نہ کھاویگا امساک نہ ہوگا۔ دیگر طلسم ممسک سپاری خالی کرکے ۳ عدد
نیش عقرب اُنمیں ڈالکر موم سے بند کریں اور اوپر بازو کے باندھیں جب
تک اسکو نہ کھولیگا امساک ہوگا۔ دیگر طلسم امساک بیج کنوار بوٹی کو پیسکر اوپر
کف دست کے مالش کریں جب تک اُس کو نہ دھوئے گا امساک ہوگا۔
دیگر طلسم ممسک عجوبہ جب تک ترشی نہ کھاویگا امساک ہوگا۔ جوز بوا۔ بسباسہ
افیون۔ مازو۔ اسپند۔ مصطگی رومی۔ زعفران۔ ناگیسر۔ موچرس۔ تج۔ گوگل۔
سپاری دکنی۔ دانہ الائچی سفید۔ طباشیر۔ اجوائن خراسانی سبکو لعاب اسبغول میں
حل کرکے گولیاں برابر نخود کے بناویں ایک گولی قبل از ایک گھنٹہ کھاوے
جب تک ترشی نہ کھاوے امساک ہوگا مجرب ہے۔ دیگر۔ طلسم ممسک۔
افیون۔ گوند دھاوا۔ دانہ الائچی سفید۔ گانجہ۔ بیربہوٹی۔ قرنفل۔ مغز بادام
ہریک ایک ماشہ سب کو پیسکر گولیاں برابر نخود کے بناویں ایک گولی قبل از
ایک گھنٹہ کھاویں جب تک سرد پانی نہ پیویں امساک ہوگا مجرب ہے۔
دیگر۔ روغن ممسک جب تک ترشی نہ کھاویں امساک ہوگا۔ گل جوز ماثل۔ ۱ تولہ
روغن کنجد ۵ تولہ کھرل کرکے پتال جنتر میں روغن نکالیں بازیر آفتاب ایک
ہفتہ رکھیں بعد ازاں وقت ضرورت کے اوپر کف پا کے مالش کریں جب تک
ترشی نہ کھاویں امساک ہوگا۔ دیگر۔ مگس پر بریدہ ۷ عدد۔ کتھ سفید۔ کافور
افیون ہریک ایک ماشہ سب کو پیسکر اوپر عضو خاص کے مالش کریں جب
تک نمک کھاویں خلاصی مشکل ہے۔ مجرب ہے ✦

نوع دیگر۔ علامت نیک و بد معلوم کرنا تپ میں۔ اگر تپ کی حالت میں خناق ہو جاوے تو دلیل موت کی ہے۔ اگر حالت تپ میں گردن ٹیڑھی ہو جاوے بمشکل سیدھی ہو دلیل موت کی ہے۔ اگر ظاہر سرد اندرون آتش تپ کی معلوم ہووے تو بمشکل بیمار بچے گا احتراز لازم ہے۔ ایسی حالت میں علاج نکرے اور اگر ہمیشہ تپ میں بحران جید اور ناقص کا خیال ضروری ہے۔ جب بیمار تپ کا علاج شروع کریں تو اُس سے دن دریافت کرلیویں۔ فی زمانہ کے طبیب اس امر کا خیال نہیں کرتے اور بیمار ہلاک ہو جاتا ہے یہ ضروری امر ہے۔

فصل چوبیسویں خواص چوب چینی کے بیان میں

چوب چینی دوائی۔ جلیل القدر کثیر الاثر ہے۔ بیچ کتب قدیم یونانیوں کی بیان نہیں ہوتی۔ لیکن اطبائے ہند کی کتابوں میں اکثر دیکھا گیا ۹۴۰ ہجری میں اُس کا استعمال شروع ہوا۔ ظہور ابتدائے اسکا اہل فرنگ سے ہے۔ اور اکثر رسالہ جات اسکی تعریف میں لکھے ہیں۔ افعال وخواص چوب چینی۔ ملطف اور مفتح سدوا اور محلل اور مرقق اور معرق اور مصفی خون اور ارواح اور منوم اور سریع النفوذ اعضا ہیں۔ اور اقصی بدن ہیں اور عروق ضعیفہ شعریہ ہیں اور مدر کرنیوالی حرارت عزیزی کے اور مقوی اعضائے رئیسہ اور معدہ اور باہ کے اور مدر بول اور حیض اور مخفف رطوبات غریبی کی باعیار قوت قابضہ کے اور واسطے فالج اور رعشہ اور تشنج امتلاء اور صداع مزمن سودائے اور تنقیہ اور مواد نزلہ مزمن کے اور اخلاط ذہن اور سبات اور اقسام جنون کے اور مالیخولیا اور مانیا اور قطرب اور امراض سوداوی اور دموی اور محرق کے مانند جذام اور آتشک اور سب قروح خبیثہ اور ساعیہ اور خشش اور داد اور جرب اور حکہ اور اکلہ اور قروح

گردہ اور مثانہ اور امراض مقعد اور بواسیر اور نواصیر اور اسہال بواسیری اور سلسل البول اور امراض رحم اور عقر کے نکلنے والے حصہ اور جدری کے واسطے سور القنیہ اور استسقاء لحمی اور یرقان اسود اور سل اور گورنجرہ سخت اور اورام سوداوی سخت متحجر اور حمیات سوداوی پرانے اور دق شیخوخت اور حمی ربع اور سرطان اور بہق اسود اور برص اسود اور کلف اور اوجاع مفاصل اور ورو سیرین عرق النسأ اور نقرس اور دار ثعلب اور دار الحیہ اور دار الفیل کے واسطے ترک کرتے عادت افیوں اور دفع کرنے سمیت اخلاط فاسدہ محرق کے نافع ہے اور باہ مایوسوں کو اور اعادہ کرتی ہے اور رنگ بشرے کو تازہ اور سرخ اور صاف رونق دار کرتی ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے ساتھ شرطوں کے یا بطور عرق خیساندے کے یا سفوف شربت یا حلوائے یا حریرہ یا مربہ یا روغن یا مرہم یا معجون سوائے انکے یا اکیلے یا ساتھ ادویہ مفیدہ اور متناسبہ اور مخصوصہ ہر بیماری کے اکثر امراض مزمنہ سوداوی اور دموی محرقہ کو مفید ہے اور مجرب ہے اور امراض بلغمی کو تازی اسقدر مفید نہیں ہے اور نیچ تصفیہ خون اور تمام اخلاط کو جدا کرنے ہر یک اخلاط سے اس سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے۔ استعمال چوب چینی کا کتب قدیم میں ہزارہا طریق سے لکھا ہے مگر استعمال اسکا بہت دشوار ہے۔ بغیر مشورہ طبیب حاذق کے اس کا استعمال کرنا بجائے فایدہ کے نقصان اٹھانا ہے۔ اس کی پرہیز بہت سخت ہے ہر ایک سے ہونا مشکل ہے۔ یہ علاج اکثر بادشاہوں کے واسطے جائز رکھا ہے۔ میری رائے میں تو اس کے کھلانے کی جرأت نہ کریں۔ اگر کسیکو استعمال کرانا منظور ہو تو اپنی موجودگی میں شروع کرادے۔ اور موسم کا سخت لحاظ

ہے بغیر موسم بہار کے اور موسم میں کرنا منع ہے۔ اور جسوقت شروع کراویں۔ آٹھ روز پیشتر پانی پینے کی عادت ترک کراویں۔ اور عرق وغیرہ پر قناعت کرے۔ یعنے عرق گاؤ زبان۔ بید مشک۔ بادیاں وغیرہ وغیرہ جب بیمار عادی ہو جاوے۔ تو پھر بجائے عرق کے پانی چوب چینی کے کے سوائے اور کچھ نہ دیویں۔ اور کھانے میں غسل میں پہننے میں غرض ہر ہر کام میں پانی چوب چینی کا کام میں لاوے۔ اور غذا مرغ گوشت کے سوائے سب میوہ جات و بقولات البنیات سب کا پرہیز سخت ہے سوائے گوشت روٹی کے اور کچھ نہ کھاوے۔ اور اگر طبیب حاذق چالیس روز کی مدت تک اس کا استعمال کراوے تو اتنی روز بعد چھوڑنے چوب چینی کے وہ ہی پرہیز جو شروع چوب چینی میں کیا گیا تھا۔ رکھے اور جماع اور غسل اور اشیائے سرد اور پانی سرد اور ہوا سردے سخت پرہیز ہے۔ اور غم وحزن سے بھی پرہیز لازم ہے۔ جب شروع کریں۔ کسی بات کا فکر نہ آنے دیویں اور خوشی خوشی طبیب کی رائے کے موافق عمل کریں مختصر لکھا گیا ہے۔ ورنہ اگر تمام کیفیت۔ اس کی درج ہوتی۔ تو طول بہت ہوتا تھا۔ آخر فیصلہ یہہ ہے کہ مفرد دوا دنیا میں کوئی اس سے بہتر خدا نے پیدا نہیں کی ہے ÷ حکیم فضل حسین بقلم خود۔

یہ کتاب اور نیز ہر قسم کی کتابیں ہماری دوکان سے بارعایت مل سکتی ہیں ÷

ملنے کا پتہ:۔ ملک غلام محمد تاجر کتب بازار کشمیری لاہور

مکمل تذکرۃ الواعظین

مصنفہ علامہ مولینا مولوی محمد جعفر القریشی الحنفی المذہب بزبان عربی مقبول ہر ذی علم ہے اس کا بالمقابل ترجمہ سلیس اردو زبان میں نہایت محنت اور بصرف زرکثیر کرا کر طبع کرایا ہے۔ کتاب کیا ہے۔ دریائے وحدت میں پیرا کرا کر خدا کا محبوب بنا دیتی ہے۔ قیمت اصلی عہ رعایتی ایک روپیہ چار آنہ عہ

مکمل قرۃ الواعظین اردو ترجمہ درۃ الناصحین

اصل کتاب عربی نصف صفحہ میں ہے۔ اور نصف صفحہ میں اس کا اردو ترجمہ با محاورہ سلیس و عام فہم ہے۔ وعظ و پند کے سلسلے میں اکثر کتابیں دیکھی گئی ہیں مگر یہ کتاب اپنی طرز میں بالکل نئی ہے۔ مولف نے قرآن مجید کی بیشتر آیات کی تفسیر علے الترتیب نہایت خوبی اور متانت کیساتھ معتبر اور متداول تفاسیر سے کی ہے۔ پھر ہر آیت کے متعلق نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث اور صحابہ کرام کے دل آویز اقوال۔ مذہبی مقتداؤں کی حکیمانہ نصایح اس کثرت سے ذکر کی ہیں۔ کہ صرف ایک آیت کے متعلق اگر وعظ کہنا ہو تو کئی گھنٹوں میں فارغ ہوں۔ علاوہ اس کے ہر آیت کے متعلق وہ دل چسپ اور موثر لطائف نقل کئے گئے ہیں کہ جن سے سننے والے فورًا متاثر ہوں۔ اصل عربی کتاب درۃ الناصحین کے شائق اور اسکے ترجمہ کے طالب ہر دو کی خواہش پوری ہوئی چھاپہ صاف کاغذ اعلےٰ قیمت ایک روپیہ چار آنے عہ

مکمل گنجینہ عملیات طلسمی اردو

وہ طالبان علم نجوم اور وہ علم حب کے متلاشی جو خیال معشوق میں فراق کی راتوں میں لمحہ بھر ایک پہلو نہیں سوتے اور جو علم حب کو ہما کی طرح عنقا سمجھ بیٹھے ہیں۔ وہ مشتاقان فن شعبدہ و طلسمات و شایقان علم عملیات جو طلب عام میں بادیہ پیمائی کرتے کرتے نا امید ہو کر رہ گئے ہیں۔ آئیں۔ اور اس کتاب پر اسرار حل المشکلات کو ملاحظہ فرمائیں یہ وہ گنجینہ عملیات ہے جس سے ہر عقدہ کشائی ہوتی ہے۔ زمانہ ماضی حال اور مستقبل کے حالات معلوم کرنا۔ مفقود الخبر کی خبر پانا۔ بروج و سیارگان کا ایک ایک منٹ کا سعد و نحس اجرام معلوم کرنا۔ جنات و موکلات کو مسخر کرنا۔ عالم ارواح کی سیر بزرگان دین سے شرف زیارت حاصل کرنا۔ دین اور دنیا دونوں کی نعمتیں حاصل ہیں۔ گویا دریائے رموز کو کوزہ میں بہایا ہے۔ یہ وہ کتاب نایاب عملیات سفلی جلالی و جمالی و شعبدات عجیبہ و غریبہ کا خزانہ ہے۔ جس سے کشتگان ناوک مژگان دلبر اور زخم خوردگان تیر نگاہ چشم کا فرچشم زدن میں بہرہ مند ہو سکتے ہیں۔ یہ کتاب معجز نمار عاشقوں کی جان ہے۔ اگر اسکو محبوب الطالبین اور سکینۃ العاشقین کہا جاوے تو بجا ہے۔

یہ وہ مخزن طلسم بیاض سامری ہے کہ جس میں مولف نے اپنے آبا و اجداد کے سینہ بسینہ کے مخفی رازوں کو منکشف کر دیا ہے۔ صرف ملاحظہ شرط ہے۔ بدیں اوصاف قیمت اس نسخہ نادرہ کی لاکھوں روپیہ بھی کم ہے۔ لیکن ہم نے رفاہ عام اور خاطر احباب عزیز جان کر صرف بارہ آنے قیمت ۱۲ر رکھی ہے۔

ملنے کا پتہ:۔

ملک غلام محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

مکمل گنجینہ طب حصہ اوّل و دوم

گنجینۂ طب حصہ اوّل و دوم کے خریداروں کے بہت اصرار سے دوسرا حصہ بھی باتصویر چھاپ کر تیار کیا گیا ہے۔ پھل پھول جڑی بوٹیوں کی تمام تصویریں اور نقشے اُن کے خواص شناخت اور طریقہ استعمال وغیرہ درج ہیں واقعی قابل دید کتاب ہے۔ قیمت صرف ۱۲ ار

مکمل گنجینہ طب جلد اوّل

اس کتاب کی تالیف سے مؤلف نے علم طب میں ایک کتاب تو جہ رسالہ تیار کیا ہے۔ کیونکہ اس کے نسخے نہایت مؤثر مستند اور سہل الحصول ہیں مجرب ایسے کہ کوڑیوں کی دوا لاکھوں کا کام کر جائے۔ غریب سے غریب آدمی بھی اس کے ٹوٹکوں اور نسخوں سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ جو حصہ قرابادین کا اس میں شامل ہے۔ اس میں ہر قسم کی معجون، شربت، اطریفل، مربہ چٹنی۔ رب حبوب وغیرہ وغیرہ اشیاء کے بنانے کی تراکیب درج ہیں تاکہ عطاران کی خوشامد بھی نہ کرنی پڑے تو ہر قسم کے ضروری دوا عرق شربت سب اپنے ہاتھ سے بوجہ احسن گھر میں بنایا جاوے۔ دھوکہ باز عطاروں کی ایک ہی بوتل میں سے ہر قسم کے عرق و شربت جو نکلتے چلے آتے ہیں جس کے باعث دوا اپنا اثر نہیں کیا کرتی اور اکثر مریض یونانی دواؤں سے بدظن ہو جایا کرتے ہیں وہ سب تکالیف اس کتاب کے مطالعہ سے دور ہو سکتی ہیں۔ دواؤں کے خواص معلوم کرنے کی خاطر ایک حصہ مخزن المفردات لکھا ہے تاکہ مخزن کے خریدنے کی ضرورت نہ رہے۔ نیز کل دھاتوں کے کشتہ کرنے اور جواہرات اڑانے کے حالات قلمبند کرنے کے بعد بعض دواؤں کے عجیب خواص بڑی محنت سے چن چن کر فراہم کئے ہیں۔ اخیر کتاب پودوں اور جنگل کی جڑی بوٹیوں کے مفصل اور عجیب عجیب حالات وضاحت سے لکھے ہیں۔ جس نے کتاب کے حسن دوبالا کر دیا ہے۔ الغرض یہ کتاب جو منشی غلام نبی صاحب ملازم سفری ڈاکخانہ لاہور کی محنت کا نتیجہ ہے اس قابل ہے۔ کہ یہ کتاب خرید کر ہر ایک گھر میں رکھی جاوے اس کتاب کے مطالعہ سے کم اردو دان اصحاب بھی پورے طبیب کا کام لے سکتے ہیں۔ قیمت صرف ایک روپیہ رکھی ہے۔ عہ ر

دافع الاعراض مع مکمل شفاء الامراض

یہ علم طب کی جامع کتاب علمی و عملی ہر دو پہلوؤں کو لئے ہوئے ہے۔ جس میں سر سے پاؤں تک کل چھوٹی بڑی امراض کا مفصل حال لکھا ہے۔ مرض کی پہچان سبب امراض اور علاج اس خوبی سے بیان کیا ہے۔ کہ ہر ایک شخص اس کتاب کے ذریعہ ہر ایک مرض کا پورا پورا علاج خود اپنے ہاتھ سے کر سکتا ہے۔ نسخے نہایت مجرب اور معتبر درج ہیں جسم انسان کے اندرونی حالات کو بذریعہ تصاویر بیان کیا ہے باوجود اسقدر اوصاف کے قیمت صرف ایک روپیہ عہ

رسالہ کشتہ جات ظہیری

یہ کتاب بھی حضرت ظہیر العلماء کے مجربات میں سے ہے جسمیں فاضل مصنف کے تمام چیزوں کے مثل سونا چاندی تانبہ جست۔ رانگ۔ فولاد وغیرہ کے کشتہ جات کرنے کی ترکیبیں اور انکے استعمال کے طریقے جو ہر شخص بنا سکتا ہے۔ لکھتے ہیں قابل دید ہے۔ قیمت ار

المشتہر ملک غلام محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

کتبخانہ وقف منصفیہ میرٹھ